۷۸۶

یہ کتاب لقمان الملک استاد الاطبا حکیم سائیں بخش صاحب فیروزپوری،
مصنف طبِ آزمائشی و تشریح الطب کی وہ بیاض خاص ہے
جس کا ایک ایک نسخہ حاصل کرنے کے لئے طبیب سینکڑوں
روپے پیش کیا کرتے تھے

بیاض سائیں بخش

حصّہ دوم

مؤلّفہ

حکیم و ڈاکٹر غلام سرور خاں بھٹی سند و سنہری تمغہ یافتہ
طبیہ کالج دہلی و سابق معالج حکیم اجمل ہسپتال دہلی۔ منٹگمری۔

ملنے کا پتہ

مینیجر مشہور دہلی دواخانہ (رجسٹرڈ) صدر بازار منٹگمری

تعداد ۱۰۰۰

کشتہ عقیق

عقیق عمدہ ۵ تولہ لیکر کوئلوں کی آگ پر گرم کرکے عرق گلاب میں بجھا دیں یہانتک کہ وہ سفید و نرم ہو جائے پھر اس کو ایک کوزہ گلی میں پاؤ بھر مغز کنول گڈ نیچے اوپر دیکر گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر عقیق کو باریک پیس کر روح کیوڑہ میں خوب کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں اور پاؤ بھر پختہ گڑہل کا نقدہ نیچے اوپر دیکر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر یہ ٹکیہ نکال کر روح کیوڑہ میں کھرل کرکے ایک پاؤ گاؤزبان نیچے اوپر دیکر آگ دیں۔ نہایت عمدہ ملائم کشتہ تیار ہوگا

فوائد و ترکیب استعمال:۔ جریان۔ احتلام سرعت کیلئے مفید ہے۔ دل دماغ کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے۔ خفقان و ضعف قلب کے لئے مخصوص ہے۔

ا رتی سے ۲ رتی تک کسی مربہ (۱ تولہ) یا خمیرہ گاؤزبان (۱ تولہ) میں ملاکر صبح و شام کھلادیں۔

کشتہ عقیق

عقیق عمدہ ۵ تولہ لیکر حسب دستور کوئلوں کی آگ پر گرم کرکے عرق گلاب میں بجھا دیں پھر کیکر کے پتے۔ مہندی کے پتے۔ مغز کنول گٹا۔ بکھن کو پیس کر نقدہ (بیس دفعہ) بنا دیں۔ اور کوزہ گلی میں عقیق کے نیچے اوپر یہ نقدہ دیکر گل حکمت کرکے دس پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر عقیق نکال کر دو روز روح کیوڑہ میں کھرل کرکے ٹکیہ بناکر گاؤزبان پاؤ پختہ کا نقدہ نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں گلحکمت

کر کے آگ دیں پھر عقیق نکال کر روح کیوڑہ میں کھرل کر کے بغیر کسی نقدہ
کے آگ دیں۔ نہایت عمدہ سفید و ملائم کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ مغلظ منی ہے۔
ا رتی سے ۲ رتی تک کسی مربہ یا خمیرہ گاؤزباں میں ملا کر دیں۔ جریان احتلام
کے سفوفوں و معجونوں میں یہی کشتہ استعمال کریں۔

نوٹ:۔ اسی حساب سے آپ سیروں کشتہ تیار کر سکتے ہیں۔

کشتہ عقیق

عقیق ۵ تولہ لیکر حسب دستور گرم کر کے عرق گلاب میں ۲۵ دفعہ بجھا دیں
پھر گل نیلوفر تازہ ۱۰ تولہ۔ گلو سبز ۱۰ تولہ کا نقدہ بنا کر کوزہ گلی میں
نیچے اوپر نقدہ دیکر گل حکمت کریں اور پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر
عقیق نکال کر شیر گاؤ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ
دیں۔ پھر دودھ میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ نہایت اعلٰے
کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ تپ دق و سل کے نسخوں میں اگر کشتہ عقیق
ملانا ہو تو اسی ترکیب سے تیار کر کے ملا دیں۔ نہایت مفید چیز ہے۔
۲ رتی شربت بزور کے ساتھ پرانے تپ میں اور شربت اعجاز کے
ہمراہ دق سل میں استعمال کریں صبح و شام۔

کشتہ عقیق

عقیق کا کشتہ مذکور ترکیب سے۔ کھٹکل لونی۔ زخم حیات بوٹی

ریٹھوں مغز بادام مغز پستہ۔ بیخ سہانجنہ وغیرہ میں بھی ہو سکتا ہے۔ مگر
لقمان الحکماء حکیم سائیں بخش صاحب اپنی بیاض میں لکھتے ہیں۔ کہ عقیق
دل و دماغ کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس لئے اس کو ایسی ترکیب سے
تیار کرنا چاہیئے۔ جو ان اعضاء کے لئے مفید ہو اور خواہ مخواہ سہانجنہ
میں تیار کر کے پتھری میں استعمال کرنا فضول اور لغو ہے جبکہ ہمارے
پاس حجر الیہود جیسی بہترین چیز موجود ہے۔ جو ریگ و پتھری کو توڑ کر
نکال دیتی ہے۔

مرکب امراض میں مختلف کشتے طبیب اپنی مرضی سے ملا کر دے سکتے
ہیں۔

کشتہ مرجان

مرجان ۵ تولہ لے کر ایک کوزہ گلی میں پاؤ بھر مکھن نیچے اوپر ڈال کر
گلحکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر مرجان نکال کر عرق گلاب
میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں اور ریستاور کا نقدہ پاؤ بھر مکھن
نیچے اوپر ڈال کر گلحکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر مرجان نکال کر
کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں اور ریستاور کا نقدہ پاؤ بھر نیچے
اوپر دے کر آگ دیں۔ نہائت عمدہ ملائم کشتہ تیار ہو جائے گا۔
اگر اچھی طرح سفید نہ ہو تو پھر عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ویسے
ہی آگ دیدیں۔

فوائد و ترکیب استعمال دماغ کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے
ایک رتی روزانہ خمیرہ بادام (ایک تولہ) یا خمیرہ گاؤزبان عنبری (۷ ماشہ) میں
ملا کر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

اگر کسی مقوی دماغ نسخہ میں کشتہ مرجان کی ضرورت لاحق ہو تو یہی کشتہ مرجان ملا دیں۔

کشتہ مرجان

مرجان ۵ تولہ لے کر آکھ کے دودھ میں پیس کر ٹکیہ بنا دیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر مرجان نکال کر آکھ کے دودھ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر دوبارہ آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد۔ دمہ۔ بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔ ایک رتی صبح و شام کسی معجون دمہ۔ شربت دمہ۔ یا لعوق یا خمیرہ جو دمہ کے لئے مفید ہوں میں ملا کر کھلا دیں۔

کشتہ مرجان

مرجان ۵ تولہ لے کر ایک لوہے کی کڑھچی میں گرم کرکے دودھ گاؤ میں پانچ دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر کوزہ گلی میں برگ باسنہ دس تولہ کا نقدہ نیچے اوپر دے کر دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر مرجان نکال کر دودھ گاؤ میں پیس کر ٹکیہ بنا کر برگ باسنہ نیچے اوپر دے کر آگ دیں، اگر بلائم ہو جائے۔ تو بہتر ورنہ پھر دودھ گاؤ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ویسے ہی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال سل دق۔ کھانسی کے لئے مفید ہے۔ ۱ رتی سے ۲ رتی تک شربت اعجاز (۳ تولہ) کے ساتھ

صبح و شام دیں یا جب آپ کوئی لعوق شربت یا عرق دق کے لئے استعمال کر رہے ہوں تو یہ کشتہ ضرور استعمال کریں۔

کشتہ مرجان

مرجان ۵ تولہ لے کر ایک کوزہ گلی میں بھنگ کے پتے پانی میں پیس کر نقدہ بنا کر گلحکمت کرکے پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پھر مرجان نکال کر کیلہ کے پانی میں پیس کر ٹکیہ بنا کر بھنگ کا نقدہ نیچے اوپر دیکر آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ اگر اچھی طرح ملائم نہ ہو۔ تو پھر کیلہ کے تنے کے پانی میں پیس کر ٹکیہ بنا کر ویسے ہی آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ سیلان الرحم کیلئے مفید ہے۔ نفث الدم کو بھی فائدہ کرتا ہے۔

ایک رتی سفوف سداجوانی یا معجون سداجوانی یا کسی مغلظ منی سفوف وغیرہ میں ملا کر صبح و شام کھائیں۔

کشتہ مرجان

لعاب گھیکوار۔ برگ بیول۔ گاؤزبان۔ ستاور کے نقدوں میں بھی کشتہ مرجان اچھا تیار ہو جاتا ہے۔ مگر ہمارے خاندان کے تجربہ میں یہ ترکیبیں ہی زیادہ مفید ثابت ہوئی ہیں۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

کشتہ مرجان جواہر والا

مرجان	یاقوت رمانی	ورق چاندی	عنبر اصلی	ورق سونا	زمرد
۳ تولہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱ تولہ

سب کو باریک پیس کر روح کیوڑہ میں خوب کھرل کریں. جب سرمہ کی طرح باریک ہو جائیں. تو چھوٹے چھوٹے قرص بنا کر ایک کوزہ گلی میں رکھکر گلحکمت کریں اور ہوا سے بچا کر گڑھے میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اور باریک پیس کر رکھ لیں؛

فوائد و ترکیب استعمال دِل دماغ جگر کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے. خوراک ایک رتی خمیرہ گاؤزبان (۱ تولہ)، خمیرہ بادام (۱ تولہ) یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں.

کشتہ صدف مرواریدی

صدف مرواریدی ۵ تولہ لے کر کوئلوں کی آگ پر گرم کر کے بیس۲۰ دفعہ عرق گلاب میں بجھاوٗ دیں. پھر داڑھی بڑ یعنی برگد ایک پاؤ کا نغدہ نیچے اوپر دے کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں. پھر صدف نکال کر روح کیوڑہ میں خوب کھرل کریں. اور ٹکیہ بنا کر کنول گٹہ ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر آگ دیں. پھر نکال کر روح کیوڑہ میں دو روز کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ویسے ہی آگ دیں. نہائت عمدہ کشتہ تیار ہوگا.

فوائد و ترکیب استعمال دل و دماغ کو طاقت دینے کے لئے مجرب ہے. ایک رتی صبح و شام خمیرہ گاؤزبان ۱ تولہ یا جدوار یا اوپر کسی مناسب معجون. خمیرہ وغیرہ میں ملا کر دیں؛

کشتہ صدف مرواریدی

صدف مروارید ۵ تولہ لیکر کوئلوں کی آگ پر گرم کر کے عرق گلاب میں بیس۲۰ بجھاوٗ دیں. پھر دودھ گاؤ میں کھرل کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں. پھر دوبارہ دودھ گاؤ میں پیس کر ٹکیہ بنا کر ایک دو دفعہ آگ دیں. اعلیٰ کشتہ تیار ہوگا.

فوائد و ترکیب استعمال تپ کہنہ دِق میں مفید ہے. تپ دق کے نسخوں میں یہی کشتہ استعمال کریں.
۲ رتی صبح و شام شربت اعجاز ۲ تولہ یا عرق شیرہ تولہ کے ساتھ دیں.

کشتہ صدف مرواریدی

صدف مرواریدی ۵ تولہ لے کر حسب سابق بیس۲۰ دفعہ عرق گلاب میں بجھاوٗ دیں. پھر آکھ کا دودھ ۲۰ تولہ ڈال کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں. پھر صدف نکال کر لعاب گھی کوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر آگ دیں.

فوائد و ترکیب استعمال ایک رتی سے ۲ رتی تک شربت صنیق یا معجون دمہ کے ہمراہ دیں. کھانسی بلغمی و دمہ کیلئے عمدہ اثر رکھتا ہے.

کشتہ صدف مرواریدی

صدف مروارید پانچ تولہ یا بقدر ضرورت لے کر کوزۂ گلی میں رکھیں. اس کے

اُوپر گودہ گھی کوار ڈال دیں۔ پھر گلحکمت کرکے ہوا سے بچاکر پچیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونیکے بعد نکالیں اور رُوح کیوڑہ میں کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناکر کوزۂ گلی میں گلحکمت کرکے پھر آگ دیں۔ نہائت عمدہ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال: پہلے کُشتوں کی طرح ہے۔

کشتہ سنگ یشب

یشب عمدہ ۵ تولہ لے کر کوئلوں کی آگ پر گرم کرکے عرق گلاب میں ۲۱ بار بجھاؤ دیں۔ پھر اس کو رُوح کیوڑہ میں دو روز کھرل کرکے کنول گٹہ پاؤ بھر کے نفذہ میں رکھ کر کوزۂ گلی میں گل حکمت کریں۔ دس سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر یشب کو روح کیوڑہ میں خوب کھرل کرکے ٹکیہ بناکر گل گڑھل پاؤ بھر کے نفذہ میں دے کر آگ دیں۔ پھر یشب کو روح کیوڑہ میں کھرل کرکے گاؤزبان پاؤ کے نفذہ میں آگ دیں۔ اگر ملائم کشتہ تیار ہو تو بہتر ورنہ پھر رُوح کیوڑہ میں کھرل کرکے ویسے ہی آگ دیدیں۔ اس سے بہتر سنگ یشب کا کوئی کشتہ نہیں ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال: غشی۔ ضعف دل ضعف دماغ۔ مالیخولیا مراقی کے لئے اکسیر ہے۔ ایک رتی سے ۲ رتی سے ۴ رتی تک۔ خمیرہ گاؤزبان اتولہ۔ خمیرہ بادام اتولہ۔ معجون مراق ایک تولہ یا مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

کشتہ سنگ یشب

سنگ یشب ۵ تولہ لے کر حسب سابق عرق گلاب میں بیس بجھاؤ دیں پھر باریک پیس کر روح کیوڑہ میں کھرل کرکے قرص بنادیں۔ اور مندرجہ ذیل بوٹیوں میں سے کسی بوٹی کے نفذہ میں دو تین بار آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا انار کے پتے، گھیکوار۔ کلتھی۔ زخم حیات وغیرہ۔ مگر حکیم سائیں بخش صاحب فرماتے ہیں۔ کہ سنگ یشب کا کشتہ ہمیشہ پہلی ترکیب سے ہی کرنا چاہیئے، اور یہی میرے تجربہ میں مفید ثابت ہوا ہے۔

کشتہ سنگ یشب

سنگ یشب پانچ تولہ لے کر آگ میں گرم کر عرق گلاب میں ۲۱ بار بجھا دیں۔ پھر کوزۂ گلی میں گاؤزبان ایک پاؤ کا نفذہ بناکر سنگ یشب کے نیچے اوپر دے کر گلحکمت کریں اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر روح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کرکے قرص بناکر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال: خوراک ایک رتی سے ۲ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں ضعف دل، ضعف دماغ کے لئے بہت مفید ہے۔

کشتہ یاقوت

یاقوت سرخ (۵ تولہ) انار کے رنگ کا شعاع دار لے کر مٹی کے برتن

میں گرم کر کے عرق گلاب میں پچیس بار بجھا دیں۔ پھر نکال کر ہاون دستہ میں خوب باریک کریں۔ پھر کھرل میں ڈال کر روح بید مشک و روح کیوڑہ میں دو روز خوب کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر گل سرخ کے نقدہ پاؤ بھر میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر یاقوت نکال کر دو روز روح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل گڑھل کے پاؤ بھر نقدہ میں رکھ کر آگ دیں۔ پھر دو روز روح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کر کے مغز کنول گٹہ پاؤ بھر کے نقدہ میں آگ دیں۔ پھر یاقوت نکال کر روح بید مشک و کیوڑہ میں کھرل کر کے ویسے ہی بغیر نقدہ کے آگ دیں۔ نہایت عمدہ سفید و ملائم کشتہ تیار ہو گا۔

فوائد و ترکیب استعمال ضعف دل، غشی، مالیخولیا، وحشت، دل دھڑکنے، سل دق کے لیئے اکسیر و لاجواب چیز ہے۔ ایک رتی دواء المسک معتدل یا خمیرہ ابریشم یا خمیرہ گاؤزبان عنبری میں رکھ کر استعمال کریں۔ یا ٦ ماشہ مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ یاقوت

یاقوت ١ تولہ لے کر کوزہ گلی میں رکھ کر دس ١٠ تولہ لعاب گھیکوار ڈال دیں۔ اور گل حکمت کر کے ہوا سے بچا کر بیس ٢٠ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر عرق کیوڑہ یا روح کیوڑہ یا بید مشک سے کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں اور کوزہ کا گلی میں گلحکمت کر کے بیس ٢٠ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ خوراک چار چاول سے ١ رتی تک خمیرہ مروارید یا گاؤزبان عنبری یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ الماس

ہیرا چار رتی لے کر کوئلوں پر گرم کر کے لیموں کے پانی میں سات بار بجھاویں۔ پھر کنڈیاری کا پھل پانچ تولہ کوٹ کر نقدہ بنائیں۔ اور ایک کوزہ گلی میں ہیرے کے نیچے اوپر دے کر گلحکمت کریں۔ اور بیس ٢٠ سیر اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ اسی طرح چھ سات بار آگ دیں۔ جب پھول جائے اور نرم ہو جائے تو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال دل و دماغ جگر، اعصاب باہ کو طاقت دینے کے لئے مجرب ہے۔ خوراک نصف خشخاش کے برابر مکھن بالائی یا مناسب معجون میں دیں۔

کشتہ الماس

قلمی شورہ (١ تولہ) سہاگہ (١ تولہ) سنکھیا سفید (٢ تولہ) پیس کر ایک چینی کی دوات میں ہیرے کے نیچے اوپر دے کر دوات کے اوپر مٹی کا ڈھکنا دے کر گلحکمت کریں۔ اور بیس ٢٠ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر روح کیوڑہ میں یا تازہ گلاب کے پھول کے پانی میں کھرل کر کے گلحکمت کر کے دو تین آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ دل دماغ جگر۔ اعصاب باہ و دیگر امراض مزمنہ میں مفید ہے۔ خوراک نصف خشخاش کے برابر مناسب بدرقہ میں دیں۔

کُشتہ مروارید یعنی سُچے موتی کا کُشتہ

لقمان الملک حکیم سائیں بخش صاحب فرماتے ہیں کہ مروارید کو کُشتہ کرنے سے کوئی خاص فائدہ حاصل نہیں ہوتا ۔ بلکہ روح کیوڑہ و بید مشک میں تین چار روز سنگ سماق کے کھرل میں پیس کر رکھ لیں ۔ اور ا رتی کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں ۔

فوائد و ترکیب استعمال خفقان ، سل ۔ دق ، چیچک و موتی جھرہ کے لیئے بے مثال ہے ۔ تمام سوداوی امراض کے لیئے اکسیر ہے ۔ بہر حال ، اگر آپ نے مروارید کشتہ ہی کرنا ہو ۔ تو مندرجہ ذیل ترکیب سے تیار کریں ،

کُشتہ مروارید

مروارید ناسفتہ ا تولہ لے کر رُوح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل گڑھل کا نقدہ ا تولہ نیچے اوپر دے کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ پھر رُوح کیوڑہ بید مشک میں کھرل کر کے گاؤزبان کے نقدہ میں آگ دیں ۔ پھر رُوح کیوڑہ و بید مشک میں کھرل کر کے ویسے ہی آگ دیں ۔ نہائت عمدہ ملائم کُشتہ تیار ہو گا ۔

فوائد و ترکیب استعمال حسب سابق ہے ۔

کُشتہ مروارید

مروارید ا تولہ لیکر پانچ تولہ لیموں کے پانی میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کریں ۔ اور پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتہ کی طرح ہے ۔

کشتہ مروارید ،

سُچے موتی ا تولہ لے کر دس ۱۰ تولہ گائے کے دودھ میں خوب کھرل کریں پھر گل گاؤزبان کا ایک پاؤ نقدہ لیکر موتیوں کے نیچے اوپر دیکر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور پانچ سات سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ پھر نکال کر روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں اور رکھ چھوڑیں یا تین سیر اوپلوں کی گل حکمت کر کے ہلکی سی آگ دیں ۔ نہائت عمدہ کشتہ ہو جائیگا ۔

فوائد و ترکیب استعمال مالیخولیا ۔ جنون ۔ ضعف اعضاء رئیسہ ۔ دق ۔ سل کیلئے بیحد مفید ہے ۔ خوراک نصف رتی سے ا رتی تک مناسب بدرقہ یا خمیرہ گاؤزبان میں دیں ،

کشتہ سنکھ یعنی حلزون

سنکھ دس ۱۰ تولہ لیکر ایک سیر باتھو کا نقدہ نیچے اوپر دیکر گلحکمت کر کے بیس ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ سرد ہونے پر سنکھ نکال کر دودھ گاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پھر آگ دیں ۔ نہائت عمدہ کشتہ تیار ہو گا ۔

فوائد و ترکیب استعمال پرانے بخار ۔ دق ۔ سل و زہریلے جانوروں کے کاٹنے کیلئے مفید ہے ۔ ۲ رتی سے ۴ رتی تک صبح و شام شربت اعجاز (۳ تولہ) یا شربت بزوری (۴ تولہ) کے ہمراہ بخار کہنہ میں دیں اور زہریلے جانوروں کے زہر کی صورت میں دیں ،

کشتہ سنکھ

سنکھ دس تولہ لے کر برگ بھنگ ایک سیر کے نغدہ میں گلحکمت کر کے تیز آگ دیں۔ پھر نکال کر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دوسری آگ دیں عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال سنگرہنی و پرانے اسہال پیچش کے لئے مفید ہے زہریلے جانوروں کی سمیت کے اثرات دور کرتا ہے۔ ۲ رتی سے ۴ رتی تک سنگرہنی میں معجون سنگدانہ مرغ (۶ ماشہ) میں ملا کر صبح و شام شربت حب الآس (۲ تولہ) کے ساتھ دیں۔

کشتہ سنکھ

سنکھ دس تولہ لیکر ٹھکنڈا کے سیر نغدہ میں گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر سنکھ نکال کر آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دوبارہ آگ دیں۔ سفید کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال دمہ۔ کھانسی پرانی۔ پرانا بخار بلغمی و زہریلے جانوروں کا اثر دور کرنے کے لئے مفید ہے۔

۲ رتی معجون دمہ یا شربت ضیق کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

کشتہ سنکھ

سنکھ پانچ تولہ لیکر ہاون دستہ میں کوٹ کر باریک کریں پھر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گائے کے دودھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ سنگرہنی۔ ضعف معدہ۔ پرانے بخاروں کے لئے مفید ہے۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک مناسب بدرقہ کیساتھ دیں۔

کشتہ بارہ سنگا (شاخ گوزن)

بارہ سنگا پختہ لے کر اس پر اجوائن دیسی (۱۰ تولہ) و قلمی شورہ (۱۰ تولہ) پانی میں پیس کر لیپ کر دیں۔ اور تیز کوئلوں میں رکھکر آگ دیں۔ سفید ہو جائیگا پھر بارہ سنگا کو آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے آگ دیں۔ نہائت اعلیٰ اور مفید کشتہ تیار ہوگا۔ اگر ایک آگ دودھ آکھ میں اور دے دیں۔ تو زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال ذات الجنب۔ وجع المفاصل۔ دمہ۔ پرانی بلغمی کھانسی و قولنج کے لئے مفید ہے۔

۲ رتی سے ۴ رتی تک عرق اجوائن یا جوشاندہ اجوائن کے ساتھ دیں۔ دن میں تین بار ذات الجنب میں دیں۔ نہائت مفید اور زود اثر ثابت ہوتا ہے۔ دمہ و کھانسی میں معجون دمہ (۷ ماشہ) یا شربت ضیق (۲ تولہ) کے ساتھ دن میں دو دو بار دیں۔ گنٹھیا میں ۲ رتی معجون سورنجان (ماشہ) کے ہمراہ صبح و شام دیں۔ اوپر سے عرق سونف پلا دیں۔ قولنج کی درد بند کرنے کیلئے ۴ رتی گرم پانی یا عرق سونف کے ساتھ دیں۔ درد بند کرتا ہے۔

ایضاً

لعاب گھی کوار نیچے اوپر دیکر گلحکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دینے

سے بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔ اور مفید ثابت ہوتا ہے۔ مگر میرے دادا حکیم سائیں بخش صاحب اپنی تمام عمر اسی طرح تیار کرتے تھے۔ اور پہلی ترکیب ہی سب سے زیادہ مفید ہے۔

کشتہ پارہ سنگا

پارہ سنگا ۵ تولہ لیں۔ اس پر قلمی شورہ۔ اجوائن دیسی ہر ایک پانچ تولہ پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ پھر اس کو کوئلوں کی تیز آگ پر رکھ دیں۔ جب سفید ہو جائے۔ تو اتار کر ٹھنڈا کریں۔ پھر ٹھنڈا کے پانی میں کھرل کر کے چھوٹے چھوٹے قرص بنا دیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال ۔ ذات الجنب ۔ ذات الریہ ۔ وجع المفاصل بلغمی کھانسی ۔ دمہ کیلئے مفید ہے۔ خوراک ا رتی ہمراہ بدرقہ مناسب

کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود ۲ تولہ لے کر چار بچھو سیاہ رنگ بڑے یا سفید دس عدد لے کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر گلحکمت کریں۔ اور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر معہ راکھ بچھو پیس لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال سنگ یہود کا یہ کشتہ نہایت اکسیر و مجرب ہے ریگ و سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرنے کے لیئے بے نظیر ہے۔ درد گردہ کا دورہ روکنے کے لیئے بے مثال ہے۔ درد کی حالت میں ۲ رتی بالائی میں رکھ کر اوپر سے پوست خربوزہ ۵ تولہ

کو جوش دے کر صاف کر کے کھانڈ (۲ تولہ) یا شربت بزوری (۲ تولہ) معتدل ملا کر پلا دیں۔ اسی طرح دن میں دو بار دیں۔ آرام کرنے کے بعد ا رتی کشتہ جوارش زرعونی (۷ ماشہ) یا معجون حجر الیہود (۷ ماشہ) میں ملا کر اوپر سے تخم خربزہ (۶ ماشہ) بھلکھڑا (۶ ماشہ) تخم خیارین (۶ ماشہ) تخم کلنتھی (۳ ماشہ) پانی میں سردائی کی طرح پیس کر شربت بزوری ملا کر صبح و شام دیا کریں۔ پندرہ بیس روز استعمال کرنے سے پھر کبھی ریگ پیدا نہیں ہو گی۔ اور درد گردہ تو کبھی خواب میں بھی نظر نہیں آئے گا۔ اگر پوست خربزہ کے جوشاندہ کے ساتھ بھی دیتے رہیں۔ تو بھی دورہ نہیں ہو گا۔

کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود پانچ تولہ لیکر قلمی شورہ ایک پاؤ کوزہ گلی میں نیچے اوپر ڈال کر مولی کے پانی سے خوب تر کر دیں۔ اور گلحکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اور پیس کر رکھ لیں

فوائد و ترکیب استعمال ۲ رتی صبح و شام شربت بزوری ۲ تولہ کے ہمراہ دیں یا جوارش زرعونی (۷ ماشہ) یا معجون حجر الیہود (۷ ماشہ) میں ملا کر حسب سابق شیرہ جات کے ہمراہ دیں۔ ریگ و سنگ گردہ و مثانہ کو نکالنے کیلئے مفید و مجرب ہے۔ کچھ دنوں استعمال کرنے سے درد گردہ کا دورہ نہیں ہوتا۔ اور تمام پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔

کشتہ سنگ یہود

سنگ یہود پانچ تولہ لیکر ایک سیر مولی کے پانی میں کھرل کر کے قرص

بناویں اور خشک کرلیں۔ پھر ایک کوزہ گلی میں پھٹکڑا یا کلتھی ایک پاؤ نیچے اوپر دے کر گلحکمت کرکے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال پتھری ریگ نکالنے کیلئے مجرب ہے۔ درد گردہ کے لئے بہت مفید ہے۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب،

کشتہ پوست بیضہ مرغ

انڈے کا چھلکا ایک پاؤ لے کر نمک ملے ہوئے پانی میں ایک دن رات بھگو کر دوسرے روز چھلکوں کے اندرونی باریک پردے دور کریں۔ پھر ہاون دستہ میں خوب باریک کوٹیں۔ پھر لیموں کے پانی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے من دو من اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر سفید ہو جائے تو بہتر ورنہ پھر لیموں کے پانی میں کھرل کرکے ایک دو آگ اور دیں نہایت مفید و عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ سیلان الرحم سلسل البول و پیشاب کی زیادتی کے لئے نہایت مجرب و اکسیر ہے۔ ۲ رتی مکھن بالائی یا سفوف جریان یا کسی معجون میں ملاکر کھاویں۔ (نوٹ) اس کو کشتہ کرنے کی بہت سی ترکیبیں ہیں۔ مگر اس ترکیب سے سب ہیچ ہیں۔

کشتہ پوست بیضہ مرغ

پوست بیضہ مرغ صاف کیا ہوا پانچ تولہ۔ شنگرف رومی پانچ تولہ دونوں

کو گھیکوار کے گودہ میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر اچھی طرح تیار نہ ہو۔ تو بغیر شنگرف گھیکوار کے گودہ میں کھرل کرکے پھر آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ ضعف باہ کیلئے مفید ہے۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ مکھن۔ بالائی یا مناسب معجون وغیرہ میں ملاکر کھلاویں،

کشتہ خرمہرہ یعنی کوڑی

خرمہرہ یعنی کوڑی ۵ تولہ لے کر بھنگ کے ایک پاؤ نغدہ میں گلحکمت کرکے بیس ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر خرمہرہ نکال کر لیموں کے پانی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔ اسی طرح گودہ گھیکوار۔ کنڈیاری و گورکھ پان میں بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔ مگر پہلی ترکیب سب سے مجرب ہے،

فوائد و ترکیب استعمال سنگرہنی۔ جریان۔ احتلام۔ سیلان الرحم۔ سوزاک کے لئے مفید ہے۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک معجون سنگدانہ مرغ یا نوشدارو سادہ میں ملاکر سنگرہنی کے لئے اور سفوف جریان وغیرہ میں ملاکر رقت منی کے لئے اور کسی مناسب نسخہ میں ملاکر سوزاک کیلئے دیں۔ تمام نسخہ جات مناسب بیاض سائیں بخش حصہ اول میں موجود ہیں۔

کشتہ خرمہرہ زرد

زرد کوڑی پانچ تولہ لے کر کوئلوں پر گرم کرکے لیموں کے پانی میں پانچ دفعہ

بجھاؤ دیں۔ پھر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتہ کی طرح ہے۔

کشتہ سنگ پشت (کچھوا)

سنگ پشت لیکر کوئلوں کی آگ پر رکھ کر جلا لیں۔ پھر ہاون دستہ میں باریک کوٹ کر برگ بانسہ (۱ تولہ) کے جوشاندہ میں پیس کر ٹکیہ بنا کر گلحکمت کر کے آگ دیں اور نکال کر رکھ لیں۔ اگر اچھی طرح تیار نہ ہو۔ تو پھر پالک ساگ کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔ عمدہ اور بہت فائدہ مند کشتہ تیار ہو گا۔

فوائد و ترکیب استعمال ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک عرق شیر (۷ تولہ) و شربت اعجاز (۳ تولہ) کے ہمراہ صبح و شام دیں۔ سل۔ دق و سوکھے ہوئے بچے کیلئے مفید ہے نفث الدم کے لئے فائدہ مند ہے۔

کشتہ ہڑتال گئودنتی

ہڑتال گئودنتی (۵ تولہ) کو باریک پیس کر نیم کے پتوں کے پانی (۱ پاؤ) میں کھرل کر کے گلو سبز کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے تیز آگ دیں۔ سفید کشتہ ہو جائے گا۔ اگر کچھ کمی ہو۔ تو پھر برگ نیم یا گلو سبز کے نغدہ میں آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال گئودنتی کا یہ کشتہ بخاروں کیلئے بہت مفید ہے۔ ۵ دو رتی صبح۔ دوپہر۔ شام شربت

بنفشہ (۲ تولہ) یا نیلوفر یا صندل (۲ تولہ) وغیرہ کے ہمراہ دیں،

کشتہ ہڑتال گئودنتی

گئودنتی ۵ تولہ لیکر باریک پیس کر گودہ گھی کوار کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور اسگند ناگوری (۱ تولہ) کا سفوف نیچے اوپر ڈال کر گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال یہ کشتہ فالج۔ لقوہ۔ استرخاء وغیرہ۔ بلغمی و اعصابی بیماریوں کے لیئے مفید ہے۔ ۱ رتی سے ۲ رتی تک معجون جوگراج گوگل (۶ ماشہ) ملا کر صبح کھا لیا کریں۔

کشتہ سنگجراحت (دودھیا پتھر)

سنگجراحت کو کشتہ کرنے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہوتی۔ بلکہ ویسے ہی پیس کر استعمال کرنے سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ بہرحال اگر آپ کشتہ کرنا چاہیں۔ تو مندرجہ ذیل ترکیب خاص مفید ثابت ہوتی ہے۔

سنگجراحت دس تولہ لیکر باریک پیس کر نیم کے پتوں کے شیرہ میں ملا کر ٹکیہ بنا دیں۔ اور برگ نیم کے نغدہ میں گل حکمت کر کے بیس سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال جسم کے کسی حصہ سے خون بہتا ہو۔ اس کے استعمال سے بند ہو جاتا ہے۔ ۲ رتی سے ۴ رتی تک شربت انجبار شیرہ خرفہ (۶ ماشہ) شیرہ بارتنگ (۶ ماشہ) کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

دیں۔ ضروری نوٹ) قلمی شورہ ملا کر ابرک کو آگ دینے سے چمک جلد زائل ہو جاتی ہے۔ اور جتنی رگڑائی آپ کریں گے، اتنی جلدی کشتہ تیار ہو گا۔

کشتہ ابرک سیاہ

ابرک سیاہ پانچ تولہ لیکر کوئلوں پر سرخ کر کے مولی کے پانی میں اکیس بار بجھاؤ دیں۔ پھر اسی پانی میں کھرل کر کے گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ چار دفعہ آگ دینے سے بے چمک کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال، بخاروں کے بیحد مفید ہے۔ ا رتی سے ۲ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

نوٹ:۔ ابرک سفید بھی اسی طرح تیار ہو جاتا ہے۔

نوٹ۔ ابرک سیاہ ککڑ چھڈی کے پانی میں تین دن کھرل کر کے گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

کشتہ ابرک سیاہ

ابرک سیاہ ایک پاؤ۔ گڑ ایک پاؤ۔ قلمی شورہ ایک پاؤ ملا کر مولی کے پانی میں خوب رگڑیں۔ نگدہ سابن جائیگا، پھر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر حسب دستور پانی میں حل کر کے نتھار کر شورہ دور کریں۔ پھر اس کشتہ کو آک کے دودھ میں ایک دن رگڑ کر آگ دیں۔ پھر گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے آگ دیں۔ پھر بکری کے دودھ میں آگ دیں نہائت عمدہ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ یہ کشتہ بخار، سیلان رحم۔ جریان۔ کھانسی۔ دمہ

میں بہت مفید ہے۔ خوراک ا رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں

کشتہ ابرک سفید

ابرک سفید پاؤ بھر لیکر ہاون دستہ میں ڈال کر لیموں کا پانی ملا کر خوب کوٹیں یہاں تک کہ باریک ہو جائے پھر قلمی شورہ ڈیڑھ پاؤ، گڑ ڈیڑھ پاؤ کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں ابرک کے نیچے اوپر دے کر گلحکمت کر کے من دو من اپلوں کی آگ دیں۔ پھر ابرک نکال کر بکری کے دودھ سے کھرل کر کے آگ دیں پھر گلو، چرائتہ، دس دس تولہ کے جوشاندا میں کھرل کر کے آگ دیں۔ نہائت عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ اگر کچھ چمک باقی رہے۔ تو قلمی شورہ کی ایک آگ اور دیں۔ اگر آپ نے دق دسل میں کشتہ ابرک استعمال کرنا ہو تو گدھی یا بکری کے دودھ میں کھرل کر کے بار بار آگ دیں۔ یہاں تک کہ چمک دور ہو جائے

ضروری نوٹ:۔ قلمی شورہ و گڑ یا کھانڈ ملا کر جب آپ آگ دیں، تو پھر ابرک نکال کر پانی سے دو چار بار دھو دیں۔ تاکہ شوریت دور ہو جائے پھر پانی نتھار کر ابرک نکالیں اور کھرل کر کے دو بارہ آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال تمام اقسام کے بخاروں کیلئے مفید ہے۔ ہمیشہ بخاروں میں استعمال کرنے کیلئے اسی ترکیب سے تیار کریں۔ نہائت مفید ثابت ہوتا ہے۔ ا رتی سے ۲ رتی تک مناسب شربت کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔

ابرک میں شورہ دو ہی ہموزن ملا کر مولی کے پانی سے خوب کھرل کر کے چند بار آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔ مگر یہ اتنا مفید ثابت نہیں ہوتا اس کی پہلی آگ سے ہی چمک دور ہو جاتی ہے۔ پھر اس کو پانی سے دھو کر

دوبارہ اسی طرح شورہ نہ وہی ملا کر مولی کے پانی سے کھرل کر کے آگ دیں،
فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتہ کی طرح ہے۔

کشتہ ابرک سفید

پانچ تولہ ابرک سفید لیکر ہاون دستہ میں کوٹ کر باریک کریں۔ پھر پانچ تولہ چرائتہ اور پانچ تولہ گلو کو جوش دے کر صاف کریں۔ پھر اس پانی میں ۷ تولہ گڑ اور ۱۵ تولہ قلمی شورہ اور باریک شدہ ابرک ملا کر دس تولہ دہی سے خوب رگڑیں۔ اگر اچھی طرح بے چمک نہ ہو۔ تو پھر مولی کے پانی سے خوب چار پانچ گھنٹہ رگڑائی کریں۔ اب اس کو ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر کھلے پانی میں حل کریں، شورہ پانی میں حل جائے گا۔ اچھی طرح نتھار لیں پھر پانی میں حل کر کے نتھاریں۔ اس طرح دو تین دفعہ کرنے سے شورہ نیست قدر ہو جاتی ہے۔ اب گلو۔ چرائتہ۔ پانچ پانچ تولہ کا جوشاندہ بنا کر اس کشتہ کو رگڑیں اور پھر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ایک آگ اور دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ بن جائیگا۔

فوائد و ترکیب استعمال تمام قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔ کھانسی اور جریان کو فائدہ دیتا ہے۔ خوراک ا رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں،

کشتہ خبث الحدید

خبث الحدید یعنی منور، من بیس ۲۰ سیر لیکر بہت سے اوپلوں میں دبا سے ہی رکھدیں۔ جب آگ جل کر سرد ہو جائے، تو منور کے بٹے سرخ شدہ نکال کر پانی سے دھو ڈالیں۔ اب ان کو ہاون دستہ میں ڈال کر خوب باریک کریں پھر اس باریک شدہ منور کو مٹی کے گرٹھوں مٹکوں میں ڈال دیں اور مندرجہ ذیل چیزوں میں سے جس چیز کا موسم آئے۔ کوٹ کر پانی نکالیں اور اس منور میں ڈالتے رہیں۔ اور کبھی کبھی ہلا دیا کریں، جامن۔ لیموں۔ گلگل۔ ہاتھی سنڈی بوٹی اور کبھی دہی کی کھٹی لسی۔ ترپھلہ کا پانی۔ سرکہ۔ لعاب گھیکوار ملاتے رہیں ایک سال کے بعد جتنا کشتہ کرنا ہو منور نکالیں اور ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں اور لوہے کے گول بٹے یا ہتھوڑے یا پتھر کے مضبوط بٹہ سے دہی ڈالکر رگڑیں، دہی اتنا ملائیں جس سے منور خوب تر ہو جائے۔ صبح سے شام تک رگڑتے رہیں۔ یہاں تک منور انگلیوں میں لینے سے میدہ کی طرح محسوس ہو۔ تقریباً چار روز میں ایسا ہو جاتا ہے، اب اس کڑاہی کو آگ پر رکھیں جب منور بالکل خشک ہو جائے، تو پھر بھی ایک گھنٹہ کڑاہی آگ پر رہنے دیں پھر اتار کر دوبارا بٹہ کے ساتھ خوب باریک کریں۔ یہاں تک کہ سرمہ کی مانند ہو جائے۔ بوتل میں ڈال لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال ضعف جگر و کمی خون کے لیئے اس کشتہ سے بڑھکر دنیا میں کوئی دوائی نہیں۔ رنگ کی زردی۔ چہرہ و پپوٹوں کی سوجن۔ دل کا دھڑکنا۔ اور ضعف جگر سے پیدا شدہ جریان احتلام، نامردی۔ سرعت انزال۔ ضعف معدہ۔ ہضم کی کمزوری۔ پیشاب کی زیادتی کے لیئے اکسیر۔ مجرب و بے خطا ہے۔ سلسل البول اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ خون اس کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔ کہ رنگ سرخ ہو جاتا ہے۔ غرضیکہ ضعف جگر اور اس کے عوارضات کے لیئے نہایت اکسیر ہے۔ ۲ ماشہ یہ کشتہ صبح مکھن کے ہمراہ کھالیں۔ آدھ گھنٹہ بعد ادھ رڑکا دہی ادھ سیر پی لیں۔ شام کو ترپھلہ

دو تولہ بھگو کر دوسرے دن چار پانچ بجے کپڑے میں صاف کر کے پی لیا کریں۔
روزانہ ۲، ۲ رتی کشتہ بڑھاتے رہیں، اور ۶ ماشہ تک لیجائیں، اور اس وقت
تک استعمال کریں۔ جب تک کہ مریض بالکل تندرست نہ ہو جائے۔ میں تو منور
مٹکا سے آدھ سیر نکال کر مریض ضعف جگر کو دیدیا کرتا ہوں۔ اور اس کو سمجھا دیتا
ہوں۔ کہ اس طرح دہی میں چار روز رگڑ کر آگ پر جلا کر استعمال کرنا۔
اگر چار روز دہی سے رگڑنے کے بعد ایک دن سرکہ اور ایک دن لعاب
گھیکوار میں رگڑ کر آگ پر جلا لیں۔ تو زیادہ زود اثر و مفید ثابت ہوتا ہے
میرے دادا۔ میرے باپ اور دیگر خاندان اور خود میرا یہی معمول ہے۔ اور
ہمارا یہ بڑا مشہور علاج ہے۔ ضعف جگر کے ہزارہا مریض دور دور سے یہ منور
لینے کے لئے ہمارے پاس آتے رہتے ہیں۔

کشتہ خبث الحدید

منور ایک سیر لیکر کوئلوں پر سرخ کر کے سرکہ میں سات بار بجھائیں۔ پھر گرم
کر کے سات بار ترپھلہ کے جوشاندہ میں بجھا دیں، پھر سات بار ترش لسی
میں بجھا دیں۔ پھر منور ریزہ شدہ نکال کر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے
کوزہ گلی میں گلحکمت کریں۔ اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر منور لعاب گھی
کوار میں کھرل کر کے دو تین آگ اور دیں۔ یہاں تک کہ کشتہ پانی پر تیرنے لگے

فوائد و ترکیب استعمال:- ضعف جگر، ضعف معدہ، سنگرہنی، سلسل البول
دل کا دھڑکنا، اور ضعف جگر کے باقی تمام
عوارضات کیلئے اکسیر ہے۔ ضعف معدہ میں ۱ رتی سے ۴ رتی تک جوارش
جالینوس ۷ ماشہ میں ملا کر صبح و شام دیں۔ سنگرہنی میں ۱ رتی سے ۴ رتی

تک انوشدارو (۶ ماشہ) سادہ یا معجون سنگدانہ مرغ (۶ ماشہ) وغیرہ
میں صبح و شام دیں۔ ضعف باہ میں ۱ رتی سے ۴ رتی تک معجون سدا جوانی ۶ ماشہ
یا بہار جوانی (۶ ماشہ) یا کسی مناسب معجون میں دیں۔

ضروری نوٹ:- اگر منور کو بجھا دینے کے بعد لعاب گھیکوار میں کھرل
کر کے آگ دیں، اس کے بعد جامن کے پانی میں کھرل کر کے پھر لیموں کے پانی میں
پھر سرکہ انگوری میں کھرل کر کے آگ دیں۔ تو نہایت اکسیر ہو جاتا ہے۔ اسی
طرح بجھا دینے وقت اگر سات بار گائے سیاہ کے پیشاب میں بھی بجھاؤ
دیدیں۔ تو اچھا نتیجہ برآمد ہوتا ہے۔ بلغمی مزاج مریض کو استعمال کرانا ہو۔ تو آکھ
کے دودھ میں کھرل کر کے ایک آگ دیدیں۔ ہمارے خاندان میں یہی دونوں ترکیبیں
معمول تھیں۔ جو میں نے درج کر دی ہیں۔ پہلی ترکیب بڑی آسان و مفید ہے
ایک دفعہ کی تکلیف ہمیشہ کیلئے آپ کے کام آتی رہے گی۔

منور ملنے کی جگہ

منور لینے کیلئے آپ تحصیل چونیاں ضلع لاہور تشریف لے جائیں۔ وہاں
کئی صد سالہ منور اس کثرت سے ملتا ہے، کہ جس کا کوئی اندازہ نہیں کر سکتا
منور کی وہاں پہاڑیاں موجود ہیں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ میں آدمی گاڑی بھر کر لا سکتا ہے

کشتہ خبث الحدید

منور بقدر ضرورت لے کر باریک پیس کر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے کوزہ گلی
میں گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح پھر لیموں کے پانی میں
کھرل کر کے دو آگ اور دیں، پھر تین دفعہ سرکہ میں کھرل کر کے آگ دیں،

فوائد۔ پہلے کشتوں کی طرح ہے۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک

کشتہ فولاد

فولاد جوہروار اگر مل جائے۔ تو وہ لے لیں۔ مگر آج کل ایسے فولاد کا ملنا مشکل ہے۔ اس لئے اسپات کا برادہ جو عموماً کارخانوں سے مل جاتا ہے۔ دس سیر لیکر ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر اس میں مندرجہ ذیل چیزوں کا پانی حسب موسم ڈالتے رہیں۔ اور کبھی کبھی ہلادیا کریں۔ لیموں کا پانی۔ گلگل کا پانی۔ جامن کا پانی۔ جامن کی نرم کونپلوں کا پانی۔ تیز سرکہ۔ کھٹی لسی۔ ببکر کی پھلیوں کا پانی۔ غرضیکہ جس چیز کا موسم ہو۔ اس کا پانی نکال کر اچھی طرح نتھار کر فولاد کے برادہ میں ڈالتے رہیں۔ جب برادہ بالکل سرمہ کی طرح ہو جائے تو اس میں سے بقدر ضرورت لیکر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے اوپلوں کی کافی مقدار میں آگ دیں۔ پھر فولاد نکال کر لعاب گھی کوار میں کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچ دیں۔ نہایت اعلیٰ۔ مفید اور بے نظیر کشتہ تیار ہوگا۔ لقمان الملک حکیم سائیں بخش صاحب عموماً اسی ترکیب سے فولاد کا کشتہ تیار کیا کرتے تھے۔ اور ہمیشہ مٹکوں میں برادہ فولاد۔ عمدہ سویاں۔ فولاد کی تاریں ڈال ترش بوٹیوں کے پانی ڈالتے رہتے تھے۔ اور کبھی ختم نہیں ہونے دیتے تھے۔

فوائد و ترکیب استعمال:- ضعف جگر۔ کمی خون۔ بدن کی کمزوری دل کا دھڑکنا۔ ضعف باہ۔ اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتے ہیں۔ اتنا زود اثر و مفید کشتہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ کوئی دوسرا کشتہ اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا ہمارے خاندان میں اکثر اسی طرح کشتہ فولاد تیار ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال۔ ۱ رتی سے ۴ رتی تک صبح مکھن میں رکھکر کھلادیا کریں۔

کشتہ فولاد شنگرفی

برادہ فولاد اصلی پانچ تولہ لے کر ایک چینی کے پیالہ میں رکھکر جامن کے پتوں کا پانی ڈالکر خوب تر کردیں اور دھوپ میں رکھدیں۔ اور اس وقت تک دھوپ میں رکھتے رہیں جب تک کہ برادہ بالکل حل نہ ہوجائے۔ اگر پانی خشک ہوجائے اور برادہ ابھی موٹا ہو۔ تو اور پانی ڈالدیں۔ عموماً بیس پچیس روز میں برادہ باریک ہوجاتا ہے۔ اب اس برادہ کو خشک کرکے اس میں پانچ ماشہ شنگرف رومی ملاکر لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے گھیکوار کا گودہ ملاکر خوب کھرل کرکے خشک کریں۔ اور ایک مٹی کے کوزہ میں گلحکمت کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر پانچ ماشہ شنگرف ملاکر گودہ گھی کوار (کوار گندل) میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں بند کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچ دیں۔ نہایت عمدہ کشتہ فولاد شنگرفی تیار ہوگا۔ جو اکثر مقوی باہ گولیوں و معجون میں استعمال ہوتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال قوت باہ پیدا کرنے کیلئے بہت مفید و مجرب ہے۔ غذا کو ہضم کرنے اور خون پیدا کرنے کیلئے بے نظیر ہے۔ عام جسمانی کمزوری و سستی کے لئے معمول مطب ہے۔ ایک رتی مکھن میں ملاکر صبح کھالیا کریں۔ خون پیدا کرنے کیلئے مجرب ہے۔ جریان احتلام۔ سرعت اور ضعف باہ کیلئے معمول ہے۔

کشتہ فولاد

رکھیں پھر کافور ۴ تولہ باریک پیسکر اس پانی میں ملادیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اتار کر نیلا تھوتھا چار تولہ کی ڈلی پر سب لیپ کر دیں۔ پھر اس ڈلی کو کوزہ گلی میں رکھکر گلحکمت کریں، اور بیس سیر اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال خون کو صاف کرتا ہے۔ خارش۔ دھدر۔ چنبل وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ خوراک ایک چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر حلق سے نیچے اتار لیں۔ دودھ گھی خوب استعمال کریں۔ اکثر مریضوں کو بہت فائدہ کرتا ہے۔

کشتہ توتیا

نیلا تھوتھا ۲ تولہ لے کر ایک کوزہ گلی میں پوست ریٹھا باریک کر کے نیچے اوپر دیکر گلحکمت کریں اور پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پہ نکال کر پیس لیں،

فوائد و ترکیب استعمال آتشک۔ فساد خون کی امراض میں مفید ہے۔ خوراک ایک چاول۔ مکھن یا بالائی میں رکھکر حلق سے نیچے اتار لیں۔

کشتہ توتیا

نیلا تھوتھا پانچ تولہ کی ڈلی لوہے کی کڑاہی میں رکھکر آگ پہ رکھدیں، پھر نیم کے پتوں کا پانی ڈیڑھ سیر تھوڑا تھوڑا ڈال کر ختم کریں۔ اب نیم کے پتوں کو کوٹ کر نگدہ بنائیں۔ اور نیلا تھوتھا کے نیچے اوپر دیکر گلحکمت کریں (دبا دو)

اور ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر اچھی طرح پھول جائے تو بہتر ورنہ پھر نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے پتوں کے نگدہ میں پھر آگ دیں۔ دو تین آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال آتشک خارش پھوڑے۔ پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔ فساد خون کی تمام امراض میں مفید ہے۔ خوراک دو چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر نگل لیں۔

کشتہ توتیا

نیلا تھوتھا ۲ تولہ کی سالم ڈلی توے پر رکھیں۔ اور تھوہر و بکری کا دودھ ملا کر چوبہ دیتے رہیں۔ جب ختم ہو جائے تو اتار کر ایک کوزہ گلی میں آدھ، آدھ سیر بکری و ڈنڈا تھوہر کا دودھ ڈال کر گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر پیس کر رکھ لیں،

فوائد و ترکیب استعمال سوزاک و آتشک پرانا۔ بواسیر۔ ناسور و فساد خون کی دیگر امراض کیلئے مفید ہے۔ خوراک ایک چاول سے ۴ چاول تک مکھن میں ملا کر دیں،

نوٹ۔ اگر دودھ اچھی طرح خشک نہ ہو۔ تو پھر گلحکمت کر کے بقدر ضرورت آگ دیں۔

کشتہ سونا مکھی

سونا مکھی پانچ تولہ لیکر مہندی سبز کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں۔ پھر مہندی کے پتوں کا نگدہ بنا کر نیچے اوپر دیکر

کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں. کشتہ ہوجاویگی۔

فوائد و ترکیب استعمال بواسیری گولیوں میں یہی کشتہ استعمال کیا جاتا ہے۔ نہایت مفید کشتہ ہے۔

کشتہ سونا مکھی

سونا مکھی ۵ تولہ۔ نمک سیندھا ۵ تولہ کانجی ۲ سیر ملاکر کڑاہی میں ڈالیں اور آگ پہ رکھیں۔ دس گھنٹہ آگ جلائیں جب کانجی خشک ہوجائے، تو اتارلیں اور سونا مکھی نکال لیں. صاف ہوجائے گی۔ اب اس سونا مکھی کو لعاب گھی کوار سے کھرل کرکے کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں. کشتہ ہوجاویگی۔

فوائد و ترکیب استعمال ضعف معدہ. سنگرہنی. بواسیر کے لیئے مفید ہے۔ خوراک ۲ چاول سے ارتی تک مکھن میں ملا کردیں،

مالتی بسنت

سنگ بصری ۵ تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ سچے موتی ۳ ماشہ. ورق سونا ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کردو تولہ مکھن کے ساتھ کھرل کریں۔ پھر اکیس روز لیموں کے پانی کے ساتھ کھرل کرکے خشک کرکے رکھ لیں،

فوائد و ترکیب استعمال پرانے بخار سل و سنگرہنی کے لیئے بہت مفید ہے خوراک ارتی سے ۲ رتی تک مناسب معجون و سفوف کے ہمراہ استعمال کریں۔

کشتہ قلعی

پانچ تولہ قلعی لے کر ہتھوڑا سے کوٹ کر باریک پترا بنائیں. پھر اس کو قینچی یا کسی اور اوزار سے کتر کر جو کے برابر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اب زمین میں گڑھا کھود کر اس میں پانچ سیر اوپلے بچھادیں. ان کے اوپر ایک بڑا باچپ یعنی تھالی رکھ دیں۔ اس تھالی پر بھنگ کا نگدہ آدھ سیر بچھادیں. اس نگدے کے اوپر قلعی کے ٹکڑے اس طرح الگ الگ رکھدیں۔ کہ وہ آپس میں پگھل کر مل نہ جائیں۔ ان قلعی کے ٹکڑوں پر آدھ سیر بھنگ کا نگدہ اور ڈال دیں۔ اس کے اوپر دوسری بڑی تھالی یا چند تھالیاں اور رکھ کر اس کے اوپر پانچ سیر اوپلے ڈالدیں اور آگ دے دیں۔ صبح آہستہ سے وہ اوپلے اٹھاکر قلعی کے سفید پھولے ہوئے ٹکڑے چن لیں۔ اور پیس کر رکھ لیں. اگر کچھ ٹکڑے خام ہوں تو وہ الگ کردیں۔ اس ترکیب سے بھنگ کے علاوہ آپ بوپھلی۔ کیکر کے پتوں و چھال کا نگدہ. بڑ کی داڑھی. پوست پیپل. مہندی۔ دودھی بوٹی. گکرس اجوائن خراسانی میں بھی کشتہ کرسکتے ہیں اور یہی کشتہ فائدہ مند ہے. خواہ کسی چیز میں کر لیجیئے، اگر آپ بڑی بڑی تھالیاں مربع شکل کی خود بنوالیں تو سیر بھر کشتہ ایک وقت میں تیار ہوسکتا ہے. ضرورت اس امر کی ہوتی ہے۔ کہ قلعی کے ریزے الگ الگ رکھے جاسکیں اور پھر وہ ٹکڑے بآسانی چنے جاسکیں۔ اور چھوٹی چھوٹی تھالیوں میں یہ سہولت نہیں ہوتی۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام. سرعت. سوزاک. سیلان الرحم ضعف باہ کے لئے بہت مفید ہے۔

اکثر سفوفوں۔ معجونوں وغیرہ میں طبیب استعمال کرتے ہیں۔ خوراک ارتی مکھن یا کسی مقوی معجون یا سفوف میں ملاکر کھائیں۔

کشتہ قلعی پارہ والا

قلعی ۵ تولہ پارہ پانچ تولہ۔ پہلے پارہ کو کھرل میں ڈالیں۔ پھر قلعی پگھلا کر اس پارہ میں ملادیں اور جلدی سے کھرل کردیں۔ سفوف سا بن جائے گا۔ اب مذکورہ بالا ترکیب سے گڑھے میں اوپلے بچھادیں۔ اس پہ چند بڑے پاتھک یا ایک ہی بڑی تھاپی رکھ کر اس پہ بھنگ۔ لوبھلی۔ کیکر کی چھال کا نگدہ وغیرہ سفوف خولنجاں بچھادیں۔ اس نگدے کے اوپر وہ سفوف شدہ قلعی چٹکی چٹکی رکھدیں۔ بالکل اسی طرح جس طرح ریزے رکھے جاتے ہیں۔ اس پہ باقی نگدہ ڈالدیں اور تھاپیاں دیکر آگ دیدیں۔ صبح پھولی ہوئی قلعی چن لیں۔ اور کام میں لائیں۔ فوائد و ترکیب استعمال اسی طرح ہے۔

کشتہ قلعی پارہ شورہ والا

قلعی ۵ تولہ پارہ پانچ تولہ پہلے قلعی کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلا کر پارہ میں ملاکر کھرل کریں پھر قلعی شورہ ۲۰ تولہ ملاکر خوب باریک پیس کر ایک بڑے کوزہ گلی میں ڈال کر مضبوط گلحکمت کریں اور خشک ہونے پہ دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ قلعی کشتہ ہو جائے گی۔ اب اس کشتہ کو نکال کر کسی برتن میں ڈالدیں۔ اور خوب پانی ملاکر ہلادیں۔ پھر چھوڑدیں۔ جب قلعی نیچے بیٹھ جائے تو وہ پانی نتھار دیں۔ پھر اور پانی ملاکر اچھی طرح ہلادیں۔ جب قلعی بیٹھ جائے تو وہ پانی نتھار دیں۔ اس طرح چھ سات بار کرنے سے تمام شوریت دور

ہو جاتی ہے۔ اب اس کشتہ کو خشک کرکے کام میں لادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ذکاوت حس۔ سوزاک۔ سیلان الرحم کے لئے اسی طرح مفید ہے۔ جس طرح نمبرا فائدہ کرتا ہے۔ اور تیاری میں بڑا آسان ہے خوراک ارتی مناسب بدرقہ یا کسی سفوف و معجون میں ملاکر دیں۔ کئی ایک نسخوں میں بھی یہ استعمال ہوتا ہے۔ یرقان کیلئے بھی مفید ہے۔

کشتہ قلعی

آدھ پاؤ قلعی لے کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پہ رکھیں، جب پگل جائے تو ایک سیر بھنگ یا پوست یا لوبھلی باریک شدہ کی چٹکی دینی شروع کردیں اور درخت برگد یعنی بڑھ کی ڈاڑھی کے موٹے ڈنڈے سے ہلاتے رہیں۔ نیچے آگ تیز ہونی چاہیئے۔ چٹکی آہستہ آہستہ ڈالیں اور حرکت دینے میں کوتاہی نہ کریں۔ بڑھ کا ڈنڈا نہ ملے تو لوہے کی کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔ جب سفوف ختم ہو جائے اور قلعی راکھ ہو جائے تو اتارلیں اب اس راکھ کو دہی میں کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی باریک ٹکیہ بنادیں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر گلحکمت کریں۔ اور سپندرہ بیس اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ مٹی کے مضبوط برتن میں بھی یہ عمل ہو سکتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال خوراک ارتی مکھن یا کسی مناسب معجون یا سفوف میں ملاکر استعمال کریں۔ جریان۔ احتلام سرعت کیلئے مفید ہے۔ سوزاک و ذیابیطس کے نسخوں میں استعمال ہوتا ہے۔

زنگ ہو گیا ہو تو بہتر ورنہ اسی طرح دو تین دفعہ لسی میں کھرل کر کے قرص بنا کر آگ دیں۔ عمدہ کشتہ بن جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت کیلئے بہت مفید ہے۔ خوراک ا رتی مناسب معجون سفوف یا مکھن میں ملا کر دیں۔

کشتہ قلعی

کیکر کی چھال دس سیر کوٹ کر رکھ لیں۔ اب زمین میں گڑھا بنا دیں۔ اس میں آدھی چھال بچھا دیں، اور خوب اچھی طرح دبا کر ہموار کر دیں۔ اس کے اوپر قلعی کے پترے جو روپے کے برابر موٹے ہوں۔ اور وزن میں تولہ تولہ ہوں۔ الگ الگ رکھ دیں۔ اس کے اوپر باقی چھال لیکر ڈال دیں اور آگ لگا دیں۔ جب سرد ہو جائے تو آرام سے اوپر والی راکھ ہٹا کر کشتہ چن لیں۔ اور پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتوں کی طرح ہے۔

کشتہ قلعی

پاؤ بھر قلعی لے کر لوہے کی کڑاہی میں پگھلا کر چونے کے پانی میں سات دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر قلعی کو کڑاہی میں رکھ کر پگھلائیں اور پھٹکڑی باریک کر کے چٹکی چٹکی قلعی پر ڈالتے جائیں۔ اور لوہے کے ڈنڈے سے ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ قلعی بالکل کشتہ ہو جائے۔

فوائد و ترکیب استعمال - جریان۔ احتلام۔ سیلان الرحم۔ کثرت حیض

کے لئے مفید ہے۔ خوراک ا رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

کشتہ سکہ

سکہ ۵ تولہ لے کر لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں۔ آگ پتھر کے کوئلوں کی تیز ہونی چاہیئے یا دوسرے کوئلوں کی ہو۔ مگر کوئلے کافی ہونے چاہیئے پھر قلمی شورہ پاؤ پختہ۔ بھنگ کے پتے پاؤ پختہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ اور تھوڑی سی چٹکی ڈالیں اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ جب وہ چٹکی اچھی طرح سے جل جائے اور اس کا دھواں وغیرہ ختم ہو جائے۔ تو پھر دوسری چٹکی ڈالیں اور برابر ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ شورہ وغیرہ بالکل ختم ہو جائے۔ زرد رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔ اکیلے شورہ کی چٹکی سے بھی سکہ کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال سوزاک۔ جریان۔ احتلام وغیرہ کے لئے مفید ہے خوراک ا رتی سے ۲ رتی تک مکھن یا مناسب سفوف۔ معجون میں ملا کر کھائیں۔

کشتہ سکہ

پانچ تولہ سکہ لیکر پترا بنوائیں۔ پھر قینچی سے کتر کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اور ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ ساتھ ہی ذرا ذرا سی مصری ڈالتے جاویں۔ جب نہایت باریک ہو کر چمک مر جائے تو رکھ لیں

فوائد و ترکیب استعمال کئی ایک سوزاک کے نسخوں میں استعمال ہوتا ہے ا رتی مکھن میں ملا کر کھانے سے سوزاک کو فائدہ

ہوتا ہے۔

کشتہ سکہ

سکہ ۱۰ تولہ یا بقدر ضرورت لیکر پترا بنائیں اور قینچی سے کتر کر گودہ گھیکوار میں خوب رگڑیں۔ جب سکہ حل ہو جائے تو باریک باریک ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے قرص بنا کر آگ دیں۔ پھر اسی طرح بار بار آگ دیتے رہیں۔ جب سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے تو پیس کر رکھ لیں۔ آگ ذرا ذرا کم کرتے جائیں۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ سیلان الرحم کیلئے مفید ہے۔ خوراک ارتی مکھن یا کسی سفوف معجون مغلظ منی میں ملا کر کھائیں۔

کشتہ سکہ

سکہ پانچ تولہ سکہ لوہے کی کڑاہی میں پگھلائیں۔ اور آکھ کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ آگ سخت تیز ہونی چاہیئے۔ لکڑی بدلتے رہیں۔ زرد رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ اسی طرح درخت برگد (بڑھ) کی لکڑی ہلاتے رہنے سے کشتہ بن جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سلسل البول سوزاک کیلئے مفید ہے۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی پانچ تولہ لے کر گلاب کے تازہ پھولوں کے پانی میں دو دن کسی نہ گھسنے والے کھرل میں کھرل کریں۔ پھر اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر گلاب کے پھولوں کے پاؤ بھر نگدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر اسی طرح کھرل کر کے نگدہ میں گلحکمت کر کے آگ دیتے رہیں جب تک کہ کشتہ نہ ہو جائے۔ عموماً چار پانچ آگ میں کشتہ ہو جاتا ہے۔ آگ ہوا سے بچا کر گڑھے میں دینی چاہیئے۔

فوائد و ترکیب استعمال دل۔ دماغ۔ جگر کو طاقت دیتا ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے کی وجہ سے جریان، احتلام، سرعت انزال کیلئے مجرب ہے۔ خوراک ارتی مناسب معجون سفوف یا مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔

کشتہ چاندی

اسی ترکیب کے ساتھ اور اتنے ہی نگدہ میں مندرجہ ذیل بوٹیوں میں کشتہ ہو جاتا ہے۔ جن چیزوں سے زیادہ پانی نہ نکلے۔ ان کو گھوٹ کر پانی نکال لینا چاہیئے۔ بوچھلی۔ داڑھی برڑھ (برگد) ہزار دانی۔ کیکر کے پتے۔ ہاتھی سنڈھی وغیرہ۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی پانچ تولہ لے کر لیموں کے پانی میں خوب کھرل کریں۔ پھر لیموں کے

دیا پاؤ بھر، نگدہ میں کسی کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے آٹھ دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اور اس وقت تک آگ دیتے رہیں جب تک کشتہ نہ ہوجائے۔ پانچ آگ میں اعلیٰ اور عمدہ کشتہ ہوجاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کی طرح ہے۔

(نوٹ: کاتب کی غلطی سے ایک آئیٹم "کشتہ سکہ" کی باقی رہ گئی تھی۔ جو یہاں درج کی جاتی ہے)

کشتہ سکہ

سکہ ہ تولہ لیکر لوہے کی کڑاہی میں رکھ کر کوئلوں کی تیز آگ پر پگھلادیں جب پگھل جائے تو پھٹکڑی پانچ تولہ کا باریک سفوف کرلیں۔ اور چٹکی چٹکی سکہ پر ڈالتے رہیں۔ اور لوہے کے دستہ سے رگڑتے رہیں جب کشتہ ہوجائے تو اتار لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال ہر جگہ کا خون بند کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ نفث الدم۔ بواسیر نکسیر۔ استحاضہ وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ مناسب بدرقہ کے ساتھ ۱ رتی سے ۳ رتی تک کھلادیں یا مکھن میں دیں۔

کشتہ چاندی

اسی ترکیب سے کابلی یا ترش انار میں کھرل کرکے انار کے پتوں کے نگدہ میں کشتہ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح آکھ کے دودھ میں کھرل کرکے آکھ کی چھال کے باریک نگدہ میں کشتہ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح چولائی خاردار کے پانی میں کھرل کرکے اسی کے نگدہ میں اور اسی ترکیب سے سرکہ تیز میں کھرل کرکے مندرجہ بالا بوٹیوں کے نگدہ میں آگ دیتے رہنے سے کشتہ اعلیٰ بن جاتا ہے۔ انار کے پتوں کے پانی میں کھرل کرکے لودھ پٹھانی کے نگدہ میں بھی ان ہی فوائد کا کشتہ بن جاتا ہے۔

گھی کوار کے پانی میں کھرل کرکے گھیکوار کے نگدہ میں بھی بہترین نگدہ تیار ہوتا ہے۔ رگڑائی خوب کریں۔ اور حسب ہدایت ہو۔ اسے بچا کر گڑھے میں آگ دیں۔

کشتہ چاندی

چاندی کا باریک پترا لیکر آگ پر خوب سرخ کرکے لیموں کے پانی میں تین بار بجھاؤ دیں۔ پھر درخت جامن کی چھال کا نگدہ بناکر ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کریں اور دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر لیموں کے پانی میں بجھاؤ دیکر اسی طرح آگ دیں۔ یہاں تک کہ کشتہ ہوجائے۔

فوائد و ترکیب استعمال اسی طرح ہے۔

کشتہ چاندی

اس ترکیب سے روپیہ بھی کشتہ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح کنڈائی خورد و کلاں کے پانی میں بجھاؤ دیکر اس کے نگدہ میں کشتہ ہوجاتا ہے۔ اسی طرح سرکہ میں بجھاؤ دیکر لوبھلی۔ کیکر کے پتے۔ داڑھی بڈھ کے نگدہ میں بھی کشتہ ہوجاتا ہے۔

اسی ترکیب سے انار کے پانی میں بجھاؤ دیکر انار کے پتوں کے نگدہ میں کشتہ

ہو جاتا ہے۔ اسی ترکیب سے پترا چاندی یا روپیہ جل دھنیا کے پانی میں
بجھاؤ و بکھر اسی بوٹی کے نگدہ میں آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔
اسی ترکیب سے روپیہ یا پترا پیاز کے پانی میں بجھاؤ دیکر نک چھکنی کے
نگدہ میں آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔ جو خاص طور پہ مقوی باہ
و اعصاب ہے۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی ا تولہ پارہ ا تولہ دونوں کو لیموں کے پانی میں دو روز کھرل
کریں۔ پھر کوزۂ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر
پارہ ایک تولہ ملا کر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے گلحکمت کر کے اتنے ہی اوپلوں
کی آگ دیں۔ اسی طرح چھ سات بار آگ دینے سے نہائت عمدہ کشتہ
تیار ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ضعف دماغ۔ ضعفِ باہ کیلئے بہت مفید ہے۔ بلکہ اکسیر
ہے۔ خوراک ارنی مناسب معجونوں میں یا مکھن و بالائی میں ملا کر کھلائیں
اسی طرح پارہ: برادہ چاندی کھٹکل بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے آگ
دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

اسی طرح پارہ: برادہ چاندی چولائی کے پانی میں کھرل کر کے۔ سی کے
نگدہ میں آگ دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال اسی طرح ہے جس طرح پہلے کشتہ میں بیان کیا
گیا ہے۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی ا تولہ پارہ ا تولہ۔ گندھک آملہ سار ا تولہ۔ نوشادر ا تولہ
پہلے چاندی و پارہ کو ایک روز کھرل کریں۔ پھر گندھک و نوشادر
ملا کر کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر شیشی کو خوب گل حکمت
کریں۔ مُنہ کھلا رہنا چاہیئے۔ پھر شیشی کو کوئلوں کی آگ پہ رکھیں۔
اور لوہے کا تنکا پھیرتے رہیں پہلے سیاہ دھواں نکلے گا۔ پھر سفید
جب زرد دھواں نکلنے لگے۔ اس وقت اتار لیں۔ سنہری رنگ کا
کشتہ نکلے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان احتلام سرعت کے لئے مفید ہے
مقوی باہ و مقوی معدہ ہے۔ دل دماغ
اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک کسی مناسب
معجون یا مکھن میں ملا کر کھا دیں۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی ا تولہ۔ سم الفار سفید ا تولہ دونوں کو لیموں کے پانی
میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ پھر کوزۂ گلی میں گل حکمت کر کے چار سیر
اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر بغیر سنکھیا کے لیموں کے پانی میں کھرل
تین چار بار اسی طرح آگ دیں۔ چاندی کشتہ ہو جاوے گی۔

فوائد و ترکیب استعمال یہ کشتہ نہائت عمدہ مقوی باہ و اعصاب ہے
بوڑھوں۔ بلغمی مزاج والوں کے لئے اکسیر ہے

خوراک اچاول سے آہستہ آہستہ چار چاول تک لے جائیں۔ مکھن
یا بالائی میں ملا کر کھلایا کریں۔

کشتہ چاندی

برادہ چاندی لے کر برگ تلسی کے پانی میں کھرل کر کے قرص بنا دیں۔
اور خشک کر کے اتولہ کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے اڑھائی سیر اوپلوں کی
آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال اعضائے رئیسہ دل و ماغ جگر و معدہ کو طاقت دیتا ہے۔
جریان۔ سوزاک کیلئے مفید ہے۔ نزلہ کو فائدہ دیتا ہے۔
مقدار خوراک ا رتی مکھن یا بالائی یا اور کسی معجون وغیرہ میں
استعمال کریں۔ حکیم حاجی علی ضیاء احمد

کشتہ چاندی

چاندی اتولہ لے کر اس کا باریک پترہ بنا دیں، اب کوزہ گلی
لے کر اس کے نیچے سم الفار (ا تولہ) سفید گندھک آملہ سار ا تولہ
کا سفوف آدھا بچھا دیں۔ اس کے اوپر وہ پترا رکھ دیں۔ باقی سفوف
اوپر دے کر گلحکمت کر دیں اور ہوا سے بچا کر تین سیر اوپلوں
کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ باریک پیس کر رکھ لیں، اگر
ایک آگ میں کشتہ نہ ہو۔ تو ایک آگ اسی طرح پھر دیں،

کشتہ چاندی

چاندی ۱ تولہ گلا کر پارہ ۱ تولہ میں ملاویں پھر کرنڈ بوٹی کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ چھوٹی چھوٹی بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔
فوائد اسی طرح ہیں۔

کشتہ سونا

برادہ سونا ۱ تولہ لیکر کسی نہ گھسنے والے کھرل میں ڈالیں اور گلاب کے تازہ پھولوں کے رس میں چار پانچ روز خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ پھر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر چولائی خاردار کے پانی میں چار روز کھرل کریں اور اسی طرح گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گلاب کے پھولوں کے رس میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ نہائت اعلیٰ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال یہ کشتہ دل و دماغ، جگر، اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ نہائت اعلیٰ مقوی باہ ہے۔ حرارت غریزی کو برانگیختہ کرتا ہے۔ آرزوئیں ہیں ولولے طبیعت میں جوش پیدا کرنے میں بے نظیر ہے۔
خوراک ایک چاول سے چار چاول تک کسی مناسب معجون یا بالائی یا مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔

کشتہ سونا

برادہ سونا یا نیاریوں کا خاکہ کیا ہوا سونا ایک تولہ لیکر ادرک کے صاف پانی میں ایک ہفتہ خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ پھر قرص بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر بھٹکٹ بوٹی کے پانی میں چار روز بلکہ ایک ہفتہ تک کھرل کریں۔ اور اسی طرح گلحکمت کرکے آگ دیں۔ پھر شراب وسکی یا برانڈی میں چار روز کھرل کرکے آگ دیں۔ کشتہ بن جائیگا۔ اگر کچھ کسر رہ جائے۔ تو پھر شراب میں کھرل کرکے آگ دیں۔

ترکیب استعمال مقوی باہ و مقوی اعصاب گولیوں میں یہی کشتہ استعمال کرنا چاہئیے۔ مجرب ہے۔

کشتہ سونا

برادہ سونا ایک تولہ لیکر نیم کے پھولوں کے رس میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ پھر چھوٹے چھوٹے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر ایک ہفتہ تازہ گلو کے پانی میں کھرل کرکے قرص بنا کر اسی طرح آگ دیں پھر رودونتی بوٹی کے پانی میں ایک ہفتہ کھرل کرکے اسی طرح آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال دق سل و پرانے بخاروں میں یہی کشتہ زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ ٹائیفائڈ کے بعد کمزوری دور کرنے کیلئے بہت مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ و باہ کو قوت دیتا ہے۔
خوراک ایک چاول سے چار چاول تک مکھن بالائی۔ لبوب کبیر یا کسی

مناسب بدرقہ میں استعمال کرادیں۔ اگر کوئی دق سل کا ایسا نسخہ تیار ہوتا ہو جس میں کشتہ سونا پڑتا ہو تو یہی کشتہ استعمال کریں۔

کشتہ سونا

برادہ سونا ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار اتولہ۔ دونوں کو گھیکوارہ کے پانی میں چار روز کھرل کریں پھر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر اتولہ گندھک ملا کر لعاب گھیکوار سے کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح چار آگ پوری کریں پھر نکال کر گلاب کے پھولوں کے رس میں یا روح گلاب میں چار روز خوب زور دار ہاتھوں سے کھریں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح تین آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتوں کی طرح ہے۔

کشتہ سونا

بادر نجویہ کو پانی میں جوش دیکر صاف کرلیں پھر اس پانی میں ورق طلا یا برادہ طلا تین روز تک کھرل کریں اور ٹکیہ بنا دیں پھر اس ٹکیہ کو دو کٹھالیوں میں گلحکمت کر کے خشک کریں اور پانچ سیر کوئلوں کی آنچ دیں پھر بادرنجویہ کو جوش دیکر صاف کر کے اس پانی میں کھرل کر کے گلحکمت کریں اور آگ دیں۔ اسی طرح پانچ آگ پوری کریں نہایت اعلیٰ کشتہ ہوگا۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

کر کے ایک آگ اور دے لیں تو بہت مفید ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال: دل دماغ جگر باہ و روح کو طاقت دینے کیلئے تجربہ شدہ ہے۔ خوراک ا چاول سے ۲ چاول تک مناسب بدرقہ کیساتھ دیں۔

کشتہ سونا

برادہ سونا یا ورق سونا یا نیاریوں سے خاکہ کرایا ہوا سونا ا تولہ لے کر پان کے پتوں کے رس میں تین روز کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر دو کٹھالیوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر برگ پان کے رس میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ اس طرح پانچ آگ دیں کشتہ تیار ہو جائیگا۔

فوائد و ترکیب استعمال: ضعف باہ - جریان احتلام کیلئے مجرب ہے۔ دل دماغ جگر کو طاقت دیتا ہے بخاروں کے بعد کی کمزوری و عام کمزوری کیلئے مفید ہے۔ خوراک ا چاول سے ۲ چاول تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ سونا

برادہ سونا ا تولہ لیکر کنٹائی خورد کے پانچ تولہ پانی میں ایک ماشہ پارہ ملا کر کھرل کریں پھر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے اڑھائی سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ہر بار ا ماشہ پارہ ملا کر کھرل کریں۔ بیس پچیس آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا

فوائد و ترکیب استعمال: تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت دینے کیلئے اکسیر ہے خوراک ا چاول سے ۲ چاول تک مناسب بدرقہ کیساتھ دیں۔

کشتہ تانبہ

برادہ تانبہ ۵ تولہ لیکر آک کے دودھ میں تین روز کھرل کریں پھر اس کی ٹکیہ چھوٹی چھوٹی بنا کر آکھ کی کونپلوں کے پاؤ بھر نگدہ میں رکھ کر ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے اینٹوں کے بھٹہ یا برتن پکانے والے کمہاروں کے آوے میں آگ دیں پھر نکال کر آکھ کے دودھ میں پیس کر اسی طرح دو تین دفعہ اور آگ دیں پھر نکال کر نہایت باریک پیس لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: ضیق النفس بلغمی یعنی دمہ فالج لقوہ استرخاء وجع المفاصل وغیرہ تمام بلغمی امراض کیلئے تحفہ ہے۔ بوڑھوں کے لئے مفید ہے۔ بلغمی مزاجوں میں نہایت عمدہ مقوی باہ ہے۔ کشتہ تانبہ بچوں کو ہرگز استعمال نہ کریں۔

کشتہ تانبہ

برادہ تانبہ ۵ تولہ لیکر لیموں کے پانی میں کھرل کر کے کریر کے پھل یا پتوں یعنی ڈیلوں کے پاؤ بھر نگدہ میں دو تین آگ دیں۔ آگ تانبہ کو یا تو بھٹہ یا آدھا یا دو من اوپلوں کی دینی چاہیئے۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ ادھرک کے پانی میں اسی طرح کھرل کرکے کٹائی خورد کے پتوں پاؤ بھر کے نگدہ میں آگ دیں۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ کیکر کے تکلوں کے رس میں کھرل کرکے کیکر کے پتوں کے نگدہ میں گل حکمت کرکے اسی طرح آگ دیں۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ جامن کے رس میں کھرل کرکے جامن کے پتوں کے نگدہ میں پہلے کشتے کیطرح گل حکمت کرکے آگ دیں۔

برادہ ۵ تولہ تانبے کا ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں اسی طرح کھرل کرکے سجی بنانے والی بوٹی کے نغدہ میں آگ دینے سے عمدہ کشتہ بن جاتا ہے۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ کو کوار گندل کے رس میں کھرل کرکے گھونگھچی سفید پیس کر نیچے اوپر دیکر گل حکمت کرکے پہلے کیطرح آگ دیں اعلیٰ کشتہ تیار ہوتا ہے۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ لیکر ہنسکل بوٹی کے پانی میں کھرل کرکے سفید کنیر کے پھولوں کے نغدہ میں گل حکمت کرکے آگ دیں اعلیٰ کشتہ ہوگا۔

برادہ تانبہ ۵ تولہ لیکر سجی بوٹی بنانیوالی کے پانی میں کھرل کرکے جھولوٹا پاؤ بھر نیچے اوپر دے کر اسی طرح آگ دیں نفیس کشتہ ہوگا۔

نوٹ:۔ یہ تمام کشتے ہر بار دو تین روز کھرل کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے تیز آگ دینی چاہیئے۔

فوائد و ترکیب استعمال یہ تمام کشتے بلغمی امراض مثلاً دمہ بلغمی پرانی کھانسی بلغمی لقوہ استرخا گنٹھیا

ضعف باہ۔ جریان احتلام کیلئے اکسیر ہیں۔ بچوں کو ہرگز نہ دیں۔ جوانوں بلغمی مزاج والوں کو احتیاط سے دیں۔ بوڑھوں و ادھیڑ عمر والوں کے لئے اکسیر ہیں۔ خوراک ایک چاول سے چار چاول تک بالائی۔ مکھن یا کسی معجون مناسب حال میں ملا کر کھلایا کریں۔ پہلے ہر روز ایک دفعہ دیں۔ جب مریض برداشت کر جائے تو صبح وشام دیا کریں

کشتہ تانبہ

تانبہ کا موٹا پیسہ یا ادھنی لیکر اس پر قلعی کا پترا لپیٹ دیں پھر ایک کوزہ گلی لیکر اس میں جھولوٹا کوٹ کر پیسہ کے نیچے اوپر دیکر گل حکمت کریں اور دو من اوپلوں کی آگ دیں۔ اس طرح دو تین آگ میں سفید کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ اگر بہت سے پیسے اسی طرح بنا کر مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اینٹوں کے بھٹہ یا آوے میں آگ دیں تو جلد کشتہ تیار ہو جاتا ہے جھولوٹا کی جگہ بکھنی بوٹی۔ بھنگ۔ مہندی کے نغدہ میں بھی کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتوں کیطرح نیز اسی طرح مقدار خوراک ہے۔

کشتہ تانبہ

تانبہ کا پترا یا پیسہ موٹا یا ادھنی لیکر کوئلوں کی آگ پر خوب سرخ کرکے آکھ کے دودھ میں سات دفعہ بجھا دیں۔ پھر سات دفعہ گھیکوار کے پانی میں بجھا دیں۔ پھر ڈیلوں کے نگدہ میں گل حکمت کرکے ایک

من اوپلوں کی آگ دیں ۔ اس طرح دو تین آگ دینے سے اعلیٰ کشتہ تیار ہوجاتا ہے ۔

فوائد و ترکیب استعمال پہلے کشتوں کیطرح ہے ۔

کشتہ تانبہ

تانبے کا پترا ادھنی یا موٹے پیسے لیکر کوئلوں کی آگ پر خوب سرخ کرکے گائے کے پیشاب میں سات دفعہ بجھا دیں ۔ پھر انار کے پتوں کے پانی میں بجھادیں ۔ پھر ان پر قلعی لپیٹ کر دو عدد کی خورد کے پاؤ بھر نگدہ میں گلحکمت کرکے کمہاروں کے آوے میں آگ دیں یا دو من اوپلوں کی آگ دیں ۔ دو تین آگ میں اعلیٰ کشتہ تیار ہوجاتا ہے ۔

فوائد و ترکیب استعمال :۔ ایک ہی ہیں ۔

کشتہ تانبہ

برادہ تانبہ ۵ تولہ پھٹکڑی ۵ تولہ دونوں کو گھیکوار کے رس میں تین روز کھرل کرکے ایک کوزہ گلی میں گلحکمت کریں ۔ ایک من اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر پانی میں ملادیں تاکہ پھٹکڑی حل ہو جائے پھر نتہار کر اس برادہ کو گھیکوار کے گودہ میں کھرل کرکے آگ دیں اعلیٰ کشتہ تیار ہوجائیگا

فوائد و ترکیب استعمال :۔ اسی طرح ہیں ۔

کشتہ تانبہ

تانبہ کا موٹا یا ادھنی یا پترا لیکر کوزہ گلی میں نیچے اوپر ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ دیکر گلحکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوجائیگا ۔ دو تین آگ دیں ۔

فوائد و ترکیب استعمال :۔ ایک ہی ہیں ۔

کشتہ تانبہ

تانبے کے موٹے پیسے ۔ ادھنیاں یا پترے وزن گیارہ تولہ لیں اور ان کو کوئلوں کی تیز آگ پر سرخ کرکے کالی گائے کے پیشاب میں سات دفعہ بجھاویں ۔ پھر کٹائی خورد کے پانی میں سات دفعہ بجھادیں پھر گائے کے دودھ میں سات دفعہ بجھادیں ۔ پھر پارہ ۲ تولہ اور گندھک آملہ سار چھ تولہ کی کجلی کریں اب اس کجلی میں ہڑتال ورقیہ آٹھ تولہ میٹھا تیلیا ۴ تولہ ملاکر گائے کے پیشاب میں کھرل کریں اور پتروں پر لیپ کردیں ۔ اب ان کو کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے دو من اوپلوں کی آگ دیں ۔ کشتہ ہوجائیگا ۔ اگر کمی رہے تو گودہ گھیکوار میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پھر آگ دیں ۔ نہایت اعلیٰ کشتہ تیار ہوگا ۔

فوائد و ترکیب استعمال فالج لقوہ ۔ ضعف باہ ۔ ابن خا گنٹھیا وغیرہ تمام بلغمی بیماریوں کے لئے سب کشتوں سے زیادہ مفید ہے ۔ خوراک ارتی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلاویں ۔

کشتہ تانبہ

ادھنی شیر مار کر کو بلوں میں خوب سرخ کر کے امبر دل کے پانی میں چالیس دفعہ بجھا دیں پھر کریر کی جڑ کے پانی میں چالیس دفعہ پھر سنکھیا ۱۔ تولہ کو بیخ کریر کے پانی میں کھرل کر کے ادھنی پر لیپ کریں اور امبر دل کے نگدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر مضبوط گل حکمت کریں اور خشک کر کے ہوا سے بچا کر ۱۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا اگر ایک آنچ میں کشتہ نہ ہو تو پھر سم الفار کا اسی طرح لیپ کر کے ایک دو آگ اور دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال تمام سرد و بلغمی امراض مثلاً فالج لقوہ خدر۔ ضعف باہ کیلئے اکسیر ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں۔ بوڑھوں و بلغمی مزاج مریضوں کیلئے بہت مفید و مجرب ہے۔

کشتہ شنگرف

شنگرف رومی ۵ تولہ کو آکھہ کے دودھ ایک پاؤ میں کھرل کریں جب دودھ ختم ہو جائے تو پھر سفید پیاز کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کر کے ایک ایک تولہ کی پانچ ٹکیہ بنا دیں اب ان پانچوں ٹکیہ کو لہسن یعنی تھوم کے آدھ سیر نگدہ میں الگ الگ رکھ کر اس کے اوپر پرانے کپڑوں کی دھجیاں (لتاکیاں) چار سیر لپیٹ دیں اور آگ لگا دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ شنگرف کشتہ ہو جاویگا۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال نہایت اعلیٰ مقوی باہ ہے جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ استرخا وغیرہ سرد امراض کے لئے فائدہ مند ہے۔ خوراک ارتی کسی مناسب بدرقہ معجون بالائی وغیرہ میں ملا کر کھائیں۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ۵ تولہ لے کر ایک کوزہ گلی میں رکھ کر اس کے اوپر پیاز کا پانی دس تولہ آکھہ کا دودھ تولہ ڈال کر ڈھکنا سے بند کر دیں۔ اب اس کوزہ کو چولہا پر رکھ کر نیچے اوپلوں کی آگ دیں۔ جب پانی اچھی طرح خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ شنگرف کشتہ تیار ہو جاویگا۔

فوائد و ترکیب استعمال نہایت اعلیٰ مقوی باہ ہے۔ سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ خوراک ارتی بالائی مکھن یا کسی مناسب معجون وغیرہ میں رکھ کر کھلاویں۔

کشتہ شنگرف

شنگرف رومی انول کی ڈلی لے کر رکھ لیں پھر کچلہ دس تولہ کو باریک کوٹ کر ایک پاؤ آکھہ کے دودھ میں کھرل کر کے نگدہ بنا دیں۔ اس نگدہ میں شنگرف رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا

فوائد و ترکیب استعمال باہ کو طاقت دیتا ہے۔ پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مقوی معدہ، خوراک آدھی رتی

مناسب بدرقہ میں دیں۔

کشتہ شنگرف

پہلے سرخ مرنج کی لکڑیاں پانچ سیر جلاکر راکھ کرلیں۔ اب ایک ہانڈی میں آدھی راکھ بچھاکر اور شنگرف ۵ تولہ کی ڈلی رکھ دیں۔ اس کے اوپر باقی راکھ ڈالکر دبا دیں۔ اب اس پر ڈھکنا دے کر اس کے منہ پر گل حکمت کر دیں اور نیچے ہلکی ہلکی بیری کی لکڑیوں کی پانچ سیر آگ دیں شنگرف کشتہ ہوجائیگا۔

فوائد و ترکیب استعمال مقوی باہ ہے۔ سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ خوراک آدھی رتی سے ارتی تک مکھن بالائی یا کسی مناسب معجون میں دیں۔

کشتہ شنگرف

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

شنگرف ۵ تولہ کی ڈلی لیکر ایک کڑاہی میں رکھدیں۔ اس کے اوپر گھی ایک پاؤ شہد ایک پاؤ بھلاوے ایک پاؤ ڈال دیں۔ اور کڑاہی کو آگ پر رکھ دیں تھوڑی دیر آگ جلانے سے دواؤں کو آگ لگ جائیگی۔ جب وہ جل جائیں تو جلدی سے اتار کر سرد ہونے سے پہلے ہی شنگرف کی ڈلی نکال لیں اور پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال آدھی رتی سے ارتی تک مکھن یا بالائی یا مناسب بدرقہ میں دیں۔ باہ کو طاقت دیتا ہے۔ سرد بیماریوں میں مفید ہے۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ کی ڈلی لے کر ایک کوزہ میں رکھیں اور اس کو گودہ گھیکوار سے بھر دیں پھر گل حکمت کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جاویگا۔ پیس کر رکھ لیں۔

فوائد وترکیب استعمال:۔ نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن بالائی یا کسی مناسب معجون میں ملا کر صبح کھلا دیا کریں۔ مقوی باہ ہے۔ سرد بیماریوں کو مفید ہے۔ خوراک ہضم کرنے کیلئے عمدہ ہے۔

کشتہ شنگرف

ایک مٹی کی ہانڈی لیکر اس میں ۲ سیر ریت ڈالدیں۔ اس کے اوپر مرغ کے انڈوں کے چھلکے پانچ تولہ کوٹ کر بچھا دیں اس کے اوپر شنگرف کی پانچ تولہ ڈلی رکھ دیں اس کے اوپر پانچ تولہ انڈوں کا باریک شدہ چھلکا ڈالدیں اوپر پھر ریت ۲ سیر ڈالدیں اور نیچے آگ جلادیں جب ریت خوب سرخ ہو جائے تو اتار لیں اور شنگرف پیس کر رکھ لیں۔

فوائد وترکیب استعمال:۔ ا رتی مکھن بالائی یا کسی مناسب معجون میں ملا کر کھلادیں۔ مقوی باہ ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ غذا ہضم کرنے کے لئے مفید ہے۔

کشتہ شنگرف

کیکر کا چھلکا دس سیر کوٹ کر رکھ لیں۔ اب ایک مٹکا لے کر اس میں آدھا چھلکا بچھا دیں اس کے اوپر چھلکا ریٹھہ کا سفوف آدھا پاؤ بچھا کر اس کے اوپر شنگرف کی ڈلی پانچ تولہ رکھ دیں۔ اس کے اوپر چھلکا ریٹھہ کا سفوف آدھ پاؤ بچھا کر اوپر چھلکا کیکر باقی پانچ سیر ڈالدیں۔ اب اس میں پانی اتنا ڈالیں کہ چھلکا کیکر سے اوپر آجائے۔ اب اس گڑھا کو آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی اچھی طرح خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر شنگرف نکال لیں اور پیس کر رکھ لیں۔

فوائد وترکیب استعمال ضعف باہ کیلئے مفید ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ بدن موٹا کرتا ہے۔

خوراک:۔ ا رتی مکھن میں ملا کر کھالیا کریں۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ایک تولہ کی ڈلی لیں پھر کچلہ دس تولہ پانی میں بھگو رکھیں جب نرم ہو جائے تو کوٹ کر نغدہ بنالیں۔ اس میں ڈلی رکھ دیں۔ اوپر عورتوں کے بال آٹھ تولہ کا چمٹا سے لت کر کے لپیٹ دیں۔ اب ایک کوزہ گلی میں چونہ ان بجھ ۱۶ تولہ اس گولہ کے نیچے اوپر دیکر گلحکمت کریں اور ایک من اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

فوائد وترکیب استعمال:۔ فالج لقوہ استرخا وغیرہ بلغمی امراض کے لئے مفید ہے۔ مقوی باہ ہے۔

خوراک :- ارتی ہمراہ بالائی یا مکھن دیں۔

کشتہ سم الفار یعنی سنکھیا

پھر چوٹہ یعنی پھکنڈ لے کر جلالیں اس کی چار سیر راکھ لیں اور ایک مٹی کی ہانڈی میں دو سیر راکھ ڈالکر اس کے اوپر پانچ تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ دیں۔ باقی ۲ سیر راکھ اوپر ڈالدیں ہانڈی پر ڈھکنا دے کر چولہے پر رکھ دیں اور نیچے آگ نرم نرم جلا دیں۔ جب پندرہ سیر لکڑیاں جل جاویں۔ تو آگ بند کر دیں جب خوب سرد ہو جائے تو اتار لیں اور ڈلی نکال کر باریک پیس لیں۔

نوٹ:- پیپل کی راکھ۔ ڈھاک کی راکھ۔ بھنگ و برگد کی داڑھی کی راکھ میں اسی ترکیب سے کشتہ ہو جائیگا۔

فوائد و ترکیب استعمال چوتھا حصہ چاول سے شروع کر کے ایک چاول تک لیجائیں۔ غذا کھانے کے بعد مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھالیا کریں۔ لقوہ۔ فالج استرخا وغیرہ سرد امراض کے لئے مفید ہے۔ دمہ کھانسی بلغمی پرانی کے لئے فائدہ مند ہے۔ جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔

کشتہ سم الفار

پھٹکڑی۔ سمندر جھاگ۔ نمک ہندی۔ قلمی شورہ ہر ایک دو دو تولہ پیس کر دو تولہ سم الفار کی ڈلی کے نیچے اوپر نصف نصف ڈال کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور خشک کر کے گھوڑے کی خشک لد

لید (سرگین اسپ) آدھ سیر سے ایک سیر تک آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا نکال کر باریک پیس لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال دمہ و پرانی بلغمی کھانسی کے لیے بہت مفید ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک کسی مناسب معجون میں یا مکھن یا بالائی میں کھلا دیا کریں۔ پھٹکڑی شورہ کی راکھ کو ارتی استعمال کرنا ریح زائل کرنے کے لئے مفید ہے

کشتہ سم الفار

سم الفار ایک تولہ لے کر عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں پھر ایک کوزہ گلی لے کر اس میں ڈلی کے نیچے اوپر دارچینی باریک شدہ ڈال کر گل حکمت کریں اور تین سیر جنگلی اوپلوں کی گڑھے میں آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ اگر کچھ کمی رہ جائے تو پھر اسی طرح ایک دو آگ اور دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال بوڑھوں اور بلغمی مزاج والوں میں نہایت عمدہ مقوی باہ ہے۔ سرد اور بلغمی بیماریوں میں اکسیر صفت ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن بالائی۔ حلوہ وغیرہ میں کھلا دیں۔ گھی و دودھ کا استعمال خوب کریں۔

کشتہ سم الفار

ایک تولہ سنکھیا سفید کی ڈلی لے کر ایک سیر شلغم کے پانی میں پکا دیں جب تھوڑا سا پانی باقی رہ جائے۔ تو ڈلی نکال کر ایک بڑے شلغم میں

گہرا سوراخ کرکے رکھدیں۔ اوپر ہی شلغم کا نکلا ہؤا برادہ ڈالدیں اور خوب اچھی طرح گل حکمت کرکے دس۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال مقوی باہ ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن بالائی یا کسی مناسب معجون میں کھلاویں دودھ گھی خوب کھلاویں۔

کشتہ سم الفار

سنکھیا ۲ تولہ لیکر ادرک کے پانی میں آٹھ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر گھیکوار کے پانی میں آٹھ گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر دودھی بوٹی کے پانی میں آٹھ گھنٹہ کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنادیں۔ اب توے پر پانچ تولہ سندھور بچھاویں اس کے اوپر ٹکیہ رکھدیں۔ اوپر پھر پانچ تولہ سندھور ڈال دیں، اور نیچے نرم نرم آگ جلاویں اور خیال رکھیں کہ کسی طرف سوراخ نہ ہو۔ اگر معلوم ہو تو اور سندھور ڈالدیں۔ چھ گھنٹہ آگ جلادیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔ پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ تمام سرد بیماریوں کے لئے مفید ہے مقوی باہ ہے۔ کھانسی، دمہ بلغمی کے لئے مجرب ہے۔

ایضاً

سنکھیا زرد ایک تولہ کی ڈلی پیس کر دھتورہ کے تازہ پھل میں داخل کرکے اس پر آٹا لگادیں۔ اور گرم بھوبھل میں دبادیں جب آٹا سُرخ ہو جاوے تو ڈلی نکال کر دوسرے دھتورے میں داخل کریں اور بھوبھل میں دبادیں۔ اسی طرح چالیس دھتوروں میں یہ عمل کریں۔ پھر ڈلی نکال کر لوہے کی کڑاہی میں رکھ کر نرم آگ دیں۔ اور ڈلی پر آکھ کا دودھ تھوڑا تھوڑا ڈالتے رہیں۔ جب آدھ سیر دودھ ختم ہو جاوے تو شراب برانڈی تھوڑی تھوڑی ڈالنا شروع کریں۔ جب آدھ سیر شراب ختم ہو جاوے تو اُتار کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال نہایت مقوی باہ ہے۔ سرد امراض میں مفید ہے۔ کھانسی دمہ بلغمی کے لئے مجرب ہے خوراک نصف چاول سے ایک چاول تک مکھن میں رکھ کر کھلادیا کریں۔

کشتہ سم الفار

بسکھپرا بوٹی جلاکر نمک تیار کریں۔ یہ نمک پانچ تولہ لیکر ایک کوزہ گلی میں سم الفار ۱ تولہ کے نیچے اوپر دیکر گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی ہوا سے بچاکر آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔ پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال و فوائد۔ نصف چاول سے ۱ چاول تک دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد دیں۔ بالائی میں گھی دودھ خوب استعمال کریں۔ تمام بلغمی امراض کے لئے اکسیر ہے نہایت مقوی باہ ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔

ایضاً

پیپل کی لکڑیاں جلاکر چار سیر راکھ بنادیں۔ اب ایک کڑاہی لوہے کی

لے کر اس میں آدھی راکھ ڈال دیں۔ اس پر ۷۔ تولہ سندھور بچھادیں، اوپر سنکھیا سفید تولہ۔ تولہ کی دو ڈلیاں الگ الگ رکھ دیں، اس پر ۷۔ تولہ سندھور بچھادیں۔ اس کے اوپر باقی راکھ ڈالدیں، اور دبا دیں۔ اب کڑاہی کو چولھے پر چڑھاکر نیچے پیپل کی لکڑیوں کی آگ جلادیں۔ جب راکھ پر گندم کے دانے رکھنے سے بھن جائیں تو اتارلیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ڈلی اٹھاکر پیس لیں۔ اگر اچھی طرح نہ ہو۔ تو دوبارہ یہی عمل کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال خوراک ½ چاول سے آدھا چاول تک مکھن یا بالائی میں رکھکر روٹی کے بعد کھالیں۔ تمام بلغمی و سرد بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ مثلاً فالج لقوہ۔ استرخاء گنٹھیا۔ عرق النساء وغیرہ۔

کشتہ سم الفار

سم الفار ۲ تولہ (یعنی سنکھیا) لے کر ایک بڑے زرد بینگن میں سوراخ کرکے رکھ دیں۔ اوپر گلحکمت کرکے بھوبھل میں دبا دیں۔ جب گل حکمت سرخ ہو جائے۔ تو ڈلی نکال لیں۔ اسی طرح اکیس بینگنوں میں یہ عمل کریں۔ پھر ۱ تولہ موم مغز ارنڈ ۱ تولہ پیس کر سم الفار پر لیپ کریں۔ اور پھر ایک مولی آدھ سیر وزن کی لیکر اس میں یہ ڈلی رکھ دیں۔ برادہ مولی سے بند کرکے مضبوط گلحکمت کریں اور خشک کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ پھر ڈلی نکال کر گرنڈ بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھکر گل حکمت کریں اور پانچ سیر جنگلی اوپلوں کی ہوا سے بچاکر آگ دیں کشتہ ہوگا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ ۲ تولہ کو تین پاؤ بھیڑ کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بناکر خشک کریں۔ ایک کوزہ گلی لے کر ½ تولہ نمک باریک پیسا ہوا۔ آدھا ہڑتال کے اوپر آدھا نیچے رکھکر گلحکمت کریں۔ اور دس پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال:- فالج۔ لقوہ۔ گنٹھیا۔ خدر۔ بخار پرانا کے لئے مفید ہے۔ خوراک ۱ رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ پانچ تولے کر آکھ کے دودھ میں دو روز کھرل کریں۔ پھر گھیکوار کے لعاب میں دو روز کھرل کریں۔ پھر تولہ تولہ کی پانچ ٹکیہ بناکر ایک ہانڈی گلی میں خاکستر درخت پیپل آدھی ٹکیوں کے نیچے آدھی اوپر بھر کر اوپر ڈھکنا دیکر چولھے پر رکھیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ پانچ سیر لکڑیاں نیچے جلائیں۔ پھر اتار کر ہڑتال باریک پیس لیں کشتہ ہوگی۔

فوائد و ترکیب استعمال تمام بلغمی امراض کے لئے اکسیر ہے۔ مثلاً فالج۔ لقوہ۔ استرخاء۔ کھانسی۔ دمہ۔ ضعف باہ۔ ہاضم کی کمزوری کے لئے مجرب ہے۔ خوراک ۱ رتی مناسب معجون یا کسی اور بدرقہ میں ملاکر کھلائیں۔

نوٹ۔ اسی ترکیب سے سپھلکنڈا کی راکھ درخت ڈھاک کی راکھ

کے بڑے اکسیر ہے۔ خوراک آدھی رتی سے ایک رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں،

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ پانچ تولہ لے کر گائے کے پیشاب میں بیس ۲۰ روز تر رکھیں۔ پھر صدف مروارید ۱۶ تولہ جلا کر باریک پیس کر ایک کوزہ گلی میں ہڑتال کے نیچے اوپر دے کر دبا دیں اور چولھے پر رکھ کر نیچے ۹ گھنٹے آگ جلائیں۔ سرد ہونے پر کشتہ نکال لیں،

فوائد و ترکیب استعمال خوراک ۱۔ چاول مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں، فالج۔ استرخا۔ جذام۔ خدر۔ پرانے بلغمی بخاروں کے لئے مفید ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ورقیہ پانچ تولہ لیکر گولر کے دودھ پاؤ بھر میں تین روز خوب کھرل کریں، پھر گولر کے پتوں کو جلا کر پانچ سیر راکھ بنائیں۔ اب ایک مٹی کی ہانڈی میں ہڑتال کے نیچے اوپر یہ راکھ دیکر دبا دیں، اور ہانڈی کو آگ پر رکھدیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب راکھ کے اوپر گندم کے دانے رکھنے سے بھن جائیں تو اتار لیں۔ ہڑتال کشتہ ہو جائے گی۔ اگر اچھی طرح نہ ہو۔ تو پھر آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال دمہ بلغمی کے لئے بہت مفید ہے۔ خوراک ۲ چاول معجون دمہ میں ملاکر شربت دمہ ۲ تولہ دیں۔ شربت و معجون کا نسخہ بیاض سہائی بخش حصہ اول میں درج ہے

کشتہ پارہ

پارہ کو کشتہ کرنے سے پہلے ہمیشہ صاف کرلینا چاہیئے جس کی آسان ترکیب یہ ہے۔ کہ پرانی اینٹ کے برادے میں ڈال کر کھرل کریں۔ پھر پھونک مار کر برادہ اڑا دیں۔ اسی طرح تین بار کرنے سے پارہ صاف ہو جاتا ہے۔ موٹے کپڑے میں بار بار مل کر نکالنے سے بھی پارہ صاف ہو جاتا ہے۔

پارہ صاف ۲ تولہ کریہ کے پھولوں کے پانی میں دو روز کھرل کریں جب گولی بن جائے تو کریہ کے پھولوں کے نغدہ میں رکھکر مضبوط گلحکمت کریں اور ہوا سے بچا کر تین سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال، ۱ چاول سے ۲ چاول تک مکھن بالائی یا مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلانے سے ضعف باہ۔ ضعف اعصاب کیلئے بہت مفید ہے۔ جریان۔ احتلام۔ ضعف اشتہاء کیلئے مجرب ہے۔

کشتہ پارہ

پارہ ایک تولہ کو آکھ کے زرد پتوں کے پانی میں تین روز کھرل کریں پھر ایک کوزہ گلی میں نیم کے پتوں کا نغدہ ۱ تولہ پارہ کے نیچے اوپر دیکر گلحکمت کریں۔ اور پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ اگر اچھی طرح نہ ہو تو پھر کھرل کرکے آگ دیں،

فوائد و ترکیب استعمال:- خوراک آدھا چاول مکھن یا کسی مناسب معجون میں کھلا دیں۔ اعضاء رئیسہ اور باہ کو طاقت دیتا ہے۔

کشتہ پارہ

پارہ ۵ تولہ لے کر شہتوت کے پتوں کے پانی میں ایک روز کھرل کریں پھر ستیاناسی بوٹی کے پانی میں دو روز کھرل کریں، پھر کیلہ کے تنے کے پانی میں ایک روز کھرل کریں۔ پھر زخم حیات بوٹی کے پانی میں ایک روز کھرل کریں۔ گولی بن جائے گی۔ پھر ایک انڈا مرغی کا لے کر اس میں سوراخ کرکے یہ پارہ داخل کردیں اور اس کے اوپر ماش کے آٹا کا ضماد کریں۔ جب خشک ہو جائے۔ تو ہوا سے بچا کر تین سیر باریک شدہ اپلوں کی آگ دیں، کشتہ ہوگا۔

ترکیب استعمال آدھا چاول مکھن۔ خمیرہ گاؤزبان یا کسی مناسب معجون میں کھلاویں،

کشتہ پارہ

پارہ ۱ تولہ قلعی ۱ تولہ۔ قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈال دیں۔ ڈلی بن جائیگی اب آٹھ تولہ بالچھڑ کے نغدہ میں رکھکر کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے پانچ سیر جنگلی اپلوں میں ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ سوزاک ضعف جگر۔ ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔

خوراک آدھی رتی سے ۱ رتی تک مناسب معجون یا سفوف میں ملا کر دیں۔

کشتہ پارہ

پارہ پانچ تولہ لیکر مولی کے پانی میں کھرل کرتے رہیں یہاں تک کہ گولی بن جائے۔ اب کیلے کا ڈنڈا نصف گز لے کر اس میں سوراخ کریں اور گل عباسی کے پتے ۱۰ تولہ کوٹ کر ڈال دیں۔ اس کے اوپر پارہ کی گولی رکھدیں۔ اس کے اوپر گل عباسی کے پتے ڈالدیں۔ اور کیلے کے برادہ سے بھر دیں۔ پھر اس ڈنڈا کو خوب گلحکمت کریں۔ اور اس کے نیچے مٹی کی رکابی رکھیں، اور ہوا سے بچا کر گڑھے میں پچیس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ پارہ کشتہ ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت، ضعف باہ ضعف جگر کیلئے مفید ہے۔ خوراک ۲ چاول مکھن میں رکھکر کھالیں

کشتہ پارہ

پارہ ۱ تولہ تیزاب گندھک ۲ تولہ۔ تیزاب شورہ ۲ تولہ۔ کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلاویں۔ خشک ہونے پر اتار لیں۔ پارہ کشتہ ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال۔ ۱ چاول سے ۲ چاول تک مکھن۔ بالائی یا مناسب بدرقہ میں کھلایا کریں۔ جریان۔ احتلام۔ ضعف اعصاب۔ ضعف باہ کیلئے مفید ہے۔

ایضاً

پارہ ۱ تولہ رتن جوت بوٹی کے ایک پاؤ عرق میں کھرل کریں، اور ایک کوزہ

گلی میں رکھکر اس کے اوپر نیچے اِٹ سِٹ کا پانچ تولہ نگدہ ڈال کر گلحکمت کریں اور ہوا سے بچا کر چار سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد۔ پہلے کشتوں کی طرح ہے۔

کشتہ پارہ

پارہ ۲ تولہ کافور ۳ ماشہ رام پتری سب کو ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کیلے کے ڈنڈے کا نگدہ پاؤ بھر میں رکھکر گلحکمت کریں اور ہوا سے بچا کر دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

فوائد پہلے کشتوں کی طرح ہے۔

کشتہ پارہ

ہلدی ایک پاؤ لے کر باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولہ بنا دیں۔ اس گولہ کے اندر سوراخ کر کے ۲ تولہ پارہ ڈال دیں اور ہلدی سے منہ بند کر دیں اس کے اوپر پرانا کھدر ایک سیر لپیٹ دیں اور گولہ سا بنا کر ایک مٹی کے برتن میں رکھکر آگ لگا دیں۔ جب آگ ٹھنڈی ہو جائے۔ تو گولہ توڑ کر پارہ کشتہ شدہ نکال لیں

فوائد پہلے کشتوں کی طرح ہے۔

مُجرّبات سائیں بخش

اِس حصّہ میں حکیم سائیں بخش صاحب کے وُہ مُجرّبات ہیں۔ جو بیاض سائیں بخش حصّہ اول میں درج ہونے سے رہ گئے تھے،

فوائد و ترکیب استعمال:- معدہ و قوت ہاضمہ کو طاقت دینے کیلئے خاص الخاص گولیاں ہیں۔ جو ہر طبیب کو مطب میں رکھنی چاہئیں۔ خوراک ایک گولی سے ۲ گولی روٹی کے بعد۔

طلا فاسفورس

مغز جمال گوٹہ ۵ تولہ۔ مغز پستہ ۵ تولہ۔ دونوں کا تیل پاتال جنتر کے ذریعہ تیل نکال لیں۔ اب ایک تولہ اس تیل میں فاسفورس خشک ۲ گرین، زعفران کشمیری ۱ ماشہ، مکھی سبز پر کٹے ہوئے ۵ عدد، شامل کر کے ۹ گھنٹہ کھرل کریں۔ اور شیشی میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: دو قطرہ لے کر عضو مخصوص پر سیون و حشفہ چھوڑ کر مالش کریں۔ اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ نیم گرم رکھ کر کچے دھاگہ سے لپیٹ لیں۔ تین چار دن مالش کرنے سے اگر دانے نکل آئیں۔ تو طلا بند کر دیں۔ اور صبح و شام گھی جلا کر لگایا کریں۔ جب دانے ٹھیک ہو جائیں۔ تو پھر طلا شروع کر دیں۔

فوائد: عضو مخصوص کو موٹا کرتا ہے۔ پٹھوں کو طاقت دیتا ہے۔ باہ کو قوی کرتا ہے! نوٹ۔ سبز مکھی بوچڑ خانوں سے مل جاتی ہے۔

ضماد چنبیل

لوٹا سجی ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ دودھ آکھ ۱۲ تولہ۔ میٹھا تیل ۸ تولہ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ خشک دواؤں کو پیس کر کسی پیتل کے چوڑے برتن میں ڈالیں اور تھوڑا تھوڑا دودھ آکھ میٹھا تیل ڈال کر کسی کانسی کے

بے مثال تحفہ

گندھک آملہ سار ۵ تولہ۔ جست جلا ہوا ۵ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ (جلا ہوا) سب کو باریک پیس کر تیل گری ۱۰ تولہ (روغن نارجیل) میں ملا کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:- بال چر کیلئے بے مثال تحفہ ہے۔ خواہ کتنے ہی بال گر گئے ہوں۔ اس کے لگانے سے دوبارہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ بے شمار مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔ سر یا جس جگہ سے بال گر گئے ہوں۔ لگا دیں۔ پانچ چھ گھنٹہ بعد روغن کدو لگا دیں۔ اسی طرح روزانہ لگاتے رہیں۔

ہاضمہ گولی

لونگ۔ دار چینی۔ بادیان۔ انیسون۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ بریاں در سرکہ۔ اجوائن۔ تخم کرفس۔ کشنیز خشک۔ تیز پات۔ اذخر (کھوی) پودینہ خشک۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ نا مشک۔ نرکچور۔ سونٹھ۔ مگھاں۔ وج ترکی۔ کالی مرچ۔ سفید مرچ۔ ہینگ بریاں۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ۱ تولہ۔ زرشک ۴ تولہ۔ سماق ۴ تولہ۔ چوک ترش ۴ تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ نمک سنگ ۴ تولہ۔ نمک سیاہ ۴ تولہ۔ نمک سفید سیندھا ۴ تولہ۔ سمندر جھاگ ۱ تولہ۔ جو کھار ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ سب کو پیس کر ایک ہفتہ لیموں کے پانی میں تر رکھیں۔ پھر پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

یہاں تک رگڑیں کہ مرہم سی بن جاوے

فوائد۔ نئے و پرانے چنبل کے لئے اکسیر ہے۔

اکسیر شنگرفی،

شنگرف رومی ایک ڈلی ۱۰ تولہ سم الفار دودھیا ۴ تولہ سم الفار کو نیم قند کے پانی میں پیس کر شنگرف پر لیپ کریں۔ اور موٹا کپڑا اس پر لپیٹ دیں، پھر روغن حب فرطم ۲½ سیر دیگچی میں ڈال کر وہ گولا اس میں رکھدیں۔ اور کڑاہی چولھے پر چڑھا دیں تین گھنٹے نرم آگ دیں۔ دیگچی کے منہ پر ڈھکنا رکھکر بھاری پتھر رکھدیں پھر ۹ گھنٹے تیز آگ دیں۔ پھر آگ بند کردیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر دیگچی اتارلیں۔ اور سپکر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ نصف چاول سے شروع کرکے آہستہ آہستہ طبیعت کی برداشت کے مطابق دو چاول تک لیجائیں بالائی یا مکھن میں رکھکر روٹی کے بعد ایک دفعہ کھالیا کریں۔ اوپر سے دودھ پی لیا کریں۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بوڑھوں و بلغمی مزاج والوں کے لئے تو اکسیر ہے۔

شنا سی کھ

سم الفار ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ تینوں کو زردی بیضہ مرغ پچیس عدد میں رکھکر چولھے پر چڑھا دیں۔ جب تمام زردی جل کر خاکستر ہو جائے۔ تو اتارلیں۔ اور تینوں اشیاء

نکال کر پیس لیں۔ جو اس میں تیل ہو۔ وہ الگ رکھ لیں۔

ترکیب استعمال:۔ نصف چاول بالائی یا مکھن میں رکھکر اوپر سے دودھ پی لیا کریں۔ پھر آہستہ آہستہ ایک چاول تک لیجائیں، جو تیل اس میں سے نکلے وہ عضو مخصوص پر مالش کر دیا کریں۔ مگر حشفہ و سیون بچا کر مالش کریں۔ اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ باندھ دیا کریں۔ مقوی باہ و اعصاب ہے۔ نامردی کے لئے تحفہ ہے۔ عضو مخصوص کی رگوں و پٹھوں کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ بڑھاپے کو روکتا ہے۔

اکسیر سائیں بخش،

پارہ ۱ تولہ۔ ورق طلا ۱۰ تولہ۔ دونوں کو نہ گھسنے والے کھرل میں اتنا کھرل کریں۔ کہ ایک جان ہوجائیں۔ پھر مردار سنگ ناشگفتہ ۶ ماشہ شنگرف ۳ ماشہ ملاکر لیموں کے پانی میں آٹھ روز کھرل کریں۔ رگڑائی تمام دن ہونی چاہیئے۔ پھر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناکر کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کریں اور دو من اوپلوں کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک چاول لبوب کبیر یا کسی معجون میں ملاکر استعمال کریں (یہ کشتہ ایک سال کے بعد استعمال کریں)

فوائد۔ نہایت عمدہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے

روغن گندھک،

گندھک آملہ سار ۱ تولہ زردی بیضہ مرغ بارہ عدد۔ دونوں کو ملاکر لوہے کے کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں، اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔

جب جلنے کے قریب ہو۔ تو چمچہ سے دبائیں تمام روغن علیحدہ ہو جائے گا

ترکیب استعمال: ۲ رتی سے ایک ماشہ تک بتاشہ میں یہ روغن ڈال کر روزانہ کھلائیں۔

فوائد۔ پارہ خام جسم سے نکالنے کیلئے اکسیر ہے۔ اگر کسی کو کچا پارہ کھلا دیا گیا ہو۔ تو اس کا استعمال کر کے قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔

تریاق سم

مرمکی ۲ تولہ۔ حب الفار ۲ تولہ۔ کہان بید ۲ تولہ۔ قسط تلخ ۲ تولہ۔ مرچ سفید ۱ تولہ۔ تخم تلسی ۱ تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور آدھ سیر شہد خالص ملا کر رکھ لیں

ترکیب استعمال تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا گرم زہروں کا تریاق ہے۔ سانپ۔ بچھو وغیرہ کے ڈسنے کے لئے مفید ہے۔ اس کے علاوہ بلغمی امراض۔ شلاً فالج۔ رعشہ کے لئے مجرب ہے۔ سیح توڑتا ہے۔ درد قولنج ذلی کے لئے مفید ہے

سوہاگیہ سونٹھی

ناگرموتھا ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ سونف ۱ تولہ۔ سوئے ۱ تولہ۔ نرکچور ۱ تولہ۔ اسارون ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۱ تولہ۔ لودھ پٹھانی ۱ تولہ۔ ہاؤبیر ۱ تولہ۔ عود خام ۱ تولہ پیپلا مول ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ پھر مغز بادام ۲ تولہ

مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ مغز چرونجی ۲ تولہ۔ مغز خربوزہ ۲ تولہ کو باریک کر کے سفوف میں ملا دیں۔ پھر سونٹھ ۵ تولہ باریک کر کے سوا سیر گائے کے دودھ میں ملا کر ہلکی ہلکی آگ پر پکا دیں۔ جب کھویہ بن جائے۔ تو اس میں ۲ چھٹانک گھی ملا کر بریاں کر لیں۔ پھر سوا سیر کھانڈ کا قوام کر کے آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر کے تمام دوائیں ملا دیں۔ اور کسی چینی یا کانچ کے برتن میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال و فوائد چھ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح و رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ کھائیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کا استعمال۔ عورت و بچہ کو ہر مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔ دودھ صالح پیدا کرتا ہے۔ ہندوستان کی اکثر عورتیں زچگی کے زمانہ میں اس کو استعمال کرتی ہیں۔ اگر اس کے ساتھ مشہور کیمیکل ورکس منٹگمری کا تیار کردہ عرق دسمول استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ کا کام دے گا۔

طلاء اکسیر

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۱ تولہ۔ رتن جوت ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ۔ کچلہ ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ دھتورہ ۲ تولہ کے پتوں کا پانی۔ آکھ ۲ تولہ کے پتوں کا پانی۔ ارنڈ کے ۲ تولہ پتوں کا پانی۔ جوان آدمی کے سر کے بال ۲ تولہ سب دوائیں کوٹ کر پانی میں پکاؤ۔ پھر تیل ڈال دو۔ جب دوائیں جل جائیں۔ اور تیل رہ جائے تو اتار لیں۔ نہایت خوبصورت سرخ رنگ کا

تیل ہوگا۔ اب اس تیل میں سانڈھے کا تیل ۱۰ تولہ۔ قبرستان کے کیڑے ۲۰۰
ملادیں۔ اور بند کرکے دھوپ میں رکھ دیں۔ ۲۱ روز بعد تیل صاف کرلیں

فوائد و ترکیب استعمال حشفہ و سیون چھوڑ کر تیل کی مالش کریں اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ کچے سوت سے باندھ دیں
دو ہفتہ استعمال کریں۔ نہایت عمدہ مقوی باہ ہے، اعصاب کو طاقت
دیکر سختی پیدا کرتا ہے۔

ضروری نوٹ۔ اس تیل کو کھلی جگہ پکایا جائے، اور اپنے آپ کو دھوئیں
سے محفوظ رکھا جائے۔ مریض کو کھانے کیلئے بھی کوئی نسخہ مقوی باہ دینا
چاہیے۔ اکیلا طلا کچھ نہیں کرتا

شنگرف پاؤڈر

شنگرف رومی ۵ تولے کو لیموں کے پانی میں تین دن کھرل کریں۔ چوتھے
روز آہستہ سے نتھار لیں۔ لیموں کا پانی پھینک دیں۔ اور شنگرف خشک
کرلیں۔ اس میں سے ۱ تولہ لیکر آملہ کے چھلکے کا باریک سفوف چوبیس ۲۴ تولہ
دونوں کو تازہ آملہ کے رس میں ۴۰ دن کھرل کریں اور خشک کرکے رکھ لیں

ترکیب استعمال و فوائد۔ تین ماشہ صبح و شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ مقوی باہ ہے، بھوک لگاتا
ہے۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ قوت حافظہ اور نگاہ کو تیز کرتا ہے
مرگی۔ مالیخولیا دہسٹریا کو روکتا ہے۔ بواسیر خونی کیلئے فائدہ مند ہے
زیادتی پیشاب کیلئے مفید ہے۔ پیشاب میں خون آنے اور نکسیر کیلئے
بھی موثر ہے۔ ضرور ہر مطب میں تیار رہنا چاہیے۔

دائمی نزلہ زکام۔ دمہ و کھانسی میں بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔

ویدک ممسک گولی

افیون۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ کافور۔ مشک۔ جگھال۔ سمندر سوکھ۔ تخم
دھتورہ سیاہ۔ سونٹھ۔ طباشیر۔ جائفل۔ جاوتری۔ ہر ایک ۲ ماشہ تنبول
کے رس میں بارہ گھنٹے کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال ایک گولی دو گھنٹے جماع سے پہلے دودھ سے کھالیں۔ کھانسی۔ دمہ۔ سنگرہنی کے لئے ایک ایک گولی
صبح و شام چائے کے ساتھ کھلا دیں۔

فوائد۔ بے حد ممسک ہے۔ کھانسی۔ دمہ۔ سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

سفلس پوڈر

پارہ (۱ تولہ) گندھک (۱ تولہ) کھرل کرکے کجلی بنادیں۔ اور مردار سنگ (۱ تولہ)
زرد کوڑی سوختہ (۱ تولہ) کتھہ سفید (۱ تولہ) باریک کرکے کجلی میں ملادیں

ترکیب استعمال و فوائد آتشک کے زخموں پر چھڑکیں۔
آتشکی زخم خشک کرنے کیلئے اکسیر ہے۔

تحفہ سائیں بخش

سم الفار زرد (۱ تولہ) شنگرف رومی (۱ تولہ) پارہ مصفی (۱ تولہ) ہڑتال ورقی (۱ تولہ)
سب کو کھرل میں ڈال کر ۲ گھنٹہ خشک کھرل کریں۔ جب باریک ہو جائے تو حرمل
سبز کا پانی ڈال کر کھرل کریں۔ جب ۱۶ تولہ ختم ہو جائے۔ تو ڈھیری بنا کر سائے میں

خشک کریں۔ پھر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے منہ پر تانبے کا پیالہ اُلٹا بغیر قلعی شدہ رکھیں اور اس پیالہ پر گلحکمت کریں، اور زمین میں گڑھا کھود کر آٹھ سیر جنگلی اوپلوں کی آنچ دیں، پھر نکال کر دیکھیں، جس قدر دوائی نکلے اس سے نصف چاندی کا برادہ ملا دیں، اور بارہ گھنٹے آکھ کے دودھ سے کھرل کریں پھر بارہ گھنٹے حرمل کے پانی سے کھرل کریں پھر قرص بنا کر کوزہ گلی میں مضبوط گل حکمت کر کے پانچ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکالیں سفید کشتہ برآمد ہوگا۔ اگر خام نظر آئے تو پھر حرمل کے پانی میں کھرل کر کے آگ دیں،

ترکیب استعمال دو چاول سے چار چاول تک مکھن میں رکھ کر کھالیں، ایک ہفتہ سے دو ہفتہ تک استعمال کریں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ و اعصاب ہے، دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نامردی کے مریضوں کے لئے تحفہ ہے۔

حب ریحی

شنگرف رومی ۵ تولہ کو بیس ۲۰ تولہ بھیڑ کے دودھ میں کھرل کریں جب ٹکیہ بنانے کے قابل ہو جائے۔ تو ٹکیہ بنا کر سائے میں خشک کریں۔ پھر ہیراکسیس ۵ تولہ کو سبز آنولہ کے ساٹھ تولہ پانی میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو شنگرف کی ٹکیہ ملا کر گھیکوار گندل کے رس میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ پھر آکھ کے پتوں کے رس میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ پھر دھتورہ کے سبز اور کچے پھلوں کے رس میں سات روز کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر اس دوائی کا جتنا وزن ہو، اس کا چوتھا حصہ جائفل اور چوتھا حصہ سہاگہ باریک پیس کر ملا دیں۔ پھر سب دوائی سے آدھا وزن صاف گوگل بھینسا لیکر لوہے کے ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ دستہ کو گھی لگا کر کوٹیں اور اس وقت تک کوٹتے رہیں جب تک دوائی بالکل افیون کی طرح ہو جائے۔ پھر ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں،

ترکیب استعمال ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گائے گرم شدہ

فوائد۔ مقوی باہ ہے۔ ہضم خوب کرتی ہے۔ ریحی دردوں کے لئے اکسیر ہے، بوڑھوں کے لئے عجیب سہارا ہے۔ ایسے مریض جن کے جسم میں ریحی دردیں ہوں۔ قوت باہ کمزور ہو۔ ہضم ناقص ہو۔ اس کو استعمال کر کے قدرتِ خداوندی کا کرشمہ دیکھیں،

۷۵۲

سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ شنگرف ۲ تولہ۔ دونوں کو کسی نہ گھسنے والے کھرل میں دھتورہ کے پھلوں کے رس میں خوب کھرل کریں۔ پھر آکھ کے دودھ ۵ تولہ میں کھرل کریں اور ایک ٹکیہ بنا کر نک چھکنی بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے چار سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ پھول جائے گا۔ پھر اس پھول شدہ کشتہ میں پانچ تولہ دانہ الائچی خورد ڈال کر ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں،

ترکیب استعمال: ایک گولی روزانہ روٹی کے بعد پانچ تولہ بالائی میں رکھ کر کھالیں۔ گھی خوب استعمال کریں۔

فوائد۔ نامردی۔ دمہ۔ کھانسی پرانی بلغمی، اسہال۔ رعشہ۔ گنٹھیا۔ اعصاب کی کمزوری کے لئے مفید و مجرب ہے۔

شناسی راز

پارہ مصفی ۱ تولہ، گندھک آملہ سار ۱ تولہ، ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ، سنکھیا سفید ۱ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، پہلے پارہ اور گندھک کو ملا کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ کجلی بن جاوے، پھر باقی دوائیں الگ الگ پیس کر اس میں ملا دیں۔ پھر آکھ کے دودھ۔ زقوم کے دودھ، درخت انجیر کے دودھ۔ بڑھ کے دودھ سے ایک ایک روز متواتر کھرل کریں، پھر کچلہ ایک سیر، جب قرظم ایک سیر، تخم دھتورہ ایک سیر کا پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں۔ اس تیل میں ایک تولہ افیون حل کر کے دوائی مذکورہ کو اس میں کھرل کریں۔ پھر روغن بیضۂ مرغ پانچ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر سب کی ٹکیہ بنا لیں۔ اور زنگ سفید ۱۰ تولہ، میٹھا تیلیہ سفید ۱۰ تولہ، تخم حرمل ۱۰ تولہ، ان کو باریک کر کے بڑھ کے دودھ یا شراب برانڈی یا شیرہ کوار گندل میں خوب باریک پیس کر اس قدر کہ ملغوبہ کی طرح ہو جائے۔ اس کے ساتھ مذکورہ بالا ٹکیہ لپیٹ دیں۔ اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے صرف ۹ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ اچھی طرح سرد ہونے کے بعد نکالیں۔ زرد رنگ کی ایک دوا نکلے گی۔ اسے کام میں لا دیں۔ مندرجہ ذیل بیماریوں پہ اکسیر ثابت ہو چکی ہے۔ شناسی لوگ اس کو اکثر تیار کر کے اپنے پاس رکھتے ہیں۔

ترکیب استعمال آتشک کیلئے آدھے چاول سے ایک چاول تک مکھن یا ۵ تولہ بالائی میں دیں۔ جذام کیلئے۔ کالی مرچ ۲ ماشہ، مگھاں بہرنی۔ تخم حرمل ۴ دانہ، شہد ۱ تولہ۔ باریک کر کے نصف چاول سے ایک چاول تک دوائی ملا کر کھلا دیا کریں۔ تاپ تلی پرانی میں نصف چاول سے ایک چاول تک گودہ گھی کوار میں ملا کر کھلا دیا کریں روٹی کے بعد۔ بواسیر۔ تخم مولی ۱ تولہ، رسوت اصلی ۱ تولہ پیس کر ۱ ماشہ لے کر ایک چاول دوائی مذکورہ ملا کر کھلا دیں۔

سنگرہنی کے لیئے آدھا چاول آب پوست ۳ ماشہ کے ہمراہ دیں۔ ہیضہ میں فلفل دراز ۱ تولہ۔ ہینگ مدبر بروغن ۱ تولہ۔ نمک سونچر ۱ تولہ پیس کر ۲ رتی یہ دوائی لے کر ایک چاول کشتہ ملا کر کھلا دیں،

ریحی درد دل میں مگھاں ۱ تولہ۔ مصطگی ۱ تولہ، تخم سنبھالو ۱ تولہ، سہانجنہ کے بیج ۱ تولہ پیس کر رکھ لیں۔ چار رتی یہ سفوف لے کر ایک چاول دوائی ملا کر کھلا دیں۔ اس کے علاوہ جریان۔ ضعف باہ۔ کثرت لبن۔ برص میں مناسب بدرقوں میں ملا کر کھلا دیں،

گولڈن پلز

کشتہ سونا ۹ رتی۔ کشتہ چاندی ۹ رتی، کشتہ قلعی ۹ رتی، کشتہ سیکہ ۹ رتی، کشتہ فولاد ۹ رتی، کشتہ ابرک سیاہ ۱ ماشہ، کشتہ مونگا ۱ ماشہ، کشتہ مروارید ۱ ماشہ۔ ان سب کو تین دن تک گائے کے دودھ میں کھرل کریں، پھر تین دن نگنے کے اس میں کھرل کریں، پھر برگ پان کے پانی میں، پھر کیلہ کے پھول کے پانی میں تین تین دن کھرل کریں۔ پھر ۲ رتی کستوری ملا کر دو دو رتی کی گولیاں بنائیں،

فوائد و ترکیب استعمال پرانے جریان کیلئے اکسیر ہے، پیشاب کی زیادتی۔ ذیابیطس کیلئے بہت مفید ہے۔ جسم کو بے حد طاقت دیتی ہیں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ یا تین ماشہ شہد میں ملا کر کھالیں،

نیل کنٹھ رس

پارہ مصفی ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفی دونوں کو کھرل کریں۔ جب چمک جاتی رہے تب اس میں نیلا تھوتھا ۵ تولہ ملا کر سنبھالو کے پتوں کے رس میں کئی دن تک کھرل کریں پھر خشک کرکے کپڑچھان کرلیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: آتشک۔ جذام۔ بھگندر۔ ہنجیروں۔ برص۔ داد چنبل فیل پا۔ کھانسی پرانی بلغمی۔ دمہ اور سانپ کی زہر کے لیئے مفید ہے۔ پرانے بخاروں کے لئے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔

خوراک چار چاول بخار پرانے میں بکری کے دودھ کے ساتھ دیں۔ دن میں تین بار سانپ کے زہر میں گھی کے ساتھ دیں اور کاٹی ہوئی جگہ چیر کر یہ دوائی بھر دیں۔ اگر زہر کا زیادہ اثر ہو تو کئی بار دیں۔ کھانسی دمہ میں شہد کے ہمراہ دیں۔ باقی بیماریوں میں بھی گھی یا شہد کے ساتھ دیں۔ دن میں تین بار دیں۔ سنگرہنی میں پنیر کے ساتھ استعمال کرنا بعض مرضوں میں اکسیر کا اثر دکھاتا ہے۔

مغلظ و مقوی

موصلی سفید ایک پاؤ۔ موصلی سیاہ ایک پاؤ۔ دونوں کو کوٹ چھان کر گائے کے دو سیر دودھ میں پکاویں۔ جب کھویہ کی مانند ہو جائے۔ تو آدھ پاؤ گھی میں بھون کر سرخ کریں۔ پھر بھکھڑا ۱ تولہ۔ تالمکھانہ ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ پوست ہلیلہ کلاں ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ مغز تخم کونچ ۱ تولہ۔ تیج پتر ۱ تولہ۔

لونگ ۱ تولہ۔ چھوہارا ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ مغز پستہ ۱ تولہ۔ چرونجی ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ مویز منقی ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ کوٹ چھان کر کھویہ میں ملادیں۔ پھر اڑھائی سیر کھانڈ کا قوام کرکے سب دوائیں ملادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: مادہ منویہ کو گاڑھا کرنے کے لئے بہت مجرب نسخہ ہے۔ قوت باہ پیدا کرنے کے علاوہ جسم کو موٹا کرتا ہے۔

حب حیات

دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۴ ماشہ۔ پوست اندرون سنگدانہ مرغ ۴ ماشہ۔ اندرجو مقشر ۲ ماشہ صندل سرخ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ ڈاڑھی پیپل ۲ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ۔ گلسرخ ۲ ماشہ۔ زعفران ایرانی ۱ ماشہ۔ ان سب کو کوٹ چھان کر پہلے عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ پھر عرق کیوڑہ۔ پھر کیلہ کے پانی میں (پاؤ بھر) کھرل کریں اور گولیاں چنے برابر بناویں۔

فوائد و ترکیب استعمال: جب بچہ پیدا ہو تو دو گولی صبح اور ۲ گولی شام بچہ کی ماں کو پانی کے ساتھ کھلادیا کریں اور ذرا سی گولی ماں کے دودھ میں گھس کر بچہ کو روزانہ چالیس روز تک پلاویا کریں۔ ان عورتوں کے لئے جن کے بچے اٹھراہ کی وجہ سے پیدا ہو کر مرجاتے ہوں۔ بے حد مفید و مجرب ہے۔ ایسی عورتوں کو حمل کی حالت میں حب اٹھراہا جس کا نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اول میں درج ہے

استعمال کرادیں،

ٹوٹکہ!

شنگرف ۲ تولہ لے کر چالیس دن تک ایک عدد زردی بیضۂ مرغ میں روزانہ کھرل کریں، پھر ایک عدد ناریل لیکر اس میں سوراخ کرکے زعفران ۱ تولہ ڈالیں۔ اس پہ وہ شنگرف رکھیں گے اس کو بڑھ کے دودھ سے بھر دیں اور تھوڑی دیر رکھدیں۔ دودھ کچھ جذب ہو جائے گا۔ پھر زعفران ۱ تولہ اور ڈالدیں اور ناریل کے ٹکڑا اسے جو سوراخ سے اتارا گیا تھا بند کردیں۔ اس پہ میدا کی روٹی پکا کر لپیٹے دیں۔ اب کڑاہی میں چھ بیس سیر دودھ گائے ڈال کر اس میں یہ ناریل رکھ کر آگ پہ پکادیں، جب کھویہ بن جائے، تو اتار لیں۔ اور ناریل نکال کر پانچ سیر گھی میں ڈال کر آگ پہ رکھیں جب ایک سیر گھی جل جائے۔ تو اتار کر ناریل نکال لیں۔ اور ٹھنڈا کرکے سیدہ اتار دیں۔ اور ناریل میں سے دوائی نکال کر باریک پیس لیں،

فوائد وترکیب استعمال } ضعفِ باہ کے لیئے خاص تحفہ ہے۔ اگر باہ میں معمولی کمزوری ہو۔ تو صرف ناریل والا سفوف ۱ رتی دودھ کے ساتھ صبح وشام کھلا دیا کریں۔ اگر باہ زیادہ کمزور ہو یا بیمار دیرینہ مرد ہو۔ تو شنگرف والی دوائی نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن میں ملاکر صبح کھلا دیا کریں۔ کھویہ و گھی بھی آپ استعمال کر سکتے ہیں

سُرمہ چشم

سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ زنک سلفاس ۱ تولہ۔ زنک اوکسائیڈ ۶ ماشہ سمندر جھگ ۶ ماشہ بورک ایسڈ ۱ تولہ۔ چاکسو مدبرا ۱ ماشہ۔ تخم سرس سیاہ ۹ ماشہ۔ زعفران ۲ رتی پھٹکڑی بریاں ۳ ماشہ۔ مامیران ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ مصری کوزہ ۱ تولہ، سردینی ۱ تولہ، تمام کو پیس کر کھرل کرکے سرمہ تیار کریں،

فوائد وترکیب استعمال۔ آنکھوں کی کمزوری۔ خارش۔ پانی بہنے کے لیئے بہت مفید ہے۔

جریان بند

گندھک مدبر ۳ ماشہ کشتہ ابرک سیاہ ۳ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ کشتہ قلعی ۳ ماشہ کشتہ چاندی ۳ ماشہ شنگرف سے نکالا ہوا پارہ ۳ ماشہ کشتہ سونا ۳ ماشہ کشتہ مرداسنگ ۳ ماشہ۔ سب کو کھرل میں ڈال کر تازہ بھنگرہ کے رس میں سات دن متواتر کھرل کریں۔ اور دو دو رتی کی گولیاں بنادیں

فوائد وترکیب استعمال:۔ جریانِ جو کسی دوائی سے نہ جاتا ہو۔ اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے پیشاب کا جل کو بار بار آنا اور قطرہ کے گرنے کیلئے اکسیر ہے عورتوں کے سیلان الرحم کو دور کرنے کیلئے خاص تحفہ ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے مقوی باہ ہے۔ اس کے علاوہ سنگرہنی اور پرانے بخاروں کیلئے بھی مفید ہے خوراک۔ ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ کھائیے،

حب قبض دائمی

صبر زرد ۱ تولہ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ کشتہ فولاد ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر عرق سونف کے ساتھ چنے برابر گولیاں بنائیں،

فوائد و ترکیب استعمال :- دائمی قبض کے لئے بہت مفید و مجرب ہے خوراک ایک دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم۔ اگر زیادہ قبض ہو تو ساتھ ہی مربہ ہلیلہ کھلا دیا کریں۔

مرہم خاص

کتھ سفید ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۱ تولہ۔ زنگار ۱ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ سندھور ۱ تولہ۔ بوس ۱ تولہ۔ بڑی جلدی ہمگی ۱ تولہ۔ سفیدہ کاشغری ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ گائے کا گھی ۲۴ تولہ۔ صابن دیسی ۱ تولہ۔ سب کو باریک کر کے گھی ملا کر کانسی کے برتن میں خوب حل کر کے مرہم بنا دیں

فوائد و ترکیب استعمال :- پھوڑا۔ پھنسی و ناسور کیلئے بہت مفید و مجرب مرہم ہے۔ کپڑے پر لگا کر پھوڑے یا زخم وغیرہ پر رکھیں۔

حب ممسک مقوی

افیون ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۸ ماشہ۔ مغز تخم اٹنگن ۲ تولے۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ ۲ تولہ۔ جاوتری ۱۰ ماشہ۔ ریگ ماہی ۲ تولہ۔ شنگرف مدبر ۲ تولہ۔ مویز منقی ۴ تولہ۔ تخم پیاز ۱ تولہ۔ تخم گندنا ۱ تولہ۔ چرونجی ۴ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ سب دواؤں کو باریک کھرل کریں۔ بیضہ مرغ بقدر ضرورت میں بھر کر منہ بند کر کے اوپر گوندھے ہوئے آٹے کا لیپ کریں۔ اور بھوبھل میں دفن کریں۔ جب [illegible] خوب سرخ ہو جائے تو نکال کر کشتہ قلعی ۶ ماشہ اضافہ کر کے کھرل کریں اور گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں

فوائد و ترکیب استعمال } جریان۔ احتلام۔ سرعت انزال کیلئے بھی مفید ہے۔ اعصاب اور باہ کو قوت دیتا دیتا ہے۔ خوراک ۱ گولی روزانہ ہمراہ دودھ گائے۔ امساک کے لئے ۲ گھنٹے پہلے۔

بے مثال

شاہ سیب ۳ سیر۔ انگور ۳ سیر۔ کیلے کا گودہ ۳ سیر۔ کھجور گٹھلی صاف کی ہوئی ۳ سیر۔ گڑ پانچ سیر۔ برادہ لوہا ایک سیر۔ جائفل ۱ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۱ تولہ۔ ناگکیسر ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ کچے ناریل کا پانی ۲ سیر۔ سب دواؤں کو کوٹ کر ناریل کے پانی میں ملا کر چینی کے بڑے برتن میں ڈال دیں اگر چینی کا برتن نہ ملے تو مٹی کے چکنے اور مضبوط برتن میں ڈال کر منہ بند کر دیں۔ برتن اس قدر بڑا ہونا چاہئے۔ کہ سب چیزیں ڈالنے کے بعد چوتھا حصہ برتن کا خالی رہے۔ برتن کا منہ ڈھکنا دے کر گل حکمت کر کے اچھی طرح بند کر دیں۔ اب اس برتن کو توڑی یا کسی اناج کے ڈھیر میں دبا دیں اور چالیس روز کے بعد نکال کر ۱۶ بوتل عرق نکالیں۔

فوائد و ترکیب استعمال :- غذا کو ہضم کرنے معدہ کو طاقت دینے کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف جگر کو دور کر کے صالح اور عمدہ خون بکثرت پیدا کرنے کیلئے تحفہ ہے۔ خوراک پانچ تولہ صبح و شام کوئی مناسب شربت ملا کر پی لیا کریں۔ اگر اس کے ساتھ حسب حال و ضرورت کوئی معجون وغیرہ استعمال کی جائے۔ تو اور زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

اکسیر طلقی

ابرک سیاہ باریک کیا ہوا ۵ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۲ تولہ۔ سبز دھتورے کا پانی تین پاؤ۔ ابرک کو کھرل میں ڈال کر چاروں چیزیں ایک ایک ماشہ ڈال کر دھتورے کے پانچ تولہ پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر ماشہ ماشہ چیزیں ملا کر پانچ تولہ دھتورے کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر حسب سابق آگ دیں۔ اسی طرح بارہ آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: ایسے مریض جن کو پرانا مرض ہو۔ اور ساتھ ہی قوت باہ کمزور ہو۔ اس کو استعمال کر کے حیرت انگیز فوائد ملاحظہ فرمائیں گے۔ بے حد مقوی باہ و محرک ہے۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک مکھن میں یا بالائی میں دیں۔ دن میں ایک بار یا صبح و شام بقدر برداشت دو دفعہ دیں۔ پیاس لگے تو دودھ پئیں۔

اکسیر فولادی

برادہ فولاد ۲۰ تولہ۔ پارہ صاف کیا ہوا ۴ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۴ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ پہلے برادہ فولاد کو لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں اور ایک تولہ سنکھیا اور ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر گھیکوار کے پانی سے لوہے کے ہتھوڑا سے چھ گھنٹے رگڑائی کریں۔ پھر اس کے چھوٹے چھوٹے قرص یعنی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پانچ سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ مگر آگ دیتے وقت ہمیشہ پہلے اوپلوں کو آگ لگائیں

جب ذرا جل جائیں تو پھر وہ کوزہ گلی اس کے درمیان رکھدیں، پھر اس کو نکال کر وہ قرص کڑاہی میں ڈالیں، اور ایک تولہ ہڑتال ورقیہ ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر چھ گھنٹے رگڑائی کر کے قرص بنا کر اسی طرح آگ دیں جس طرح پہلے دی گئی تھی۔ پھر ۱ تولہ گندھک آملہ سار اور ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر اسی طرح رگڑائی کر کے آگ دیں۔ پھر ۱ تولہ پارہ ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر رگڑائی کر کے آگ دیں۔ اب پھر اسی طرح سم الفار سکافور۔ پھر ہڑتال د کافور پھر گندھک د کافور پھر پارہ د کافور سے پہلی ترکیب کی طرح۔ گڑائی کرتے رہیں۔ اور آگ دیتے رہیں۔ اسی طرح چار دفعہ پورے کریں۔ جب تمام چیزیں ختم ہو جائیں تو کشتہ فولاد نکالیں اور باریک پیس کر رکھ لیں،

فوائد و ترکیب استعمال: معدہ و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ خون بکثرت پیدا کرتا ہے۔ قوت باہ کے لئے تحفہ ہے خاص طور پر ایسے مریض جن کو ضعف جگر ہو اور ساتھ ہی قوت باہ کمزور ہو۔ اس کو استعمال کر کے دونوں امراض سے شفا حاصل کر سکتے ہیں، خوراک ۲ چاول سے ۴ رتی تک کسی مناسب معجون یا مکھن میں ملا کر استعمال کیا کریں۔ پہلے صرف ایک دفعہ شروع کریں۔ تین چار روز بعد دو دفعہ کھا لیا کریں۔

اکسیر لقوہ

سنکھیا سفید ۱ تولہ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ پارہ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ شنگرف ۱ تولہ۔ کشتہ آدھ سیر۔ پہلے کشتہ کو دو سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے تو صاف کر لیں۔ پھر تمام دوائیں اس پانی میں کھرل

کریں۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ تو ڈبلو پیپر پہ یہ لیپ کر دیں، اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے گلحکمت کریں اور ہوا سے بچا کر پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں پھر نکال کر کو جین ۲ ماشہ ملا کر خوب کھرل کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال لقوہ کیلئے خاص تحفہ ہے۔ اس کے علاوہ فالج استرخا اور دوسری اعصابی بیماریوں کے لیئے اکسیر ہے خوراک ۱ چاول منقی میں رکھ کر شام کے وقت پانی سے نگل لیں مریض کو اندھیرے کمرے میں، ہوا سے محفوظ رکھیں، غذا میں شوربہ کبوتر یا مرغ اور روٹی دیں۔

کانول،

گلیسرین ۵ تولہ، شنگرف بھسم ۲ ماشہ، الیکٹر کیٹ بلاڈونا ۲ ماشہ پیپرمنٹ آئل ۱ ماشہ۔ پہلے بلاڈونا گرم کر کے شیشی میں ڈالیں پھر باقی دوائیں ملا کر شیشی کو خوب ہلا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: کان کے درد کیلئے اکسیر ہے۔ تین چار قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔ اگر کان میں زخم ہو اور پیپ آ رہی ہو۔ تو پہلے ہائیڈروجن پرآکسائیڈ سے کان صاف کر کے پھر دوائی ڈالیں۔

تریاق ذاب

گندھک آملہ سار مصفی ۸ تولہ۔ پارہ مصفی ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ کشتہ ابرک سیاہ ۱ تولہ کشتہ تانبہ ۲ ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں۔ پھر

باقی دوائیں ملا کر ایک جان کر لیں اب زمین پہ گائے کا تازہ گوبر بچھا دیں۔ اس پر کیلے کا ایک پتا رکھ دیں، اب اس باریک شدہ دوائی کو لوہے کی کڑاہی میں رکھ کر پگھلا دیں، جب پگھل جائے تو اتار کر کیلے کے پتے پر ڈالیں۔ اور اس کے اوپر کیلے کا دوسرا پتہ رکھ دیں، ٹھنڈا ہونے کے بعد دوائی اتار لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: پرانے اسہال یعنی سنگرہنی کے لیے اکسیر ہے۔ خوراک آدھی رتی سے ۱ رتی تک صبح و شام شہد اور گھی میں ملا کر استعمال کریں۔ غذا صرف دودھ استعمال کریں۔ اگر مریض گھی تولہ شہد خور برداشت نہ کر سکے۔ تو کسی مناسب معجون جیسے انوشدارو وغیرہ میں ملا کر استعمال کریں۔

بواسیری

سکہ، جست، قلعی ہر ایک ایک تولہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائیں۔ تو اتار کر فوراً ایک تولہ پارہ ملا دیں۔ اور اچھی طرح حل کر کے آگ پہ رکھیں، پھر اس میں کونہ مصری باریک شدہ کی چٹکی ڈالتے رہیں اور لوہے کے دستہ سے رگڑتے رہیں۔ جب خوب باریک سفوف بن جائے تو اتار لیں۔ اب اس میں پھٹکڑی سفید پانچ تولہ۔ تخم انجبار سفید ۱ تولہ ملا کر تین دن کھرل کریں اور شیشی میں ڈال لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: یہ اسیر خونی کے لیے نہایت مفید مجرب و اکسیر ہے۔ خوراک آدھی رتی سے ایک رتی تک صبح و شام مکھن میں ملا کر کھا لیا کریں۔ رات کو کوئی ملین دوا کھایا کریں۔ اگر پاخانہ کھل کر

آتا رہے مثلاً اطریفل زمانی یا اطریفل مقل ۷ ماشہ یا مربہ ہلیلہ ایک عدد نیم گرم دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔

کشتہ فولاد چاندی والا

برادہ فولاد ۱ تولہ۔ برادہ چاندی ۱ تولہ دونوں کو گلاب کے تازہ پھولوں کے رس میں تین دن تک خوب کھرل کریں۔ پھر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر دو تین دن گلاب کے رس میں کھرل کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گھیکوار کے گودہ میں دو تین دن کھرل کر کے اسی طرح ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر دیکھیں، اگر کشتہ ٹھیک ہو گیا ہو تو بہتر ورنہ ایک آگ اور دیں،

فوائد و ترکیب استعمال دل و دماغ۔ جگر۔ گردہ و مثانہ کو طاقت دینے کے لئے مجرب ہے۔ جریان۔ احتلام کمی خون کے لئے اکسیر ہے۔ خوراک ۱ رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر صبح کھا لیا کریں۔ یا کسی مناسب معجون میں استعمال کریں۔

راز سنیاسی خاص

کشتہ تانبہ ۴ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۱ تولہ۔ کشتہ سنکھیا سفید ۲ ماشہ۔ کشتہ الماس (ہیرا) ۱ ماشہ۔ کشتہ خنگرف ۱ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۱ تولہ مشک خالص ۱ تولہ جند بیدستر ½ تولہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ سلاجیت خالص ½ تولہ۔ تخم بھنگ ۲ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ پارہ مصفی ۸ ماشہ۔ گندھک مصفی ۱ ماشہ

پہلے پارہ و گندھک کو کھرل کر کے کجلی بنا دیں۔ پھر باقی کشتہ ملا کر رکھیں۔ پھر باقی سب دوائیں باریک پیس کر اس میں ملا دیں۔ پھر سب دواؤں کو پان کے پتوں کے پانی میں سات روز کھرل کر کے دو دو رتی کی گولی بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال خوراک ایک گولی صبح ایک شام روٹی کے بعد دودھ کے ساتھ کھائیں۔ دل و دماغ پٹھے مضبوط کرنے کیلئے لاجواب و بے مثال تحفہ ہے۔ قوت باہ کیلئے اکسیر ہے قوت مردانگی پیدا کرنے کیلئے تریاق ہے۔ بے حد خون پیدا کرتی ہیں۔ شہوت برانگیختہ کرنے کیلئے اس کے مقابلے کی کوئی چیز ملنا مشکل ہے۔ رئیس نوابوں کیلئے خاص تحفہ ہے۔

اکسیر طبقی

سہاگہ ۲ تولہ۔ ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ۔ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ۔ صدف مرواریدی ۲ تولہ برادہ بارہ سنگا ۱ تولہ۔ مرجان ۱ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر آک کے دودھ ۱ تولہ میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پچیس ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں، کشتہ ہو گا۔

فوائد پرانے بخاروں کے لئے بہت مفید ہے۔ کھانسی۔ دمہ۔ زکام۔ نزلہ کو فائدہ دیتی ہے۔ خوراک ۱ رتی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ وغیرہ دیں،

حب ذہبی

کشتہ فولاد ۴ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۴ ماشہ۔ کشتہ سونا ۴ ماشہ کشتہ قلعی ۴ ماشہ

جیہر لوبان ۴ ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ بست سلاجیت ۴ ماشہ۔ ریگ ماہی ۸ ماشہ۔
مایہ عنبر اعرابی ۸ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۸ ماشہ۔ طباشیر اصلی ۸ ماشہ۔ زمرد اخضر ۸ ماشہ
مروارید ناسفتہ ۸ ماشہ۔ کہربا شمعی ۸ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۸ ماشہ۔ یاقوت خالص
۸ ماشہ۔ عقیق یمنی ۸ ماشہ۔ ورق چاندی ۱۰۰ عدد۔ مشک خالص ۴ ماشہ۔ عرق
بید مشک یا عرق کیوڑہ ۲۰ تولہ میں کھرل کرکے مونگ برابر گولیاں بنا دیں۔

فوائد وترکیب استعمال ضعف باہ جو دل و دماغ کی کمزوری سے ہو ان گولیوں کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ خفقان دل کی دھڑکن۔ اعصاب کی کمزوری کے لئے اکسیر ہے۔ خوراک ا گولی صبح وشام ہمراہ دودھ گاؤ۔

اکسیر ملیریا مزمن

ہڑتال ورقیہ ا تولہ۔ صدف مروارید ا تولہ۔ سم الفار سفید ا تولہ۔ شنگرف ا تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ سب کو پیس کر آکھ کے دودھ میں کھرل کرکے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں۔ پھر درخت کیکر کی چھال لے کر ایک سیر کوٹ کر آکھ کا دودھ ملا کر نگدہ بنا دیں اور ایک مٹی کی ہانڈی میں آدھی بچھا دیں۔ اس کے اوپر ہڑتال والی ٹکیہ رکھیں۔ اس کے اوپر چھال بقیہ باقی رکھ دیں اور کوئلوں کی آگ رکھ دیں جب جل کر راکھ ہو جاوے اور بالکل سرد ہو جائے تو وہ ٹکیہ نکال کر پیس لیں،

فوائد پرانے ملیریا کے لئے اکسیر ہے خوراک ارنی سے آہستہ آہستہ چار رتی تک لیجائیں۔ مکھن میں ملا کر کھلائیں،

منجن عجیب

مگھاں۔ کالی مرچ۔ مازو۔ پھٹکڑی بریان۔ بارہ سنگھا جلا ہوا۔ ناگرموتھا الائچی خورد۔ مصطگی رومی۔ گیرو۔ دم الاخوین۔ سنگجراحت۔ رال سفید۔ کتھ سفید۔ آملہ سوختہ۔ چھالیہ سوختہ ہر ایک چھ ماشہ۔ توتیا سبز بریان۔ کافور ہر ایک چار ماشہ باریک سفوف بنا دیں۔

فوائد وترکیب استعمال:۔ دانتوں کے ہلنے اور ان سے خون نکلنے کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔ دانتوں پر خوب مل کر گھنٹہ دو گھنٹہ بعد گرم پانی سے کلی کرلیں اگر کڑوے تیل میں ملا کر رات کو سوتے وقت مل کر سو رہیں تو زیادہ مفید ہے

سفوف پیچش

بیلگری ۲ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ۔ حب الآس ۱ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ تخم انجبار ۱ تولہ۔ خشخاش ۲ ماشہ سفید کوٹ چھان کر تخم باتنگ۔ تخم ریحان مسلم یعنی بغیر کوٹنے کے ملا دیں۔

فوائد وترکیب استعمال۔ پیچش کے لئے بہت مفید ہے خوراک ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ شربت مناسب،

ثبورین

کمیلہ۔ گیرو۔ کتھ سفید۔ قلمی شورہ۔ مردار سنگ۔ مہندی کے پتے۔ کالی مرچ ہر ایک چھ ماشہ۔ نیلا تھوتھہ ۲ ماشہ باریک پیس کر دوگنا گھی ملا کر رکھ لیں،

فوائد و ترکیب استعمال بچوں کی سر کی پھنسیوں کے لیے بہت مفید و مجرب ہے۔ پھنسیوں پر لگا دیں۔ دو تین روز نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے دھو کر پھر لگا دیں۔ اسی طرح چند روز لگا دیں۔

تحفہ جریان

برادہ چاندی ۲ تولہ۔ پوست بیضہ مرغ جلا ہوا ۱ تولہ۔ پارہ مصفیٰ ۱ تولہ۔ سب کو گھیکوار کے گودہ میں تین روز کھرل کریں۔ اور چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا دیں اور ایک کوزہ گلی میں گم کریں نیچے اوپر دیگر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ پانچ سات آگ میں نہایت عمدہ کشتہ ہو جاتا ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ ضعف باہ کے لیے بہت مفید ہے خوراک چاول دو چاول بالائی میں یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

تریاق سوزاک کہنہ

گندھک آملہ سار ۱ تولہ، قلمی شورہ ۲ تولہ، پھٹکڑی سرخ ۱ تولہ، مجیٹھ قلمی ۲ تولہ۔ سفیدہ مردار سنگ ۱ تولہ، بھسم الفار سفید ۱ تولہ، سہاگہ چوکیہ ۱ تولہ، پھٹکڑی سفید ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے، ایک خوب کھرل کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور پانچ سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

خوراک - برائے سوزاک کے لئے جو کسی صورت میں نہ جاتا ہو بہت مفید ہے

خوراک چار چاول سے ایک رتی تک بالائی میں رکھ کر دن میں ایک بار کھایا کریں گھی خوب استعمال کریں۔

مالش برائے خارش تر

گندھک آملہ سار، بابچی، برگ حنا، اجوائن، نیلا تھوتھا، ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر کڑوے تیل میں ملا کر مالش کریں۔ ایک گھنٹہ بعد ملتانی مٹی مل کر نیم گرم پانی سے نہائیں۔ (فوائد) تر خارش کے لیے بہت مفید ہے

کشتہ فولاد مرکب

برادہ فولاد ۱ تولہ۔ برادہ سونا ۱ تولہ میں پارہ ۲ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۲ ماشہ ملا کر آکھ کے دودھ میں ایک دو دن کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر پارہ و گندھک ملا کر آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ سات آگ دینے کے بعد بھسم الفار سفید ۲ ماشہ پارہ ۲ ماشہ ملا کر آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ اسی طرح سات آگ دیں۔ پھر شنگرف ۲ ماشہ پارہ ۲ ماشہ ملا کر پہلے کی طرح کھرل کر کے سات آگ پوری کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال دل و دماغ جگر۔ معدہ۔ اعصاب کو طاقت دینے کے لیے بے نظیر ہے۔ بے حد مقوی باہ ہے۔
خوراک ارد ۱ رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلا دیں۔

قیروطی عجیب

برگِ سداب ۴ تولہ۔ گل بابونہ ۲ تولہ۔ اکلیل الملک ۲ تولہ۔ سورنجاں تلخ ۲ تولہ تخم میتھے ۳ تولہ۔ حب الفل ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ نیم کوفتہ کرکے رات کو دو سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دیکر صاف کرکے میٹھا تیل تین پاؤ ملاکر آگ پہ رکھکر جلائیں۔ جب پانی جل جائے، تو اتار کر موم ۵ تولہ سفوفِ مصطگی ۱ تولہ۔ سفوف لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ سفوف نمک سیندھا ۱ تولہ ملاکر پگھلادیں۔ پھر صاف کرکے رکھ چھوڑیں۔

فوائد و ترکیب استعمال، اس کی مالش سردو ہوں کو تحلیل کرتی ہے لقوہ و فالج میں مفید ہے۔ دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ جوڑوں پہ مالش کرنے نرمی پیدا کرتی ہے۔ اور گنٹھیا کو فائدہ دیتی ہے۔

سفوف دردِ شکم

سہاگہ بریاں ۴ تولہ۔ لونگ سجی ۴ تولہ۔ نمک سیاہ ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ آملہ منقی ۴ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ کالی مرچ۔ سناکی ۸ تولہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال دردِ شکم کو فوری فائدہ کرتا ہے قبض کشا ہے۔ تو لنج کے لئے مفید ہے۔ ۶ ماشہ ہمراہ عرق سونف دس تولہ یا گرم پانی استعمال کریں،

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

نسخہ خارش

کتھہ سفید۔ رال۔ مرداسنگ۔ توتیا۔ کافور۔ پارہ۔ پہلے نمبر چار و پانچ و چھ کو اس قدر کھرل کریں۔ کہ ایک ذات ہو جائیں۔ پھر نمبر ایک دو و تین پیس کر ملادیں۔ اور سرسوں کا تیل ملاکر اکیس بار پانی سے دھوئیں۔ اور مالش کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال ہر قسم کی خارش کے لیئے مفید ہے۔ جسم پہ مالش کریں۔ اور تین گھنٹے بعد گرم پانی سے نہالیں۔

اکسیر جذام

سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ برادہ فولاد ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۱ تولہ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ سب کو پیس کر آک کے دودھ میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں گلحکمت کرکے پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ اگر نرم ہو کر پیسنے کے قابل ہو جائے۔ تو بہتر ورنہ ایک آگ اور دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال. فسادِ خون اور جذام کے لیئے بہت مفید و مجرب ہے۔ خوراک ایک چاول مکھن میں ملاکر کھائیں،

سفوف جریان لوہے والا

کشتہ خبث الحدید۔ مائیں خورد۔ پھلی کیکر۔ مغز تخم املی۔ ہر ایک پانچ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنادیں۔ اور کھانڈ ہموزن ملاکر رکھ لیں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ دودھ

صبح و شام ضعف جگر و جریان کے لئے مفید ہے۔

حب مدر حیض

صبر زرد ۲ تولہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ مرمکی ۷ ماشہ۔ صابون لاہوری ۷ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں چنے برابر بنا دیں۔

فوائد۔ بند حیض کو کھولتی ہیں۔ خوراک ایک دو گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری یا دودھ یا پانی ایک ہفتہ کھلاویں۔

اکسیر دمہ

گندھک آملہ سار مصفی۔ پارہ مصفی۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ عاقر قرحا۔ ہڑتال ورقیہ منسل۔ سہاگہ۔ کچلون۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک سیندھا۔ نمک کھاری۔ نمک نلی۔ ہر ایک چار ماشہ۔ سب کو ایک پاؤ آکھ کے دودھ میں کھرل کر کے ایک سنکھ کے اندر باہر لیپ کریں۔ اور کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے ۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ دمہ۔ پرانی کھانسی۔ گنٹھیا۔ سردی کی امراض کیلئے مفید ہے۔ خوراک ارتی۔ پان کے پتے یا کسی مناسب معجون میں رکھکر کھلادیں۔

مرہم برائے داد و زخم ہر قسم

کمیلہ۔ رنیلا تھوتھا۔ نیم کے پتے۔ مہندی خشک۔ جب آلاس کے پتے۔ مردارسنگ۔ گندھک آملہ سار۔ سیندھور۔ رال۔ گگنا۔ ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر گھی میں ملا کر لگا دیں۔ ہر قسم کے زخموں و دھدری کے لئے مفید ہے۔ بطور مرہم لگا دیں۔

ضماد درد عضو متشنج

گل بنفشہ۔ مکوہ۔ خطمی۔ زراوند مدحرج۔ بابونہ۔ کوکنار۔ آرد باقلا۔ مغز تخم کدو۔ سنبل خبابین۔ اکلیل الملک۔ سورنجان تلخ۔ پرسیاؤشان ہر ایک ایک تولہ۔ آدھ سیر گائے کے دودھ میں پیس کر گرم کریں۔ چربی گردہ بکری (۲ تولہ) گائے کی پنڈلی کا گودہ ۳ تولہ۔ میٹھا تیل ۵ تولہ ملا کر نیم گرم ضماد کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال جب کسی عضو میں تشنج ہو۔ اور سخت درد ہوتا ہے۔ یہ لیپ کر کے فوری فائدہ دیکھیں۔

سیاٹیکا پلز

میٹھا تیلیہ مدبر۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ۔ شنگرف۔ لونگ۔ سہاگہ۔ مصبر۔ افیون۔ ہڑتال ورقیہ۔ ہر ایک ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر بیخ سہانجنہ کے پانی میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد و ترکیب استعمال عرق النساء یعنی رینگن وا کیلئے عجیب چیز ہے۔ درد کو جڑ سے اکھاڑتی ہے۔ خوراک ایک گولی ہمراہ گھی باقی علاج بھی ساتھ ساتھ کرتے رہیں، مثلاً مالش

کرنا۔ سیلاب دیناوغیرہ،

حب رسکپور

شنگرف (۹ ماشہ) پارہ (۹ ماشہ) رسکپور (۹ ماشہ) نل سیاہ (۳ تولہ) بھلاوہ کلاہ دور کردہ (۳ تولہ) نارجیل (۳ تولہ) جمال گوٹہ (مغز ۳ ماشہ) گڑ سب دواؤں سے تین گنا۔ سب دواؤں کو الگ الگ پیس کر گڑ ملا کر چھ گھنٹہ خوب کوٹیں پھر جنگلی بیر برابر گولیاں بنادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال ایک گولی روزانہ آم کے آچار میں رکھکر نگل لیا کریں۔ مونگ کی دال کبھی نہ کھاویں۔ آتشک کے لیئے مجرب وبے مثال ہیں۔

حب طحالی،

مصبر دہ تولہ، انبہ ہلدی (۵ تولہ) سہاگہ بریاں دہ تولہ، ہینگ بریاں ۵ تولہ سب کو باریک پیس کر گھی کوار کے گودہ میں ملا کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنادیں

فوائد و ترکیب استعمال تلی کے ایسے مریض جن کے پیٹ بہت بڑھے ہوئے ہوتے ہیں، اگر ان کو مسلسل استعمال کرتے رہیں۔ تو بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ خوراک ۱، ۲ گولی صبح و شام روٹی کے بعد کھالیا کریں۔ یا گرم پانی کے ساتھ نہار منہ کھائیں۔ گوشت مچھلی ترش وبادی چیزوں سے پرہیز کریں!

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

اکسیر مقناطیسی

حجر الیہود ۵ تولہ، سنگ سرماہی ۳ تولہ، سنگ لاجورد ۲ تولہ، سنگ مقناطیس ۵ تولہ، سنگ اسفنج تین تولہ۔ سب کو پیس کر شیرہ گھی کوار میں پیس کر کونڈہ گلی میں گل حکمت کرکے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح دس بار آگ دیں اور باریک کرکے رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال ۲ رتی سے ۴ رتی تک بدرقہ مناسبہ یا شربت بزوری کے ساتھ دیں۔ درد گردہ و مثانہ۔ ریگ گردہ و مثانہ و پتہ کی پتھری کے لیئے بہت مجرب و اکسیر ہے

مرہم داد کہنہ

کچلہ سوختہ ۵ عدد۔ بھلاوہ سوختہ ۵ عدد۔ جمالگوٹہ ۵ عدد۔ زیرہ سفید سوختہ ۳ ماشہ۔ آملہ سوختہ ۳ ماشہ۔ مسور سوختہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھہ سوختہ ۳ ماشہ۔ کنیر سفید کے پتے سوختہ یعنی جلائے ہوئے ۳ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ افیون ۳ ماشہ۔ کمیلہ ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ کتھ سفید ۳ ماشہ۔ بابچی سوختہ ۳ ماشہ۔ تخم پنواڑ سوختہ ۳ ماشہ۔ تمباکو پان والا سوختہ ۳ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر دو گنا گھی میں ملا کر مرہم بنادیں،

فوائد و ترکیب استعمال:- پرانی دھدر جس میں زخم ہوں۔ اس مرہم کے استعمال سے نیست و نابود ہو جاتی بطور مرہم داد کی جگہ لگادیں۔ اکسیر و مجرب ہے۔

معجون شنگرف

شنگرف ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ دونوں کو ایک سیر دودھ گائے میں کھرل کرکے ڈیڑھ سیر کھانڈ ملا کر قوام کریں۔ پھر مندرجہ ذیل چیزیں پیس کر ملا دیں۔ لونگ ۱ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۶ ماشہ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ بھکھڑا کلاں ۲ تولہ۔ میدہ لکڑی ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۱ تولہ۔ تخم کونچ ۱ تولہ۔ بیجبند ۱ تولہ۔ سمندر سکھ ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ کباب چینی ۱ تولہ۔ اگر ۱ تولہ۔ اسگند ناگوری ۱ تولہ۔ کشنیز ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ منڈی ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ مغز فندق ۵ تولہ۔ مغز پستہ ۵ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ ان کو پیس کر سفوف میں ملا دیں۔ اور قوام میں شامل کر دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے سردیوں میں استعمال کرنے سے مریض بہت خوش ہوتے ہیں۔ کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ دودھ۔

اکسیر باہ

برادہ سونا ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ تینوں کو سرخ زمہ کے پھولوں کے پانی میں تین دن کھرل کریں۔ پھر ایک آتشی شیشی میں ڈال کر خوب گلحکمت کریں۔ منہ بھی بند کر دیں اب اس شیشی کو کوئلوں

کی آگ پر رکھدیں اور بتیس ۳۲ پہر آگ دیں۔ پھر اتار کر ٹھنڈا کریں۔ اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: دل و دماغ اعصاب و باہ کو طاقت دینے کے لئے اکسیر ہے، خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی میں کھلا دیں۔

عطیہ خاص

ہلیلہ سیاہ۔ مغز تخم نیم۔ افیون۔ مامیران چینی۔ مغز تخم ہلیلہ زرد۔ سمندر جھاگ۔ کشتہ پوست بیضۂ مرغ۔ کالی مرچ۔ نمک لاہوری۔ تخم سرس (شریں)، سفیدہ کاشغری۔ میل تانبہ۔ میل سونا۔ میل چاندی۔ سرمہ اصفہانی ہر ایک چھ ماشہ۔ عاقرقرحا ۴ ماشہ۔ سنگ بصری۔ پھٹکڑی بریاں زرد کوڑی بریاں۔ شورہ قلمی ہر ایک ۱ تولہ۔ جوہر نوشادر ۲ تولہ۔ کشتہ جست سب دواؤں کے برابر ملا کر باریک پیس کر سرمہ بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: سبل۔ پرانی آنکھ دکھنا۔ شبکوری نظر کی کمزوری۔ آنکھ کی خارش۔ پانی آنا۔ دھند جالا کے لئے مفید و خاص تحفہ۔ رات کو سوتے وقت آنکھ میں لگا دیں۔

خروج مقعد

پھٹکڑی ۱ تولہ۔ مازو ۶ ماشہ۔ پوست انار ۶ ماشہ۔ جفت بلوط ۶ ماشہ۔ گلنار ۶ ماشہ۔ اقاقیا ۶ ماشہ۔ مائیں خورد ۶ ماشہ۔ گوند ڈھاک ۶ ماشہ اسبر پانی میں جوش دیکر آبدست لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ مقعد کا خارج ہونا یعنی کانچ نکلنے کے لئے مفید ہے۔ عورتوں کو زیادہ خون آنا یا بار بار آنا اس کے استعمال سے رُک جاتا ہے۔ کھانے کے لئے بھی کوئی دوائی مزید دیں۔

دمہ بلغمی

تمباکو سورتی تیز ۵ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۳ ماشہ۔ دودھ آکھ ۱۰ تولہ۔ خوب باریک کریں۔ پھر صبر اصلی ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں۔ پھر اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ تخم دھتورہ سیاہ ۱ تولہ، کا ایک سیر پانی میں جوشاندہ بناویں۔ اور اس پانی سے سابقہ دوائی خوب کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ بلغمی دمہ کے لئے اچھا فائدہ کرتا ہے۔ کئی مریض صحتیاب ہو چکے ہیں۔ اس میں سے ۱ رتی لے کر بادام روغن تین تولہ میں ملا کر کھرل کریں۔ اور ایک چاول سے ۲ چاول تک مکھن میں ملا کر کھا لیا کریں۔

مرہم کمیلہ

مردا سنگ ۱ تولہ۔ رال سفید ۱ تولہ۔ رسکپور ۱ تولہ۔ مرمکی ۱ تولہ۔ رشق ۱ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔ کمیلہ ۱ تولہ۔ زنگار ۲ ماشہ۔ توتیائے بریاں ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر رکھ لیں اور روغن نیم ۲۰ تولہ و موم ۳ تولہ پگھلا کر پسی ہوئی دوائیں ملا دیں۔ فوائد۔ زخموں کے لئے بہت مفید ہے۔ بطور مرہم لگا دیں۔

حب عظم طحال و جگر

سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ۔ صبر زرد ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ۔ مرمکی ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ باریک پیس کر گودہ گھیکوار میں چنے برابر گولیاں بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال بڑھی ہوئی تلی اور جگر کے لئے بہت مفید ہے۔ خوراک ۲ گولی روٹی کے بعد یا مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

حب سم الفار

سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ افیون خالص ۳ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ۔ نکچھکنی ۵ تولہ۔ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ نشاستہ ۶ ماشہ۔ رنج ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ مگھاں ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے گولیاں چنے برابر بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال بوڑھوں و بلغمی مزاجوں کیلئے قوت باہ پیدا کرنے کیلئے بہت مفید و مجرب ہیں۔ جسم کی دردیں بھی ساتھ ہی ساتھ دور ہو جاتی ہیں۔ سردیوں کے موسم میں استعمال کریں۔ خوراک ۱ گولی صبح و شام روٹی کے بعد۔

کشتہ فولاد خالص

برادہ فولاد۔ پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ شنگرف سب کو پیس کر ایک پاؤ لیموں

کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر چار انڈوں کے خول لیکر یہ سب دوائی ان میں بھر دیں اور مضبوط گل حکمت کریں۔ اب ایک برتن میں تین انگل ریت بچھا دیں اوپر انڈے رکھدیں۔ پھر ان پر پانچ انگل ریت بچھا دیں۔ اور نیچے پندرہ گھنٹے آگ جلا دیں۔ اور اتار کر باریک پیس لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ خون پیدا کرنے اور جسم کو طاقت دینے کے لئے مجرب ہے۔ ضعفِ جگر، ضعفِ باہ کے لئے مفید ہے۔ خوراک ا رتی مکھن یا بالائی میں دیں؛

مقوی خاص

برادہ چاندی ا تولہ۔ برادہ فولاد ا تولہ، شنگرف ۲ تولہ۔ پارہ ۲ تولہ سب کو ایک بوتل برانڈی شراب میں خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر پارہ۔ شنگرف ۲۔۲ تولہ ملا کر شراب برانڈی میں پہلے کی طرح کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طرح گیارہ آنچ دیں۔ آنچ تھوڑی تھوڑی کم کرتے جائیں۔

فوائدِ و ترکیب استعمال دل دماغ۔ اعصاب۔ جگر کو طاقت دینے کے لئے اکسیر ہے مقوی باہ ہے خون بکثرت پیدا کرتا ہے۔ خوراک ا چاول سے ۲ چاول تک ہمراہ مکھن؛

حب مقوی ممسک

شنگرف رومی ا تولہ۔ لوبان ا تولہ۔ افیون ا تولہ۔ کافور ا تولہ۔ جائفل ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ اور گولیاں چنے برابر

بنادیں۔ **فوائدِ و ترکیب استعمال۔** باہ کو طاقت دینے اور امساک پیدا کرنے کے لئے مفید ہے۔ ایک گولی ۲ گھنٹہ وقت خاص سے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ مستقل فائدہ کے لئے ایک گولی صبح و شام دودھ کے ساتھ کھا لیا کریں۔

تریاق باہ

شنگرف ا تولہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ سہاگہ ا تولہ۔ سب کو لعاب گھیکوار یا آک کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر خالی پوست بیضۂ مرغ میں ڈال کر دوسرے خول سے منہ بند کر کے گاچنی مٹی سے تین دفعہ گل حکمت کریں۔ پھر اڑھائی سیر ریت ہانڈی گلی میں رکھ کر اس کے درمیان وہ انڈا رکھدیں اور برتن کو گل حکمت کر کے بارہ گھنٹے آگ دیں۔ پھر نکال کر پیس لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال قوتِ باہ کے لئے عمدہ چیز ہے۔ خوراک ۲ چاول۔ پان میں رکھ کر کھائیں؛

نسخہ آگ سے جل جانیکا

سندھور ا تولہ۔ رال ا تولہ۔ میٹھا تیل ۲ تولہ۔ پہلی دونوں دوائیں کو باریک پیس کر تیل میں ملا کر کھرل کریں۔ پھر پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں جب پانی جذب نہ ہو۔ تو جلی ہوئی جگہ پر لگاویں۔ مجرب ہے۔

فوائد و ترکیب استعمال جلی ہوئی جگہ کو تسکین دینے اور زخم ٹھیک کرنے کیلئے بیحد مفید ہے۔

نسخہ جریان

قلعی ۲ تولہ۔ سکہ ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۶ ماشہ۔ سکہ قلعی پگھلا کر ورق بنادیں اور باریک کتر کر لوہے کے ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ پھر تین تولہ، مصری ذرا ذرا ملا کر کوٹتے رہیں۔ یہاں تک کہ باریک ہو جائے۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ جریان کے لئے مجرب ہے۔ احتلام کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ سرعت کے لئے بھی مفید ہے۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دودھ صبح کے وقت،

نسخہ اختناق الرحم

ایتھر سلفٹ ۳ ڈرام۔ ایتھر کلورل ۲ ڈرام۔ ٹنکچر ایسافا ئیٹڈا ۱ ڈرام۔ ٹنکچر ولیرین امونی سائی ۳ ڈرام۔ بردنائیڈ یا ۲ ڈرام۔ ٹنکچر کیمفرا۱ ڈرام۔ ایکوا کلورو فارم ۹ ڈرام۔ ملا کر رکھیں یہ چھ خوراک ہیں۔

فوائد و ترکیب استعمال اختناق الرحم یعنی ہسٹریا کا دورہ روکنے کے لئے بے مثال ہے۔ فوری اور یقینی فائدہ دیتا ہے۔ دورے کے وقت تین تین گھنٹہ بعد۔ ایک ایک خوراک تین دفعہ دیں۔

ناسور بتی

طوطیا سبز۔ پھٹکڑی سفید۔ شنگرف رومی۔ ہیرا کسیس۔ سونا مکھی۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری۔ زنگار۔ قلمی شورہ۔ گندھک آملہ سار،

مشک کافور ہر ایک ۳ تولہ کشتہ جست دیسی ۲ تولہ۔ گوند کیکر تولہ سب کو باریک پیس کر تین دن پانی سے کھرل کر کے نوک دار گولیاں بنائیں؛

فوائد و ترکیب استعمال ناسور۔ چنبل۔ دھدر۔ خارش تر۔ بھگندر زخم آتشک۔ سعفہ۔ لوا سیر کے مسول اور خراب زخموں کے لئے مفید ہے۔ کنکروں کے لئے بھی مفید ہے ناسور میں بتی گھس کر بتی لنبجر کر رکھیں، کنکروں کو الٹا کر تین دفعہ دن میں رگڑ دیا کریں۔ دھدر۔ چنبل وغیرہ میں گھس کر لگا دیں۔

حب تشنج

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ تینوں چیزوں کو تین تولہ پیاز کے پانی میں کھرل کریں، پھر ایک بڑے پیاز میں گل حکمت کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ چار پانچ گھنٹہ بعد نکال کر کھرل کر کے باجرے کے دانے برابر گولیاں بناویں۔

فوائد و ترکیب استعمال تشنج۔ کزاز اور تمام عصبی بیماریوں میں مفید ہیں خوراک ایک ایک گولی پندرہ پندرہ منٹ کے فاصلے سے تین بار ہمراہ شہد دیں۔

سفوف مقوی باہ

گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ پوست کیکر۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ موصلی سنبل۔ تالمکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ۔ ہر ایک ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنادیں؛

فوائد و ترکیب استعمال منی کو گاڑھا کرنے اور قوت باہ پیدا کرنے کیلئے مجرب ہے۔ سرعت انزال کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ گرمیوں میں جبکہ گرم گولیاں یا معجون استعمال نہیں کر سکتے۔ یہ سفوف بہت اچھا رہتا ہے۔ خوراک ۱ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ۔

رالہ شناسیال

کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ شنگرف۔ کشتہ ابرک سیاہ مروارید ناسفتہ۔ پارہ مصفی۔ گندھک آملہ سار مصفی ہر ایک ۱ تولہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی بنا دیں۔ پھر باقی کشتہ جات ملا کر سرخ نرمہ کے پھولوں کے پانی میں سات دن تک کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈالدیں اور خوب گل حکمت کر کے آگ پر رکھدیں۔ منہ کھلا رہنے دیں۔ بارہ پہر نرم آگ دیں۔ سرد ہونے پر شیشی توڑ کر کشتہ نکال لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال تپدق اور پرانے بخاروں کے لئے اکسیر ہے۔ جریان۔ احتلام۔ ضعف اعضائے رئیسہ کے لئے مفید ہے خوراک ۱ رتی سے ۲ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

تحفہ بخار

نیلا تھوتھہ بسنکھ۔ ہڑتال ورقیہ ہر ایک ۲ تولہ سب کو گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنا دیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اگر اچھی طرح ملائم کشتہ نہ ہو۔ تو پھر کھرل کر کے آگ دیں

فوائد و ترکیب استعمال پرانے بلغمی بخاروں۔ چوتھیا بخار کیلئے مفید ہے۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

اکسیر جریان

چاندی ۱ تولہ۔ تانبہ ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ سکہ ۱ تولہ۔ جست ۱ تولہ سب کو گلا کر کھرل میں ڈال دیں۔ پہلے اس میں ۱ تولہ پارہ رکھدیں۔ پھر باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پھر قلمی شورہ ۱۰ تولہ و نیم پاؤ بھنگ باریک شدہ کی چٹکی ڈالتے رہیں۔ اور آک کی موٹی لکڑی پھیرتے رہیں۔ جب خاک ہو جائے تو ایک کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے ایک من اوپلوں کی آگ دیں۔ بہت عمدہ کشتہ ہوگا۔ پانی سے دھو کر خشک کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ضعف باہ کیلئے مجرب ہے۔ پرانے نزلہ زکام کے لئے بہت مفید ہے۔ (نوٹ) تانبہ کے بغیر بھی یہ نسخہ تیار ہو جاتا ہے اور بجائے شورہ و بھنگ کے صرف شکر کی چٹکی سے بھی بنایا جاتا ہے

اکسیر دق

برادہ سونا ۶ ماشہ۔ برادہ چاندی ۶ ماشہ۔ برادہ تانبہ ۶ ماشہ، برادہ قلعی ۶ ماشہ برادہ جست ۶ ماشہ۔ پارہ ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ سونا مکھی ۶ ماشہ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ کہربا ۶ ماشہ۔ یاقوت ۶ ماشہ۔ لاجورد ۶ ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل کر کے پھر سب چیزیں ملا کر گودہ گھیکوار میں کھرل

کر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے قرص بنادیں۔ کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے بارہ سیر اوپلوں
کی آگ دیں۔ پھر نکال کر گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے گلحکمت کر کے آگ دیں۔
اسی طرح سات بار آگ دیں پھر باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ضعف باہ۔ ضعف دل و دماغ۔ جگر۔ پرانا نزلہ۔ کھانسی۔ دق۔ سل۔ دمہ
مالیخولیا کے لیئے بہت مفید و بے نظیر ہے۔ خوراک ا چاول سے ارتی تک
مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ چاندی پارہ قلعی والا

برادہ چاندی ا تولہ۔ پارہ تولہ۔ قلعی ا تولہ۔ پہلے قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ملادیں پھر
برادہ چاندی ملا کر ٹھکنڈا کے پانی سے ایک ہفتہ کھرل کریں پھر ٹھکنڈا کے آدھ
سیر نگدہ کے درمیان رکھ کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے چار سیر اوپلوں کی آگ
دیں۔ اسی طرح ٹھکنڈا کے پانی سے کھرل کر کے گلحکمت کریں اور آگ دیں۔ یہی
عمل ۱۲ مرتبہ کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ نزلہ پرانا کے لیئے مجرب ہے۔ خوراک چار چاول سے ارتی تک
مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

کشتہ فولاد چاندی والا

برادہ فولاد ا تولہ۔ برادہ چاندی ا تولہ۔ دونوں کو کابلی انار کے پانی میں تین روز
کھرل کریں۔ پھر اس میں ا تولہ سنکھیا سفید اور تین ماشہ پارہ ملا کر گھی کوار کے
گودہ میں کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں
کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ پھر نکال کر ۳ ماشہ پارہ ملا کر گودہ گھیکوار میں کھرل
کر کے ٹکیہ بنا کر پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح دس آگ دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت۔ ضعف اعضاء رئیسہ و کمی خون کے لئے اکسیر ہے۔ ۲ چاول سے ارتی
تک ہمراہ مکھن۔ بالائی وغیرہ۔ "نوٹ" کابلی انار کی بجائے امبر ول کے پانی سے
کھرل کر کے بھی کشتہ ہو جاتا ہے۔

حب حنظل

مٹھا تیلیہ مدبر ۹ ماشہ۔ کچلہ مدبر ا تولہ۔ کالی مرچ ا تولہ۔ پوست بیخ حنظل ا تولہ
سورنجاں شیریں ا تولہ سب کو کوٹ چھان کر بارہ گھنٹہ "تمہ" کے پانی میں (حنظل) کھرل
کریں پھر بارہ گھنٹہ ادرک سبز کے پانی میں کھرل کریں، اور چنے برابر گولیاں
بنادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ عرق النساء۔ گنٹھیا اور تمام بلغمی و ریاحی درد کے لیئے مجرب ہیں۔ خوراک ا گولی صبح و شام
ہمراہ گھی یا روٹی کے بعد ہمراہ پانی دیں۔

تریاق مارگزیدہ

گھونگچی سفید ا تولہ۔ سم الفار سفید ا تولہ۔ حقہ کی نے کی میل۔ آکھ کے پتوں پر
جما ہوا سفید مادہ ا تولہ۔ تیلیا مخفو تھا ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر آکھ کے
۱۰ تولہ دودھ میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:- سانپ کی زہر دور کرنے کے لیئے بہت مفید اکسیر ہیں۔ خوراک آدھی گولی ہمراہ گھی۔ باقی آدھی گولی زخم پہ پچھنے لگا کر لگائیں۔ آدھ گھنٹہ بعد پھر یہ عمل کریں۔ جب منہ کا مزا کڑوا ہو جائے تو زخم پہ لٹماس پر میگنیٹ باندھیں،

آسان نسخہ

سرد چینی ا تولہ، سکہ ا تولہ۔ پہلے سکہ کا برادہ بنا کر دانہ جو کے برابر کتر لیں۔ پھر سرد چینی ملا کر دس یوم خوب کھرل کریں۔ جب سرمہ کی مانند باریک ہو جائے۔ اور بے چمک ہو جائے۔ تو رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال سوزاک کے لیئے بہت مفید کشتہ ہے۔ خوراک ۲ رتی بتاشہ میں رکھکر ہمراہ دودھ گائے کھالیں

اکسیر عالم

سنکھیا سفید۔ دارچکنا، شنگرف۔ مردار سنگ۔ ہر ایک ا تولہ۔ تمام دن شراب برانڈی میں کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بناویں۔ اور پیالہ میں رکھکر دوسرا پیالہ اوپر دیکر مضبوط گل حکمت کریں۔ اور ہلکی ہلکی بیری کی آگ دیں۔ اوپر والے پیالہ پہ کپڑا بھگو کر رکھتے رہیں۔ جب تین سیر لکڑیاں جل جاویں تو اتار لیں۔ اور تمام جوہر نکال کر پیس کر شیشی میں رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ ا چاول سے ۲ چاول تک مکھن یا منقی میں رکھکر کھلادیں۔ آتشک۔ سوزاک۔ بھگندر۔ بواسیر۔ جذام کے لیئے بہت مفید و مجرب ہے۔

حب اطفال

عود صلیب۔ اندر جو شیریں۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ زہر مہرہ خطائی۔ زرعود۔ گلسرخ صاف۔ زیرہ سفید۔ سہاگہ بریاں۔ جدوار خطائی۔ ہر ایک چار ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ کالی مرچ ۵ ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ داہڑی برگد۔ ربوٹرا، داہڑی پیپل ہر ایک ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر عرق گلاب ادھ سیر میں کھرل کریں۔ پھر عرق کیوڑہ ادھ سیر میں کھرل کریں۔ پھر کیلہ کی جڑ کے پانی آدھ سیر میں کھرل کر کے کالی مرچ برابر گولیاں بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ بچوں کے ہر سبز پیلے دست دھوکنا کے لیئے مجرب ہیں۔ خوراک ایک سال کے بچے کو ایک گولی دو سال کے بچے کو دو گولی۔ اسی طرح عمر کے مطابق دیں،

جوہر کلاں

گندھک آملہ سار۔ پارہ۔ سنکھیا سفید۔ سنکھیا سرخ۔ ہرتال ورقیہ۔ شنگرف رومی۔ مردار سنگ۔ رسکپور۔ نیلا تھوتھا۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ پہلے لیموں کے پانی ا سیر میں کھرل کریں۔ پھر شراب برانڈی ایک بوتل میں کھرل کر کے حسب دستور دو پیالوں میں جوہر اڑادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ آتشک۔ سوزاک۔ ناسور۔ جذام کہنہ کے لیئے مفید ہے۔ پرانے زخم اس کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ خوراک ا چاول حلوہ میں رکھکر کھالیں۔ دانتوں کو

دوائی نہ لگے ۔ اوپر سے حلوہ اور کھالیں۔

مرہم قرح

مردا سنگ ۵ تولہ کو تین گھنٹہ سرکہ میں کھرل کریں۔ پھر روغن گل تقدر ضرورت میں اتنا کھرل کریں۔ کہ پھول کر گاڑھا سا ہو جائے۔ پھر سفیدہ قلعی پانچ تولہ کافور ۱ تولہ ملاکر کھرل کریں۔ اور مرہم بنا کر رکھ لیں،

فوائد و ترکیب استعمال۔ پھوڑا پھنسی ۔ زخم کے لئے اکسیر ہے جب تک زخم ٹھیک نہ ہو نہیں اترتی ۔ حسب دستور پھایہ پہ لگاکر پھوڑے پر چپکا دیں

معجون مغلظ

موصلی سنبل ۔ مانع سبز موصلی سیاہ مصطگی رومی پھکھڑا ۔ کمرکس ۔ موچرس گوند کیکر ۔ موچرس ۔ گوند کیکر ۔ طباشیر املی نشاستہ ، بہمن سرخ ۔ بہمن سفید تال مکھانہ ۔ ستاور ۔ موصلی سفید ۔ ہر ایک ۲ تولہ ۔ ثعلب مصری ۴ تولہ ۔ تخم مقاتل مصری ۴ تولہ ۔ الائچی خورد ۔ مغز تخم تمر ہندی کلاں ۔ بیج بند ۔ سپاری کلاں ۔ جو بھیلی ہر ایک ۲ تولہ ، ورق چاندی ایک دفتری ، کھانڈ و شہد سب دواں سے تین گنا ۔ پہلی دواؤں کوٹ چھان کر شہد و کھانڈ کا قوام کر کے ملا دیں ۔ (حاشیہ ملاحظہ ہو)

نقوع مصفی

بالچھڑ ۵ ماشہ ۔ گندھک آملہ سار ۵ ماشہ ۔ ہلدی ۲ ماشہ ، شاہترہ ۱۰ ماشہ ۔ نکندبابری ۴ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ ۔ برادہ شیشم ۷ ماشہ سب چیزوں کو رات کے وقت پانی میں بھگو دیں ۔ صبح صاف کر کے شہد ۲ تولہ ملا کر پی لیں ۔

خوراک ۹ ماشہ سے ۱ تولہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ ،

فوائد و ترکیب استعمال: مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے ۔ جریان ، احتلام ، سرعت کو نافع و مقوی باہ ہے

فوائد ۔ خون کی ہر قسم کی خرابی کے لئے بہترین تحفہ ہے ۔

نقوع چاکسو

رسوت ۳ ماشہ ۔ چاکسو ۳ ماشہ ، نرکچور ۳ ماشہ ۔ کتھہ سفید ۳ ماشہ ۔ الائچی ۳ ماشہ ۔ مہندی کے پتے ۳ ماشہ رات کو بھگو کر صبح صاف کر کے شربت عناب ۲ تولہ یا کھانڈ ۲ تولہ ملاکر پی لیں ۔

فوائد و ترکیب استعمال خون کو صاف کرنے کیلئے یہ نسخہ میں بکثرت استعمال کرتا ہوں ۔ دادا صاحب مرحوم بھی استعمال کرتے تھے ۔ برص کو بھی فائدہ کرتا ہے ۔

سفوف مقوی دماغ

مغز بادام مقشرہ تولہ ۔ مغز کدو ۵ تولہ ۔ دھنیا ۵ تولہ سونف ۵ تولہ ۔ خشخاش سفید ۵ تولہ ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ کوٹ چھان کر کشتہ چاندی ۵ ماشہ مصری ۲۵ تولہ ملاکر رکھ لیں ،

فوائد و ترکیب استعمال بہترین مقوی دماغ ہے ۔ پرانے نزلے کو بہت فائدہ کرتا ہے ۔ خوراک ۱ تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ ،

فیوری

سنکھ ۴ تولہ ہڑتال ورقیہ ۴ تولہ ۔ نیلا تھوتھا ۴ تولہ سب کو گودہ گھیکوار میں کھرل کے کوزہ گلی میں گلحکمت کریں ۔ اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں تیار ہے ۔

فوائد و ترکیب استعمال پرانے بلغمی و سوداوی بخاروں کے لئے اکسیر ہے پرانا کہنہ کو جڑ سے نکال دیتا ہے۔ خوراک چار چاول بتاشہ میں رکھ کر روٹی کے بعد کھلا دیا کریں۔

کشتہ صدف مرکب

قلمی شورہ ۵ تولہ سرمہ سفید ۵ تولہ۔ سنگجراحت ۵ تولہ۔ سیپی سیپ ۵ تولہ سب کو باریک پیس کر دودھ دہی ترش میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر باریک پیس کر کشتہ سنگجراحت ملا کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال نئے و پرانے بخاروں۔ نفث الدم و سوزاک کیلئے مفید ہے۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسب یا شربت بزوری ۲ تولہ۔

حب مقوی معدہ

ارنڈ خربوزہ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ نمک سیاہ کوٹ چھان کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال معدہ کو طاقت دینے کیلئے مفید و آسان نسخہ ہے غذا ہضم کرتا ہے۔ خوراک ۲ گولی سے ۴ گولی تک روٹی کے بعد ہمراہ پانی۔

جوشاندہ کھانسی

دارچینی ۲ ماشہ۔ بہیدانہ ۲ ماشہ۔ اصل السوس ۷ ماشہ۔ زوفا ۷ ماشہ

انجیر ۵ عدد۔ کوکنار ۱ ماشہ۔ کھانڈ ۶ ماشہ۔ جوشاندہ بنائیں اور نوش کریں۔

برائے صرع

عود صلیب اصلی ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ ہڈی آدمی کی کھوپڑی کی ۲ تولہ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ جدوار ۶ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔ سورنجان شیریں ۲ تولہ۔ بادیاں ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ جوان کو، ۲ ماشہ بچہ کو صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ ۳ تولہ۔ عرق بادیاں ۳ تولہ۔ عرق گلاب ۳ تولہ دیں۔ مرگی کا دورہ روکنے کیلئے بہت مفید ہے۔

داد گولی

گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ گوگل ۱ تولہ۔ تخم مولی ۱ تولہ۔ طوطیا سبز ۶ ماشہ۔ سب کو مولی کے پانی میں کھرل کرکے گولیاں بنائیں۔ آب مولی یا صرف پانی میں حل کرکے داد کی جگہ پر لگاویں۔ مجرب ہے۔

سرمہ طلائی

چاندی ۱ تولہ۔ جست خالص ۱ تولہ۔ سکہ ۱ تولہ۔ تانبہ ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ برادہ سونا ۴ ماشہ۔ گلا کر لوہے کے ہتھوڑے سے کوٹیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ۔ مرجان ۴ ماشہ۔ صدف مروارید ۴ ماشہ باریک پیس کر عرق گلاب۔ عرق سونف میں کھرل کرکے سرمہ بنا دیں۔ اور رات کو آنکھوں میں

لگایا کریں۔ بہترین مقوی نسخہ ہے۔

اکسیر سلسل البول

زرد کوڑی ۵ تولہ۔ سنگِ سیپ ۵ تولہ (صدف مروارید) پوست بیضہ مرغ ۵ تولہ سب کو باریک پیس کر سرکہ انگوری خالص میں کھرل کر کے چھوٹے چھوٹے قرص بناویں۔ اور کوزۂ گلی میں گلحکمت کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تین آگ میں کشتہ ہو جائے گا۔ پھر اس کو باریک پیس کر کشتہ فولاد ۱ تولہ اور کشتہ زمرد ۱ تولہ ملا کر سب دوا کے برابر گاجنی مٹی ملا کر حل کر کے رکھ لیں۔ خوراک ۱ ماشہ مکھن یا بالائی میں کھایا کریں۔

جریان۔ احتلام۔ پیشاب کی زیادتی بغیر ارادہ پیشاب کے نکل جانے کے لئے مفید ہے۔

اکسیر دردِ گردہ

سفید بیٹ جنگلی کبوتر۔ جوکھار۔ چھلکا ریٹھہ سفوف بناویں۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ پانی۔ اگر آرام نہ ہو تو گھنٹہ دو گھنٹہ بعد ایک دو خوراک اور دیں۔

حب مقوی باہ

سنکھیا ۳ ماشہ۔ افیون ۴ تولہ۔ زعفران خالص ۲ تولہ کشتہ چاندی کشتہ فولاد شنگرفی ہر یک تولہ۔ لونگ۔ برادہ صندل سفید ہر یک ۴ ماشہ چھوہارے دودھ میں اُبلے ہوئے ۱۲ عدد۔ کوٹنے والی دوائیں کوٹ

چھان کر اور سنکھیا ملا کر کھرل کریں۔ افیون کو گرم دودھ میں تر کر کے سفوف میں ملا کر خوب کوٹیں۔ پھر ایک ایک چھوہارا ڈال کر کوٹتے جائیں۔ جب ایک جان ہو جائیں، تو ایک ایک رتی گولیاں بناویں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام بعد از غذا۔

کشتہ چاندی

چاندی ۱ تولہ کا باریک پترا بنالیں۔ پھر سم الفار سفید ۱ تولہ گندھک آملہ سار ۱ تولہ ایک کوزۂ گلی میں پترا کے نیچے اوپر دے کر گلحکمت کر کے کسی گڑھا میں اوپلوں کے ایک سیر چورہ میں آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ جریان ضعف باہ نزلہ کے لئے مفید ہے۔ خوراک چار چاول سے ۱ رتی تک مکھن بالائی میں دیا کریں۔ نوٹ۔ کشتہ کو روح کیوڑہ میں باریک کھرل کریں۔

بچھناگی

سم الفار سفید۔ شنگرف۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ افیون ہر ایک تولہ تولہ بھیڑ کے دودھ میں چار پانچ دن کھرل کریں۔ جب حلوہ کی مانند ہو جائے ۱ رتی ہمراہ مکھن دیں۔ گٹھیا۔ فالج۔ لقوہ۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب کے لئے مجرب ہے۔

مغلظ و مقوی

برگ بھنگ خشک ۱۰ تولہ کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر شیر گاؤ ۱ سیر میں معلق لٹکا کر جوش دیں۔ آگ نرم ہو جب کھویا بن جائے۔ پوٹلی کو مل کر

پھینک دیں۔ تودر کھٹا رکھیں۔ اسگند ناگوری۔ ۱ نخ پان۔ عاقر قرحا۔ مغز تخم ربلی۔ ہر ایک تین تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ ہر ایک تولہ تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ جوز بوا۔ جلوتری۔ تخم گاجر۔ تخم کونچ۔ ہر یک ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ مغز بادام مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل۔ مغز بھلاوے ہر یک تین تولہ۔ پیس کر سفوف میں ملا دیں۔ پھر قند سفید تین پاؤ۔ شہد خالص ایک پاؤ کا قوام کر کے ملا دیں۔ پھر زعفران ۲ ماشہ روح کیوڑہ ۲ تولہ میں حل کر کے ملا دیں۔

خوراک ۶ ماشہ صبح و شام بہترین مقوی باہ و مغلظ منی ہے۔

حب مدر حیض

مرمکی ۱ تولہ۔ مقبر ۱ تولہ۔ عصارہ ریوند ۱۰ تولہ۔ زعفران خالص ۶ ماشہ۔ فراقی سلفاس ۶ ماشہ۔ سب کو الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں جنگلی بیر برابر بنا دیں۔

خوراک ۱ گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ۔ بہترین مدر حیض ہے۔

اکسیر خروج ہیل

خبث الحدید مدبرہ تولہ۔ کیکر کے پھول۔ گل ٹیسو۔ آملہ۔ پوست بلیلہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہر ایک تین تولہ۔ سونٹھ۔ سداب۔ نرکچور۔ دارچینی۔ تمال تیز۔ ہلیلہ سیاہ۔ عصارہ۔ غافث۔ ہر یک ۶ ماشہ۔ مشک طرامشیع ۱ تولہ۔ شہد سہ چند۔ معجون بناویں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ

مناسب بچہ دانی کا باہر نکلنا یا بوجھ محسوس ہونا اس کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔

سیلان الرحم

خون سیاوشاں ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ مرگانک۔ کشتہ صدف ہر یک تولہ۔ سمندر سوکھ۔ الائچی خورد ہر یک ۴ تولہ۔ طباشیر ۴ تولہ۔ کشتہ سکہ ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ شدہ ۶ ماشہ۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔ خوراک ۴ رتی صبح و شام مکھن یا بالائی میں کھائیں۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ لیموں کے پانی میں کھرل کر کے شدھ کر لیں۔

شربت مدرلہ

بیخ کاسنی ۵ تولہ۔ تخم خیارین ۱۲ تولہ۔ تخم خربوزہ۔ تخم تربوز۔ تخم کثوث۔ مکوہ خشک ہر یک ۱ تولہ۔ بادیان سرخ ۱۰ تولہ۔ گاؤزبان۔ گلسرخ ۲ تولہ۔ تخم کاسنی۔ گل گاؤزبان۔ مشک طرامشیع۔ زوفا۔ پرسیاوشاں ہر یک تولہ۔ کاکنج ۹ ماشہ۔ کھانڈ ۳ پاؤ۔ پھر گلقند ایک پاؤ ملا دیں۔ خوراک ۳ تولہ صبح و شام چند پانچ روز استعمال کرائیں۔

اکسیر موتی جھرہ

سنکھ۔ صدف مروارید۔ شاخ مرجان۔ استخوان۔ سنگ یشب ہر ایک ۱ تولہ۔ نیم کوفتہ کر کے کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

خوراک نصف رتی سے ۱ رتی تک کھانڈ ملا کر دیں۔

حب آتشک

کچلہ - کتھ سفید - سپاری چھالیہ - رسکپور - نیلا تھوتھا - الائچی خورد مردا سنگ - ہر ایک ۱ تولہ - سب کو جدا جدا پیس کر کانسی کے برتن میں کانسی کے ڈنڈا سے گائے کی دہی کے ساتھ چار پہر کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنا دیں - خوراک ایک گولی صبح و عصر پہر کو دہی پاؤ کے ساتھ -

معجون مفرح

زہر مہرہ - لعل - کہربا - یاقوت - سنگ لیشب - عقیق - ہر ایک ۱ تولہ - ورق چاندی ۶ ماشہ - ورق سونا ۳ ماشہ - سبکو باریک پیس کر روح کیوڑہ و بید مشک - روح گلاب ہر ایک - ایک پاؤ میں خوب کھرل کریں - اور خشک کر کے رکھ لیں پھر جدوار خطائی - ۲ - تولہ

سونٹھ - جڑ پان - زرد نخ عقربی - جائفل زعفران

۲ تولہ ۱ تولہ ۴ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ

بالچھڑ - گل گاؤزبان - دارچینی لونگ تیزپات ناگرموتھا

۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ

مشک خالص ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر پہلی کھرل شدہ دواؤں میں ملا دیں - پھر آب انار - آب انگور - پانی سیب - پانی بہی

۱۵ تولہ ۱۵ تولہ ۲۵ تولہ ۱۵ تولہ

آب آملہ ۱۵ تولہ میں کھانڈ تین پاؤ ملا کر قوام کریں - اور نیچے اتار کر سب دوائیں ملا دیں -

فوائد: - مالیخولیا مراقی - وہم و وسواس - ضعف دل دماغ - اعصابی کمزوری - خفقان کے لئے اکسیر ہے -

خوراک: - ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا گندر میں مناسب شربت ملا کر پلا دیں -

تسکین

میٹھا تیلیا مدبر - جدوار خطائی - افیون - چھلکا ریٹھا ست لوبان

۱۲ ماشہ ۱ تولہ ۳ تولہ ۲ تولہ ۳ تولہ

کشتہ بارہ سنگا - اسپرین پوست جڑ آکھ قلمی شورہ

۴ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ

سوڈا سیلی سلاس - سورنجان شیریں - پوٹاس برومائیڈ

۴ تولہ ۲ تولہ ۴ تولہ

سب کو باریک پیس سفوف تیار کریں -

فوائد و ترکیب استعمال: - ہر قسم کی دردوں کو تسکین دینے کے لئے اکسیر ہے - مثلاً گنٹھیا - عرق النساء و جع الورک - درد اعصاب - درد معدہ - درد سر وغیرہ -

خوراک: - ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ چائے یا پانی صبح و شام دیں ۔

حب اعجاز

گندھک آملہ سار ۔ پارہ ۔ شنگرف ۔ ہڑتال ورقی ۔ میٹھا تیلیا
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
افیون ۔ مگھاں ۔ سہاگہ ۔ کالی مرچ ۔ لونگ ۔ جائفل ۔ زعفران
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
سب کو باریک پیس کر ادھرک کے پانی میں ایک ہفتہ کھرل کرکے گولیاں چنے برابر بنا دیں۔
فوائد و ترکیب استعمال: گٹھیا ۔ لقوہ ۔ فالج ۔ کھانسی ۔ اسہال ۔ تشنج ۔ کے لئے بہت مفید ہے۔
خوراک ۔ ۱ گولی صبح و شام ہمراہ چائے یا عرق

سیلانی

گل نیم ۔ پھٹکڑی ۔ صمغ عربی ۔ موچرس ۔ دم الاخوان ۔ آرد سنگھاڑا
۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ ۵ تولہ
آرد نخود بریان ۔ گل سپاری ۔ کشتہ قلعی ۔ الائچی خورد
۵ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ
کشتہ صدف ۔ کشتہ فولاد ۔ سفوف بنا دیں
۲ تولہ ۳ تولہ
خوراک ۔ ۳ ماشہ صبح ہمراہ پانی تازہ ۔ سیلان الرحم ۔ کثرت طمث

استحاضہ کیلئے مفید ہے۔

اکسیر طحال

حنظل پختہ ۔ لیموں ۔ نوشادر ۔ جوکھار ۔ اندرجو
۲ سیر ۵ سیر ادھ سیر ۱ پاؤ ۱ پاؤ
سبز کاہی ۔ کوار گندل ۔ ان سب میں اتنا عرق ڈالیں کہ
۱ تولہ ۵ سیر ۔ بیس بوتل عرق نکل آئے خوراک ۲ تولہ
سے ۵ تولہ تک ۔ صبح، شام۔
فوائد: عظم طحال و جگر سوء القنیہ و ضعف جگر کیلئے اکسیر ہے۔

معین حمل

یہ نسخہ تیار ہے

برادہ دندان فیل ۔ سپاری ۔ گلنار ۔ ابریشم مقرض
۳ تولہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۲ ماشہ
لید محرق ۔ مروارید ناسفتہ ۔ زمرد اخضر ۔ یشب سبز
۴ ماشہ ۷ ماشہ ۴ ماشہ ۴ ماشہ
شاخ مرجان ۔ گل سرخ ۔ گل ارمنی ۔ عود غرقی
۴ ماشہ ۷ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ
مصطگی رومی ۔ نرکچور ۔ بادروسبز ۔ درونج عقربی
۴ ماشہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۵ ماشہ

عود صلیب اصلی　مغز تربز　سب کو پیس کر کھانڈ دوگنا
۵ ماشہ　۵ ماشہ　کا قوام کرکے ملادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ جن عورتوں کو حمل نہ ہوتا ہو اُن کو حیض سے پاک ہونے کے بعد ۶ ماشہ روزانہ صبح دودھ کے ساتھ کھلادیا کریں۔

بہت عورتوں پر کامیاب ہوا ہے۔ اگر کوئی بیماری ہو تو پہلے اُس کا علاج کرلینا چاہیئے۔

حب سوزاک

تمباکو کڑوا پانچ تولہ لیکر رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگودیں۔ صبح صاف کرکے اس میں نیلا تھوتھا ۶ ماشہ پھٹکڑی سفید پیس کر حل کریں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر جوش دیں۔ جب قوام ذرا سخت ہوجائے تو اتار کر رکھ لیں۔ اور گولیاں چنے برابر بنادیں۔

فوائد:۔ سوزاک پرانے کے لیے بہت مفید ہے۔

خوراک۔ ۱ گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں۔

دوائے عقر (اولاد نہ ہونا)

بلادہ دندان فیل　ناگ کیسر۔　بہمن سفید۔　کھانڈ　سفوف
۵ تولہ　۵ تولہ　۵ تولہ　۵ تولہ　} بنادیں

خوراک:۔ ۴ ماشہ روزانہ صبح ہمراہ دودھ کھالیا کریں۔ بے اولاد غریب عورتوں کو یہ نسخہ استعمال کرادیں۔

حب مقل

اسگند ناگوری　پوست بیخ دھتورہ　پوست بیخ مدار۔ پوست
۱ تولہ　۱ تولہ　۱ تولہ
بیخ سنبھالو　پوست بیخ سہانجنہ　تخم حرمل　عقرقرحا
۱ تولہ　۱ تولہ　۱ تولہ　۱ تولہ
لہسن　گوگل بھینسا　کچلہ مدبر　میٹھا تیلیہ　سم الفار
۲ تولہ　۱ تولہ　۳ تولہ　۲ ماشہ　۲ ماشہ

قند سیاہ کہنہ ۱ تولہ۔ سب کو پیس کر لہسن کے پانی میں یا ادرک کے پانی میں کھرل کرکے گولیاں چنے برابر بنادیں۔

خوراک:۔ ۱ گولی صبح و شام روٹی کے بعد ہمراہ دودھ یا پانی۔ درد کمر۔ گٹھیا۔ تمام ریحی دردوں کے لئے اکسیر ہے۔

حب آتشک

ہلیلہ سیاہ۔　توتیا سبز　مرداسنگ　طباشیر　کشتہ قلعی
۱ تولہ　۱۰ تولہ　۱۰ تولہ　۱ تولہ　۱ تولہ

لیموں کے ایک سیر پانی میں کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بنادیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ آتشک کے لئے بہت مفید ہے۔ خوراک ۱ گولی صبح مکھن میں رکھ کر نگل لیا کریں۔

ننھا پاؤڈر

کیلسیم ہائپو فاسفیٹ	دارچینی	عود غرقی	مصطگی رومی
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

زعفران	ریوند خطائی	
۶ ماشہ	۹ ماشہ	} باریک سفوف بنادیں۔

فوائد:۔ کمزور بچوں کے لئے مفید ہے۔ ہاضم کی کمزوری۔ اسہال قے۔ تفخ۔ بچوں کو دودھ کا ہضم نہ ہونا۔ اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ کھانسی کے لئے مفید ہے۔ خوراک ۴ رتی صبح و شام ماں کے دودھ یا کسی عرق میں یا شربت میں ملا کر دیں۔

اکسیر سوزاک

پارہ مصفی	گندھک آملہ سار مصفی	صبر سقوطری	جمالگوٹہ مدبر
۱ تولہ	۱ تولہ	۵ تولہ	۳ تولہ

نیلا تھوتھا	مردار سنگ	پوست ریٹھہ	
۲ تولہ	۲ تولہ	۱۰ تولہ	} سب کو باریک پیس کر

ادھرک کے ۲۵ تولہ پانی میں کھرل کریں۔ پھر گھیکوار کے پانی میں کھرل

کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کریں۔ اور دس پندرہ سیر اپلوں کی آگ دیں اور پیس کر رکھ لیں۔

فوائد۔ سوزاک پرانے اور نئے کیلئے بہت مفید ہے۔ خصوصاً قرحہ کو بہت فائدہ دیتا ہے۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ مکھن صبح کھا لیا کریں۔

تریاق بخار مزمن

ہڑتال ورقی	صدف مروارید	سم الفار سفید	شنگرف	پھٹکڑی سفید
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

سب دواؤں کو آکھ کے دس تولہ دودھ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنادیں۔ پھر ایک سیر پیپل کی چھال باریک کوٹ کر آکھ کے دودھ میں تر کر کے دو ٹکیہ بنادیں۔ پھر ان کو خشک کر کے ایک مٹی کے ٹھیکرے پر رکھ کر اس کے اوپر وہ ٹکیہ رکھ دیں دوسری ٹکیہ اس کے اوپر رکھ کر محفوظ مکان میں کوئلوں کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو وہ ٹکیہ نکال لیں۔ اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد:۔ پرانے ملیریائی بخاروں کیلئے اکسیر ہے۔ خوراک ۱ رتی سے شروع کر کے آہستہ آہستہ چار رتی تک مناسب بدرقہ کیساتھ دیں۔

ہاضوم

نوشادر	نمک سیاہ	سونٹھ	زیرہ سیاہ	اذخر مکی	ملٹھی
۵ تولہ	۳ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

کالی مرچ جو کھار عود خام مصطگی رومی کوٹ چھانکر
۴تولہ ۳تولہ ۱تولہ ۱تولہ سفوف بنادیں

فوائد و ترکیب استعمال:۔ معدہ کو طاقت دینے اور غذا ہضم کرنے کیلئے بہترین تحفہ۔

خوراک ۔ ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک روٹی کے بعد پانی کے ساتھ کھالیا کریں۔

طلا خراطینی

گندھک آملہ سار ۔ شنگرف ۔ سم الفار ۔ بوچھلی مغز
۱تولہ ۱تولہ ۹ماشہ ۹ماشہ

جمالگوٹہ ۔ نارجیل جائفل لوبان کوڑیہ ہڑتال ورقیہ
۲تولہ ۲تولہ ۲تولہ ۳تولہ ۱تولہ

مغز ارنڈ نوشادر لونگ زعفران جاوتری
۲تولہ ۶ماشہ ۲تولہ ۳ماشہ ۲تولہ

بیر بہوٹی خراطین خشک (گنڈوئے) چربی سانڈا
۳تولہ ۵تولہ ۲تولہ

چربی شیر چربی گدھا ریگ ماہی مالکنگنی دارچینی
۲تولہ ۲تولہ ۲تولہ ۲تولہ ۲تولہ

باریک پیس کر گولیاں جنگلی بیر برابر بنادیں ۔ اور آتشی شیشی میں ڈال کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ ضعف باہ کے لئے بہت مفید و مجرب ہے

مخلوق کو خوب فائدہ کرتا ہے ۔ دو تین قطرہ سیون، خشفہ بچا کر مالش کریں ۔ اوپر ارنڈ کا پتہ گرم کرکے باندھ دیں ۔ اگر دانے نکل آئیں ۔ تو اس کی مالش روک دیں ۔ اور گھی جلاکر لگادیں ۔ جب دانے ٹھیک ہو جائیں تو پھر مالش کریں ۔ اس طرح دو تین بار مالش کریں۔

سفوف عجیب

نمک لاہوری نمک سیاہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد
۵تولہ ۵تولہ ۵تولہ ۵تولہ

پوست بلیلہ ۔ آملہ خشک ۔ سونٹھ سنا مکی صاف شدہ
۵تولہ ۵تولہ ۱۰تولہ ۵تولہ

کوٹ چھان کر سفوف بنادیں

فوائد، ترکیب استعمال:۔ دائمی قبض ۔ سر درد ۔ نظر کی کمزوری دانتوں کا ہلنا اس کے مسلسل استعمال سے دور ہو جاتا ہے ۔ ساتھ ہی دانتوں کے لئے منجن بھی استعمال کریں ۔ بہت عمدہ نسخہ ہے۔

خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دودھ راتکو سوتے وقت؛

مالش برائے خارش

گندھک آملہ سار بابچی مردار سنگ ہلدی کتھ سفید
۲تولہ ۲تولہ ۱تولہ ۲تولہ ۲تولہ

سنگجراحت نیلا تھوتھا } سب کو باریک پیس کر سرسوں کے
۲تولہ ۱تولہ } تیل میں بقدر ضرورت ملاکر مالش کریں۔

فوائد: ۔ خشک وتر خارش کے لئے مفید ہے ۔ اندرونی طور پر کوئی مصفی خون نسخہ پلادیں۔

مرہم استخوان

کتھ سفید ۔ مردار سنگ ۔ نیلا تھوتھا بریان ۔ زنگار ۔ شنگرف ۔ سیندھور
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
رال ۔ ہڈی جلی ہوئی ۔ سفید قلعی } سب دواؤں کو باریک پیس کر
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ } گائے کے گھی ۴۴ تولہ میں ملا کر کانسی کے برتن میں تین روز حل کرکے رکھ لیں۔

فوائد وترکیب استعمال: ۔ ہر قسم کے خراب اور نہ ٹھیک ہونے والے زخم ناسور کے لئے اکسیر ہے ۔ ناسور میں بتی مرہم سے لتھیڑ کر رکھیں اور زخم پر بطور مرہم پھایہ بنا کر رکھیں۔

لذیذ چورن

کالی مرچ ۔ مگھاں ۔ پوست ہلیلہ زرد ۔ پوست بلیلہ ۔ گلسرخ
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ
سونف ۔ پودینہ ۔ شیطرج (چترا) ۔ سنا مکی ۔ تردی خراشیدہ
۱ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۱ تولہ ۱ تولہ
نمک سیاہ ۔ نمک سنگ ۔ انار دانہ ۔ زرشک ۔ مصری سب
۶ ماشہ ۳ ماشہ ۵ تولہ ۶ تولہ ۔ دواؤں کے برابر

کوٹ چھان کر سفوف بناویں ۔ اور ست پودینہ ۔ ست اجوائن حل کرکے رکھ لیں ۔ فوائد وترکیب استعمال: ۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے ۔ کھانا ہضم کرتا ہے ۔ خوش ذائقہ ہے ۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ۔

اکسیر مفاصل

گوگل ۔ شنگرف ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ۔ افیون ۔ کچلہ مدبر ۔ مگھاں
۶ تولہ ۱ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱۶ عدد ۲ تولہ
چاکسو ۔ کالی مرچ ۔ رسوت ۔ اجوائن دیسی
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ

سوائے رسوت ۔ افیم اور گوگل کے باقی دوائیں کوٹ چھانکر یہ تینوں دوائیں ملاکر اکسن بوٹی کے پانی میں کھرل کرکے چنے برابر گولیاں بناویں

فوائد وترکیب استعمال: ۔ گٹھیا ۔ عرق النساء اور ہر قسم کی ریاحی دردوں کے لئے بہت مجرب ہے ۔

خوراک ۔ ۱ گولی صبح وشام ہمراہ گھی ۔

نسوار نکسیر

پھٹکڑی بریان ۔ ایرنے اوپلے کی راکھ ۔ کاغذ جلا ہوا ۔ سنگجراحت ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس کر رکھ لیں

فوائد وترکیب استعمال ۔ نکسیر کو روکتی ہے ۔ بطور نسوار استعمال کریں ۔ اگر نکسیر بہت زیادہ ہو تو کھانے کیلئے قرص کہربا ۔ شربت انجبار کیلشیم لیکٹیٹ وغیرہ بھی استعمال کریں ۔ اور پیشانی پر لیپ بھی کریں۔

اکسیر ریٹھہ

ریٹھے ۲تولہ — طوطیا سبز ۱تولہ

دونوں کو الگ الگ پیس کر کپڑ چھان کریں۔ پھر بغیر قلعی تانبے کی طشتری پر بچھا دیں اور چولہے پر رکھ دیں۔ جب کتھے کیطرح سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو اتار لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ آتشک۔ جذام و درد گردہ کیلئے مفید ہے۔ خوراک ۱رتی منقی میں رکھ کر چبائے کیساتھ کھالیں۔ دودھ دہی۔ گڑ و تیل سے پرہیز کریں

تریاق بواسیر

پھٹکڑی بریاں	مولی کا پانی	شیرہ برگ نیم	سرمہ سفید
۵تولہ	۲سیر	۱سیر	۱تولہ

سبکو ملاکر کڑاہی میں ڈالکر پکا دیں جب پانی جل جائے تو پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ بواسیری خون بند کرنے کیلئے مفید ہے بعض مریضوں کو اکیلی گولیاں فائدہ نہیں کرتیں اگر ساتھ ہی اس کو بھی دے دیا جائے تو حیرت انگیز طور پر مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر مرض زیادہ ہو تو عموماً دو تین دوائیں دینے سے اکثر بیمار شفایاب ہو جاتے ہیں۔

دمول

ایک جنگلی کبوتر لیکر اس کا پیٹ چاک کرکے صاف کریں پھر نمک سنگ ۱۰تولہ

ہڑتال ورقی ۲۔ تولہ پیس کر چینی کے پیالہ میں ڈالیں پھر اس پر دھتورہ سیاہ کا پانی اسقدر ڈالیں کہ چار انگل اوپر رہے جب ذرا سی نمی باقی ہو تو کھرل کرکے کبوتر کے پیٹ میں بھر کر سی دیں اور کوزہ گلی میں رکھ کر گلحکمت کرکے دس اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور پیس کر رکھ چھوڑیں فوائد:۔ دمہ بلغمی کیلئے بہت مفید ہے۔ دوسرے دمہ کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ اچھا اور قابل تعریف نسخہ ہے۔ میں تو جب معجون دمہ استعمال کرتا ہوں تو یہ اس میں ملا کر دیا کرتا ہوں۔ خوراک ۲رتی سے ۴رتی تک معجون دمہ یا شہد یا کسی دوسرے لعوق وغیرہ میں ملا کر دیں۔

درد دنداں

عاقر قرحا ۱تولہ زیرہ سفید ۱تولہ مرچ سیاہ ۸ماشہ پھٹکڑی سوختہ ۲تولہ نمک لاہوری ۱تولہ کوڑی زرد سوختہ ۲تولہ نوشادر ۱تولہ افیون سوختہ ۲ماشہ اجوائن دیسی ۱تولہ باریک پیس کر رکھ لیں۔

فوائد و ترکیب استعمال:۔ دانتوں کی درد کیلئے بہت مفید ہے۔ بطور منجن صبح شام ملیں۔

طلاء مجلوق

شنگرف ۱تولہ پارہ ۱تولہ ہڑتال ورقیہ ۱تولہ سمبل ۱تولہ سنکھیا سفید ۶ماشہ دودھ آک میں چھ دن کھرل کرکے گولیاں بنا دیں

فوائد و ترکیب استعمال:۔ مشت زنی کے مریض کیلئے بہت مفید ہے رگوں کا گندا پانی نکالنے کیلئے مجرب ہے۔ ایک گولی پانی میں گھس کر

لگادیں ۔ یعنی ایک ٹاکی لیکر ۔ اوپر یہ دوائی لگادیں اور صرف عضو مخصوص کے درمیانی حصہ پر لگادیں جب چھالا ظاہر ہو جائے تو بند کردیں اور مکھن لگاتے رہیں

حب احتلام

پھلی ببول	دودھی خورد	بیخ سنبل	موصلی سفید	اندرجو شیریں
۲تولہ	۲تولہ	۱تولہ	۱تولہ	۶ماشہ

برطیان	تالمکھانہ	ثعلب مصری	کشتہ قلعی	گوند کیکر
۶ماشہ	۶ماشہ	۱تولہ	۲تولہ	۶ماشہ

سب کو پیس کر بڑ کے دودھ میں کھرل کرکے گولیاں چنے برابر بنادیں ۔

فوائد وترکیب استعمال :۔ جریان ۔ احتلام ۔ سرعت ورقت مادہ منویہ کے لئے مجرب ہے ۔

خوراک :۔ ۱گولی سے ۲گولی تک ہمراہ دودھ صبح شام استعمال کرادیں ۔

ملیریا مزمن و ضعف جگر

موجودہ نسل کو جس طرح ملیریا تباہ وبرباد کر رہا ہے ۔ شاید ہی کوئی دوسرا مرض کرتا ہوگا ۔ جس مطب کو دیکھو اسی فی صدی مریض اسی بیماری کے ہوتے ہیں ۔ نئے ملیریا کا علاج تو میں بالتفصیل بیاض سائیں بخش حصہ اول میں درج کر چکا ہوں ۔ اب چاہتا ہوں کہ پرانے ملیریا اور اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے امراض مثلاً ضعف جگر ، عظم طحال وغیرہ کا علاج یہاں درج کردوں تاکہ ہر طبیب اس سے فائدہ حاصل کر سکے ، یہ علاج میرا تیس سالہ تجربہ ہے ۔ جس نے میری شہرت کو دور دور تک پہنچادیا ہے ۔ جو طبیب بھی اس علاج کو اپنائیگا انشاءاللہ اس کا مطب دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے گا ۔ جب پرانے ملیریا کا مریض مطب پر آتا ہے ۔ تو اکثر اس کا رنگ زرد یا سیاہی مائل زرد ہوتا ہے ۔ بخار کبھی چند یوم کے لئے چھوڑ جاتا ہے کبھی پھر شروع ہو جاتا ہے ۔ دل دھڑکتا ہے ۔ سانس پھولتا ہے ۔ چکر آتے ہیں ۔ قبض ہوتا ہے ۔ جسم میں عام کمزوری محسوس کرتا ہے ۔ بعض مریض ٹانگوں اور بازوؤں میں درد کی شکایت بیان کرتے ہیں ۔ تلی اکثر بڑھی ہوئی ہوتی ہے ۔ بعض مریضوں کا جگر بھی بڑھا ہوا ہوتا ہے ۔ اسی فیصدی مریضوں میں ضعف جگر نمایاں محسوس ہوتا ہے ۔ کئی مریض کئی مریض ضعف باہ اور رحم کی کمزوری بھی محسوس کرتے ہیں ۔ بخار کا بار بار حملہ ہونے سے مریض بہت کمزوری محسوس کرتا ہے ۔

علاج

اگر آپ کے پاس اس قسم کا مریض آئے ، تو آپ مندرجہ ذیل طریقہ سے علاج کریں ، چند ہی دنوں میں مرض کی جڑ نکل جائے گی ۔ زرد چہرہ سرخ ہو جائے گا ۔

دل کی دھڑکن دور ہو جائے گی۔ مریض اپنے آپ کو طاقتور محسوس کرے گا اور آپ کو ہزار ہزار دعائیں دے گا۔

ملٹی وٹس (ایک انگریزی دوا) ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ ادھڑ کا بستی۔ دودھ یا پانی یا شربت دیں۔

گھنٹہ دو گھنٹہ بعد نسخہ مولد خون دوا ایک تولہ سے ۲ تولہ تک صبح و شام دن میں دو دفعہ پلا دیا کریں۔ یا اور کوئی خون پیدا کرنے والی دوائی جو ضعف جگر کے لیے مفید ہو۔ اور بخار کو کسی قسم کا نقصان نہ کرے۔ استعمال کراتے رہیں۔ مثلاً لیورجن، لیووجن۔ فرسولیٹ۔ شربت فولاد۔ یا ہیمو پیٹول یا آئیرو فول ٹیبلٹ وغیرہ وغیرہ۔

اگر مریض کو آپ بجائے کھانے کی دواؤں کے انجکشن کرنا چاہیں، تو خون پیدا کرنے کے لیے لور ایکسٹریکٹ کے ٹیکے کریں، جو مختلف کمپنیوں کے تیار شدہ مختلف ناموں سے بازار میں فروخت ہوتے ہیں،

روٹی کے بعد اکسیر بخار مزمن ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پلا دیا کریں، یا اس کی جگہ بخار روکنے والی اور کوئی دوا دیں۔ مثلاً کاموکین۔ نیواکین۔ ملیریا توڑ۔ ٹیبلٹ پیلوڈرین۔ حب سائیں بخش۔ ڈیراپرم۔ ریسوچن یا کوئی اور دیسی نسخہ جو ملیریا دور کر سکتا ہو۔ استعمال کریں۔ اسی کتاب میں دوسری جگہ ایسے نسخے موجود ہیں حسب حال و حسب ضرورت بنا کر رکھیں۔

فوائد۔ علاج کیا ہے۔ جادو ہے۔ مریض کو پندرہ یوم کی دوائیں دے دیجئے اور سا تھ ہی کہہ دیجئے کہ ملیریا و ضعف جگر کا نام و نشان تک مٹ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس علاج میں ایسی عجیب تاثیر رکھی ہے کہ دوائیں شروع کرنے کے چند یوم بعد بخار خواہ مہینوں کا ہو یا سالوں کا ختم ہو جاتا ہے۔

ضعف جگر کے مایوس مریض اس کے استعمال سے تندرست انار کی طرح سرخ ہو جاتے ہیں۔ تلی پگھل کر خارج ہو جاتی ہے۔ دل کی دھڑکن میلوں دوڑنے سے پاس نہیں آتی۔ غرضیکہ پرانے ملیریا کے تمام عوارضات دور ہو کر مریض میں از سر نو توانائی اور زندگی کے آثار پیدا ہو جاتے ہیں۔ دیکھنے والے حیران رہ جاتے ہیں۔ جس جگہ سے ایک دفعہ یہ مریض آ جاتا ہے۔ وہاں سے سینکڑوں مریض جوق در جوق چلے آتے ہیں۔ آزمائیے اور دعائے خیر سے یاد فرمائیے۔

ملٹی وٹس یہ وٹامن کا مرکب ہے۔ جو گولیوں کی شکل میں عام بازار سے مل جاتا ہے۔ مختلف کمپنیوں کی تیار کردہ گولیاں مختلف رنگ اور مختلف قیمت کی ہوتی ہیں۔ اکثر امراض میں مفید ثابت ہوتی ہیں۔ بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ اور خون پیدا کرتی ہیں۔

خوراک ایک ایک گولی صبح دوپہر شام۔

نسخہ مولد خون

فیری ایٹ امونیا سائیٹراس ۳۰ تولہ، سپرٹ امونیا ایرومیٹک ۴ ڈرام ٹنکچر کارڈیمم کمپونڈ ۴ ڈرام، سپرٹ کلوروفارم ۱۰ ڈرام۔ عرق سونف ایک بوتل۔ ملا کر ایک بوتل تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام۔ کمئی خون یعنی ضعف جگر کے لیے اکسیر ہے۔ ملیریا مزمن اور ضعف جگر کا علاج میں اسی کے ساتھ کرتا ہوں اس کو زیادہ مؤثر بنانے کے لئے چند دیسی دوائیں و کشتہ جات بھی حسب حال ملا دیا کرتا ہوں۔ خون پیدا کرنے کے لئے اس سے زیادہ مفید نسخہ بے ضرر آسان میں نے کبھی نہیں دیکھا۔

لیورجن۔ لیووجن کا ذکر بیاض حصہ اول میں ہو چکا ہے۔ یہ دونوں دوائیں خون

پیدا کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ بعض مریض مواد خون سے نفرت کرتے ہیں، یا قے کر دیتے ہیں۔ ایسے مریضوں کو یہ دوائیں استعمال کرائیں۔ ان کو مریض بآسانی پی لیتے ہیں۔

فرسولیٹ خون پیدا کرنے کے لئے یہ گولیاں بھی بے حد مفید اور اکسیر ہیں۔ ایک گولی صبح دوپہر و شام استعمال کرائیں۔

ہیموپیٹول یہ انگریزی شربت فولاد ہے۔ جو خون پیدا کرنے کے لئے مجرب ہے۔ ایک ایک چمچہ درمیانہ صبح و شام روٹی کے بعد یا پہلے استعمال کریں؛

آسیروفول ٹیبلٹ یہ گولیاں بھی خون پیدا کرنے کے لئے بہت مفید ہیں۔ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کھا لیا کریں۔

ڈلیشینر سیرپ آف ہیموگلوبین، یہ بھی خون پیدا کرنے کے لئے بہت مفید شربت ہے۔ ایک ایک درمیانہ چمچہ قدرے پانی ملا کر روٹی کے بعد دے دیا کریں۔

پلاسٹیولز یہ کیپسولوں کی شکل میں ہوتے ہیں۔ خون پیدا کرنے کیلئے بہترین چیز ہے۔ خوراک ایک ایک کیپسول دیں۔ دن میں تین بار دیں، پلاسٹیولز ود فولک ایسڈ یا ود لور ایکسٹریکٹ استعمال کریں۔

لور ایکسٹریکٹ انجکشن

جو مریض دوائی نہ کھا سکیں، یا قے کر دیں۔ انہیں خون پیدا کرنے کیلئے یہ انجکشن کریں۔ یہ کئی ناموں سے بازار میں فروخت ہوتے ہیں۔ عموماً دس سی سی دوائی ایک شیشی میں ہوتی ہے۔ مریض کو دو سی سی انجکشن کر دیا کریں۔ ایک ایک دن کے

وقفہ سے انجکشن کریں، باقی علاج حسب حال کریں۔ روزانہ بھی انجکشن کر سکتے ہیں۔

سٹابین انجکشن

یہ انجکشن خون پیدا کرنے اور طاقت دینے کیلئے بے نظیر ہیں۔ کمزور اور زرد رنگ مریض دنوں میں سرخ اور طاقتور ہو جاتا ہے۔ اتنی جلدی اثر کرتے ہیں کہ لوگ حیران رہ جاتے ہیں۔ ان کے ساتھ ساتھ کھانے کے لئے، فرسولیٹ یا آسیروفول ٹیبلٹ استعمال کریں۔

یہ انجکشن یکصد یا اڑھائی صد یا ایک ہزار کی طاقت کے ہوتے ہیں، اگر مریض کے جسم میں بہت ہی کمی خون ہو اور وہ زیادہ کمزور ہو تو ایک ہزار کی طاقت کا انجکشن کریں۔ ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن پھر کریں یا روزانہ اڑھائی صد کی طاقت کا ایک انجکشن کرتے رہیں۔ یہ بنے بنائے ہوتے ہیں یا شیشی میں دس سی سی۔ اڑھائی صد طاقت کا اکٹھا انجکشن ہوتا ہے اس میں سے ایک سی سی یا دو سی سی بقدر ضرورت کریں۔ انجکشن بازو کے عضلات یا سرین کے عضلات یعنی گوشت میں کرنا چاہیئے؛

ہیپٹوگلوبین

یہ بھی خون پیدا کرنے اور طاقت دینے کے لئے اکسیر ہے۔ ایک ایک بڑا چمچہ کھانا کھانے سے ذرا پہلے قدرے ملا کر پلا دیا کریں؛

ہماٹوجن

یہ بھی طاقت دینے اور خون پیدا کرنے کے لئے مجرب ہے۔ ایک ایک

چمچہ درمیانہ دن میں دو تین بار ذرا پانی ملا کر پلا دیا کریں۔

ان دواؤں اور انجکشنوں کے علاوہ اور بھی بہت سی دوائیں بازار میں ملتی ہیں۔ جو ضعف جگر، پرانے ملیریا، کمی خون میں استعمال ہوتی ہیں۔ انگریزی دوا فروشوں سے دریافت کرنے پر مل سکتی ہیں۔

نسخہ اکسیر بخار مزمن،

کونین سلفاس ۲ ماشہ، سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ (یعنی پانی ملا ہوا تیزاب گندھک) لائیکر آرسینی کلیس ہائیڈر ۵۰ قطرہ، لائیکر آرسٹرکنین کیلس ہائیڈرو ۵۰ قطرہ لائیکر فیری آئی پرکلور ۲ ڈرام۔ پانی اتنا ملا دیں جس سے ایک بوتل بھر جائے، خوراک ۲ تولہ صبح و شام روٹی کے بعد۔ پرانے ملیریا، ضعف جگر، چوتھیا بخار کے لئے اکسیر صفت ہے۔ جب بخاروں میں معمولی کونین یا اور دوائیں اثر نہ کرتی ہوں، اس کا استعمال ملیریا کی جڑ اکھاڑ دیتا ہے۔ بڑا مجرب اور روزانہ کا معمول مطب نسخہ ہے۔

مریض کو اس طرح نسخہ لکھ دیں

صبح و دوپہر و شام	ملٹی ڈٹس ایک ایک گولی
،	
گھنٹہ دو گھنٹہ بعد	مولد خون ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام
،	
روٹی کے بعد	اکسیر بخار مزمن ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام
،	

پندرہ یوم کی دوائیں دینی چاہئیں طبیب کے ذہن میں یہ تین باتیں ہونی چاہئیں۔ ایک تو یہ کہ بخار کو روکا جائے۔ جب تک بخار نہ رکے۔ نہ خون پیدا ہو سکتا ہے۔ نہ تلی جا سکتی ہے۔ نہ مریض تندرست ہو سکتا ہے۔ دوسری یہ کہ مریض میں خون پیدا کیا جائے۔ تیسرا یہ کہ اگر مریض کو کسی قسم کا عارضہ ہو۔ تو اُسے دور کیا جائے۔ مثلاً اگر ہاضمہ کمزور ہو تو تریاق معدہ جس کا نسخہ بیاض حصہ اول میں درج ہے۔ ساتھ دے دیا جائے۔ یا مریض کو کھانسی ہو۔ تو کوئی گولی یا لعوق یا شربت یا کوئی اور دوائی جو کھانسی کو فائدہ کرے دے دینی چاہیئے۔ اور جس طرح طبیب مناسب سمجھے وقت مقرر کر لے۔ صرف اتنا خیال رکھنا چاہیئے۔ کہ اکسیر بخار مزمن کبھی خالی پیٹ نہیں دینا چاہیئے۔ جب یہ تین باتیں آپ کے اچھی طرح ذہن نشین ہوں گی۔ تو آپ مختلف دوائیں تبدیل کر کے دے سکتے ہیں۔ مثلاً بخار روکنے کیلئے بجائے اکسیر بخار مزمن کے کاموکین دے دیں۔ یا میپاکرین یا کشتہ ہڑتال ورقیہ یا ملیریا توڑ وغیرہ۔ اسی طرح خون پیدا کرنے کیلئے مولد خون کی بجائے فرسولیبٹ۔ یا اور اکسیر مارکیٹ کے انجکشن یا کوئی یونانی دوائی دے سکتے ہیں۔

ضعف جگر و ملیریا پرانا

حاملہ عورتوں میں

بہت سی ایسی حاملہ عورتوں کو دیکھنے کا اتفاق ہوتا ہے۔ کہ جن کا چہرہ زرد، پاؤں پر سوجن۔ ہلکا بخار۔ دل کا دھڑکنا وغیرہ عوارضات ہوتے

ہیں۔ اور ساتھ ہی ایسی عورتوں کا حمل بھی اکثر ساقط ہو جاتا ہے۔ اس لئے حمل کی حالت میں نہایت غور و محنت سے علاج کرنا چاہیئے۔ اور ساتھ ہی گھر والوں کو کہہ دینا چاہیئے۔ کہ اس مرض میں اکثر عورتوں کا حمل ساقط ہو جاتا ہے۔ حمل گرنے کے بعد مریضہ بہت جلد تندرست ہو جاتی ہے۔ اس لئے اگر آپ دیکھیں کہ مریضہ کی حالت بہت خراب ہے۔ تو آپ کو بے پرواہ ہو کر علاج کرنا چاہیئے۔ خواہ بچہ ضائع ہو جائے۔ بعض لوگ اتنے احمق ہوتے ہیں۔ کہ بچہ کو بچاتے بچاتے مریضہ کو ہلاک کر ڈالتے ہیں۔ ایسی حاملہ عورتوں کا علاج آپ اس طرح کریں۔

صبح۔ دوپہر و شام سٹیڈش ایک ایک گولی کسی شربت یا پانی کے ہمراہ ۲ گھنٹے کے بعد مولد خون ۲ تولہ یا ڈیشنیر سیرپ آف ہیموگلوبین یا اور کوئی خون پیدا کرنے والی گولیاں۔ جن کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ صبح و شام دیں۔ اس کے علاوہ انار کا شربت۔ فروٹس کا پانی بھی ایسی حالت میں بہت مفید ہوتا ہے۔

روٹی کھانے کے بعد بیلوڈرین آدھی آدھی گولی صبح و شام دیں یا حب بخار دیں۔ جس کا نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اول میں آچکا ہے۔ مگر کونین یا اس کا کوئی مرکب ہرگز نہ دیں۔ خون پیدا کرنے کیلئے لور ایکسٹریکٹ کے انجکشن بھی بے حد مفید ثابت ہوتے ہیں۔ سٹامین کے انجکشن نہایت ہی فائدہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ فرسولیٹ آئیرن فول ٹیبلٹ وغیرہ بھی دے سکتے ہیں۔ ایسی حالت میں شربت جگر بھی بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ مگر اس کے استعمال سے بچہ گرنے کا سخت خطرہ ہوتا ہے۔ اسی اصول کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ دیگر دوائیں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

شدید ضعفِ جگر و سوء القنیہ

بعض اس قسم کے مریض مطب میں آتے ہیں۔ جن کا رنگ بالکل سفید ہوتا ہے خون کا نام و نشان تک نہیں ہوتا۔ ہونٹ زبان۔ ناخن سفید ہوتے ہیں، دل اتنا دھڑکتا ہے۔ کہ مریض چند قدم نہیں چل سکتا۔ سانس بہت تیز ہوتا ہے آنکھوں کا رنگ نیلا یا زرد ہوتا ہے۔ چہرے پر ہیج اور پاؤں پر سوجن ہوتی ہے بدن گرم ہوتا ہے۔ مریض کو دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ جیسے دو تین روز میں مر جائے گا۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ اور کمزوری کافی ہوتی ہے۔ یہ ضعف جگر بڑا خطرناک ہوتا ہے۔ اگر اس کا جلدی اور کوشش سے علاج نہ کیا جائے۔ تو مریض کے ہلاک ہو جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ حمل کی حالت میں عورتوں کو بھی یہ مرض اکثر دیکھنے میں آتا ہے۔ اور کئی عورتوں کا حمل گر جاتا ہے۔ شروع شروع میں جب بندہ سندھ لیکر فیروز پور آیا۔ تو ایسے مریض دیکھ کر گھبرا جاتا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے ایسا علاج ہاتھ آیا۔ جس سے بے شمار مریض تندرست ہو چکے ہیں۔ اور دعائیں دے رہے ہیں آپ بھی جب اس علاج کا تجربہ کریں گے، تو عش عش کر اٹھیں گے۔

علاج:- دو دو تولہ شربت جگر پانی یا عرق مکوہ ۱۰ تولہ و کاسنی ۱۰ تولہ ملا کر دیں۔ ہر روز صبح ایک انجکشن سٹامین و دو صد پچاس طاقت کا کر دیا کریں۔ یہ انجکشن ایسی حالت میں بے حد مفید ثابت ہوتا ہے یہ انجکشن الگ الگ بھی ہوتے ہیں۔ اور اکٹھے بھی شیشی میں ہوتے ہیں۔ اگر اکٹھے ہوں، تو ایک ہی سی سی بھر روزانہ کر دیا کریں۔

ھُوَ الشَّافِی

اس کے ساتھ نرسولیٹ ایک ایک ٹکیہ صبح دوپہر شام دیں یا ایرڈر فول ٹیبلیٹ ایک ایک ٹکیہ دن میں تین دفعہ دیں، اس کے علاوہ اور بھی کئی قسم کی مولد خون چیزیں فروخت ہوتی ہیں، وہ بھی آپ ان کی جگہ استعمال کر سکتے ہیں،

ھُوَالشّافی

لکارفول یا کوراہین لیکوئیڈ پندرہ بیس قطرہ بھی ذرا پانی ملا کر صبح دوپہر شام دیں۔ یہ تینوں دوائیں گھنٹہ دو دو گھنٹہ کے فاصلہ سے دیں۔ دل کی طاقت کے لئے اس کی جگہ اکسیر قلب ۱ ماشہ مربہ سیب ۲ تولہ میں ملا کر صبح و شام دیں۔ تو اچھی طرح فائدہ ہوتا ہے۔ اس علاج سے صرف ایک ہفتہ میں مریض کا حلیہ تبدیل ہو جاتا ہے۔ چہرے پر سُرخی آجاتی ہے دل کی دھڑکن کم ہو جاتی ہے۔ پیروں و چہرہ کی سوجن کافی اتر جاتی ہے۔ بھوک اچھی معلوم ہونے لگتی ہے، اور بیمار اپنے آپ کو زندوں میں شمار کرنے لگتا ہے۔ علاج کیا ہے، جادو، تریاق ہے۔ اکسیر ہے۔ جو طبیب آزمائیں گے۔ بہت خوش ہوں گے۔

نوٹ:۔ ایسے مریضوں کو جو بخار سا معلوم ہوتا ہے۔ اس میں کونین یا کونین کے مرکبات بجائے فائدہ کے اُلٹا نقصان کرتے ہیں۔ اس علاج سے وہ بخار جو اس مرض میں ہلکا ہلکا معلوم ہوتا ہے۔ کافور ہو جاتا ہے۔ اس علاج کے علاوہ اگر مریض کو کوئی اور تکلیف بھی ہو تو اس کا علاج ساتھ ساتھ کرتے ہیں۔ مثلاً ہاضمہ بہت ہی خراب ہو تو روٹی کے بعد سفوف ہاضمہ یا اور کوئی اسی قسم کی دوا دیں۔ مریض کو دست آتے ہوں تو شربت جگر نہ دیں۔ مریض کی تلی بڑھی ہوئی ہو۔ تو طاقت سنبھلنے کے بعد تلی کی کوئی گولیاں وغیرہ بھی مناسب وقت میں ساتھ دیتے رہیں۔ فروٹ کا بکثرت استعمال کرائیں،

غرضیکہ طبیب مریض کی حالت کے مطابق اپنی عقل سے بھی کام لے تاکہ ناکامی نہ ہو۔

سٹاہین انجیکشن، ان کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔

نرسولیٹ و ایرڈر فول ٹیبلیٹ کا بیان بھی ہو چکا ہے۔

لکارفول، یہ دل کو طاقت دینے کے لئے مشہور انگریزی دوائی ہے جو بازار میں عام مل جاتی ہے۔ دل کی دھڑکن و کمزوری کے لئے اکسیر ہے۔ خوراک،

کوراہین لیکوئیڈ

یہ بھی مقوی دل مشہور دوائی ہے، جو مرتے ہوئے مریض کو بھی ایک دفعہ سہارا دے دیتی ہے۔ دل کی کمزوری و دھڑکن کیلئے اکسیر ہے۔ خوراک،

اکسیر قلب

دل کو طاقت دینے کیلئے بڑی مجرب دوائی ہے۔ جس کا نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں درج ہو چکا ہے۔

نسخہ شربت جگر

تخم کشوث بصرہ بستہ (۱۰ تولہ)، ناگرموتھا (۲ تولہ) اجوائن دیسی (۲ تولہ)، افسنتین ۴ تولہ۔ گلسرخ (۴ تولہ)، گاؤزبان (۴ تولہ) سونف (۴ تولہ) تخم خیارین (۴ تولہ) مغز تخم خربوزہ (۴ تولہ) جڑ کرفس (۴ تولہ) جڑ اذخر (۴ تولہ۔ گھری)، تخم کاسنی (۶ تولہ)، ریوند خطائی (۶ تولہ) مویز منقی (۶ تولہ) کاسنی (۱۲ تولہ) جڑ سونف (۱۲ تولہ)

عناب (۵۰ دانہ) لسوڑیاں (۵۰ عدد) کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر باقی
دوائیں ملا کر رات کے وقت چار سیر پانی میں بھگو دیں، صبح جوش دیں، جب
ڈیڑھ سیر پانی رہ جائے، تو اتار لیں، اور گلقند دس چھٹانک ملا دیں۔ جب سرد
ہو جائے تو بعد مل کر کپڑے میں صاف کر لیں۔ اور سرکہ خالص دس چھٹانک کھانڈ
تین پاؤ ملا کر آگ پر رکھیں، اور شربت کا قوام کر لیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ
شام پانی یا عرق مکوہ ملا کر پلا دیا کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال:- یہ عجیب و غریب شربت ضعف جگر،
شوء القنیہ۔ استسقاء، قبض اور پرانے
بخاروں کے دور کرنے کیلئے اکسیر ہے۔ چند دنوں میں چہرہ و پاؤں کی سوجن
دور ہو کر رنگ سرخی مائل ہونے لگتا ہے۔ کھل کر ایک دو دست آجاتے ہیں۔
اور پرانے جگری بخار دور ہو کر مریض تندرست و توانا ہو جاتا ہے۔ اس شربت
میں اتنی بات ضرور یاد رکھیں۔ اگر مریض کو پہلے ہی پتلی ٹٹی آتی ہو تو گلقند
شامل نہ کریں۔ اور کھانڈ بڑھا دیں۔ اگر مریض کو کھانسی ہو تو سرکہ نہ ملائیں،

علاج پرانا ملیریا یا ضعف جگر و تاپ تلی

اگر پرانے ملیریا کے مریض کی تلی بڑھی ہوئی ہو یا اس کو زیادہ قبض ہو۔ تو آپ
اس طرح علاج کریں۔ صبح و شام دوپہر ملٹی وٹس ایک ایک گولی ہمراہ پانی یا دودھ
دیں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بعد مولد خون دیں صبح و شام دن میں دو دفعہ دیں۔
روٹی کے بعد ملیریا نوڈ ۲ تولہ صبح و شام دونوں وقت دیں۔ اگر دست زیادہ آئیں
تو ایک دفعہ دیا کریں۔ اگر پرانا بخار اس سے دور نہ ہو۔ اکسیر بخار مزمن
روٹی کے بعد دے دیا کریں۔ اور ملیریا نوڈ صرف اُس روز استعمال کریں جب

قبض ہو یعنی مریض کو کہہ دیں کہ کبھی اکسیر بخار مزمن کبھی ملیریا نوڈ استعمال کیا کرو۔
تاکہ پرانا بخار بھی دور ہو جائے اور قبض بھی دور ہو جائے۔ اس نسخہ کے استعمال
سے عظم طحال ضعف جگر ملیریا نیا و پرانا سب دفع ہو جاتے ہیں۔

کونین سے نفرت بعض مریض ایسے بھی دیکھے گئے ہیں جن کو کونین
موافق نہیں آتی۔ یا ان کو کونین مکسچر سے اس قدر
نفرت ہو جاتی ہے۔ کہ وہ دوا پیتے ہی قے کر دیتے ہیں۔ اور کسی صورت تلی
کا مکسچر نہیں پیتے۔ لاکھ سمجھاؤ وہ یہی کہتے ہیں۔ کہ چند سالوں سے حکیم و
ڈاکٹروں کا علاج کر رہا ہوں۔ ہر ایک یہی تلی کی دوائی دیتا ہے۔ جس سے چند
روز آرام آجاتا ہے۔ پھر تلی بڑھ جاتی ہے۔ اب میں مکسچر طحال ہرگز نہیں پیوں گا۔
ایسے مریضوں کا علاج اس طرح کریں؛

صبح و شام حب طحال (۱-۲) نگو دال ہمراہ سکنجبین بزوری یا شربت
بزوری (۲ تولہ) پانی ملا کر صبح و شام دیں، اگر ضعف جگر ہمراہ ہو۔ جیسا کہ اکثر ان
مریضوں کو ہوتا ہے۔ تو مولد خون گھنٹہ کے بعد ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام دیدیں۔
روٹی کے بعد بجائے کونین مکسچر کے کاموکین ایک ایک گولی یا ہیلیوڈرین آدھی آدھی
گولی یا اٹیوا کوئین ایک ایک گولی یا حب تپ بخش ایک ایک گولی وغیرہ روٹی کے
بعد دیتے رہیں۔ تاکہ بخار رُکا رہے۔ اور تلی بھی دور ہوتی جائے۔ اس لئے
کہ جب تک بخار نہ رُکے، تلی کی لاکھ دوائیں استعمال کریں۔ کبھی تلی نہیں جاتی۔ یہ
دوائیں اس وقت تک استعمال کرتے رہیں۔ جب تک کہ تلی اپنی اصلی حالت
پر نہ آجائے۔ ہاں اگر بخار بالکل دور ہو گیا ہو۔ تو صرف حب طحال روٹی کے
بعد کھلاتے رہیں۔ باقی دوائیں بند کر دیں۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

مایوس مریض

بعض مریض مطب پر ایسے بھی آتے ہیں۔ جو ڈاکٹروں کا علاج کرانے کرانے
مایوس ہو چکے ہوتے ہیں۔ اور وہ ایسی کئی دوائیں پہلے ہی استعمال کرکے ایسی
دواؤں سے متنفر ہوتے ہیں، یا ان کا بخار کسی صورت رکتا نہیں ساتھ ہی
مریض کے جسم میں خون کم ہوتا ہے۔ دیگر عوارضات بھی مختلف مریضوں میں
مختلف ہوتے ہیں، جن کے دیکھنے کا اکثر طبیبوں کو اتفاق ہوتا رہتا ہے
حکیم اپنی عقل سے علاج کر سکتا ہے۔ بہرحال میں ایسے مریضوں کا علاج
مندرجہ ذیل طریقہ سے کرتا ہوں،

صبح و شام نقوع تلخ ۲، تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف
کرکے شربت بزوری ۴ تولہ معتدل یا شربت اعجاز ملا کر پی لیا کریں،
آدھا صبح آدھا شام استعمال کریں۔ یا ایک دفعہ پی لیں،
گھنٹہ دو گھنٹہ بعد کھانا۔ ایک ایک گولی صبح و شام دیں، دو گھنٹہ بعد
مولد خون ۲ تولہ یا فرسولیٹ گولی یا پلاسٹیولز وغیرہ صبح و شام دوپہر میں
روٹی کے بعد حب سائیں بخش یا اکسیر بخار مزمن یا اور کوئی گولی جن کے نسخے
بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں درج ہیں، استعمال کریں۔ غرضیکہ اکسیر بخار مزمن
و نقوع تلخ دونوں کا استعمال بخار خواہ کتنا ہی پرانا و خراب ہو جڑ سے اکھاڑ دیتا
ہے۔ آزمائیے اور دعائے خیر سے یاد فرمائیے،

نسخہ نقوع تلخ

گلو۔ چرائتہ۔ افسنتین۔ کوڑ۔ اجوائن دیسی۔ گل نیلوفر۔ گاؤزبان ہر ایک

پانچ تولہ سب کو نیم کوفتہ کرکے رکھ لیں، دو اڑھائی تولہ رات کو گرم پانی میں
بھگو کر صبح مل کر صاف کرکے مناسب شربت یا شربت بزوری ملا کر پی لیں
اگر مریض کو کھانسی بھی ہو ملیٹھی و برگ بانسہ ۵-۵ تولہ بڑھا دیں۔ اگر مریض گرمی
محسوس کرے۔ تو تخم کاسنی ۶ ماشہ و بہیدانہ ۳ ماشہ فی خوراک بڑھا دیں،

نسخہ حب طحال

نوشادر ۳ تولہ۔ مصبر اصلی ۲ تولہ۔ تخم سنبھالو ۶ ماشہ۔ بیخ کبر ۶ ماشہ۔ پوست
ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ پوست بہیڑا ۱۱ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ۔ آملہ ۶ ماشہ۔ سونٹھ
۶ ماشہ۔ مگھاں ۶ ماشہ۔ کالی مرچ۔ چرائتہ ۶ ماشہ۔ افسنتین ۶ ماشہ، گندھک
آملہ سار ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۱ تولہ سب کو پیس کر کوہ سبز کے پانی میں ملا کر جنگلی
بیر کے برابر گولیاں بنا دیں، خوراک ایک گولی سے دو گولی تک صبح و شام ہمراہ سکنجبین
بزوری یا شربت بزوری

حب زنجبیل

سونٹھ ۱۲، تولہ۔ ریوند چینی ۱½ تولہ۔ ہیرا کسیس ۲، تولہ۔ بسہ ۲، تولہ۔ نوشادر
کبابہ چینی ۱، تولہ۔ کونین ۶ گرین سب کو باریک پیس کر گودہ گھیکوار یا عرق سونف
میں گولیاں جنگلی بیر برابر بنا دیں۔ خوراک ۱ گولی صبح و شام روٹی کے بعد ہمراہ پانی
یا نہار منہ ہمراہ شربت بزوری وغیرہ دیں، عظم طحال اور پرانے بخار کے لئے
بہت مفید ہیں۔ بڑھی ہوئی تلی ان گولیوں کے استعمال سے قطعاً دور ہو جاتی
ہے۔ حب طحال کا ایک نسخہ بیاض سائیں حصہ اوّل میں درج ہو چکا ہے،
وہ بھی بکثرت استعمال کرتا ہوں۔ بہت مفید و مجرب گولیاں ہیں،

پرانا ملیریا و عظم الکبد

بعض پرانے ملیریا کے مریض اس قسم کے بھی آتے ہیں، جن کو پرانے بخار کے ساتھ جگر بھی بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ ایسے مریضوں کو روٹی کے بعد ملیریا بوٹی یا اکسیر ملیریا، مزمن کی جگہ سپلین کیور دینا چاہیئے۔ یہ بخار کے ساتھ ساتھ جگر کو درست کرتا ہے۔ یا باقی علاج کے ساتھ ساتھ حب کبدی بھی استعمال کریں۔ یہ معمولی بڑھے ہوئے جگر کی اصلاح کرنے میں اچھی چیز ہے۔

عرقِ اخضر

کونین سبز ۱ تولہ۔ امونیا کلورائیڈ ۲ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ۳ تولہ، میگنیشیا سالٹ ۴ تولہ۔ سلفیورک ایسڈ ڈائیلوٹ ۲ ماشہ۔ سب کو ایک بوتل میں ڈال کر عرق سونف یا پانی سے بھر لیں۔ خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام روٹی کے بعد۔ یہ عرق بڑھے ہوئے جگر و تلی کے لئے بہت مفید و آسانی سے تیار ہونے والا ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ سستا بھی ہے۔

حب افسنتین

نوشادر ٹھیکری (۵ تولہ) افسنتین ۲ ۰ تولہ دونوں کو خوب باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا دیں۔ کھانا کھانے کے بعد ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی کھا لیا کریں۔ خدا کے فضل سے بڑھے ہوئے جگر اور ورم جگر کو دور کرنے کے لئے بہت مفید و مجرب گولیاں ہیں۔ سینکڑوں مریض ان کے استعمال سے صحتیاب ہو چکے ہیں۔

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

شربت سوء القنیہ

بالچھڑ، ناگرموتھا، دارچینی، پنج، اذخر مکی، گل غافث، افسنتین رومی، سونف، جڑ سونف، ہر ایک چھ ماشہ۔ تخم کاسنی، جڑ کاسنی، تخم خربزہ، بھکھڑا، تخم خیارین ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم کشوث، بصرہ لیستہ، انیسون، بچھ، بادآورد، تشکاعی، برنجاسف ہر ایک چھ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۱ تولہ۔ ڈیڑھ سیر عرق مکوہ میں جوش دیکر صاف کرکے آب مکو سبز مروق ۵ تولہ۔ آب کاکنج سبز مروق ۵ تولہ آب کسوندی سبز مروق ۵ تولہ کھانڈ تین پاؤ۔ ملا کر شربت بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ یہ شربت بھی سوء القنیہ، استسقاء، ضعف جگر، و پرانے جگری بخاروں کیلئے بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ خوراک ۱ تولہ سے ۴ تولہ تک صبح و شام پلا دیں۔

شربت کاسنی

تخم کاسنی (۱ تولہ) سونف (۱ تولہ) تخم خربوزہ کوفتہ (۱ تولہ) بیخ کاسنی (۱ تولہ) تخم خطمی ۱ تولہ ملٹھی مقشر ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۱ تولہ۔ بادآورد ۱ تولہ، مویز منقی ۱۰ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ بنفشہ ۱ تولہ۔ خشکاعی ۱ تولہ۔ رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیکر صاف کرکے کھانڈ ۱ سیر ترنجبین اصلی ایک پاؤ ملا کر قوام کریں۔

فوائد و ترکیب استعمال۔ ایسے مریضوں کو جن کو صلابت جگر و کھانسی اور ہلکا ہلکا پرانا بخار ہو۔ اس شربت سے بہت جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ حب کبدی و مناسب مفوع بھی دیتے رہیں۔

پرانا ملیریا اور ورم جگر

اگر مریض کو نیا اور شدید ورم جگر ہو۔ تو عام طبیب تشخیص کر لیتے ہیں کہ مریض کو ورم جگر ہے۔ مگر میں نے اپنے مطب میں بے شمار ایسے مریض بھی دیکھے ہیں جن کو ملیریا بخار شروع ہوا۔ اور اس کے درمیان ہلکا سا ورم جگر ہو گیا۔ یا مریض کا جگر بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ اور بخار کے دوران وہی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے ایسے مریضوں کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ بھوک بند ہوتی ہے۔ ہلکا ہلکا بخار ہوتا ہے۔ ساتھ ہی کھانسی بھی ہوتی ہے۔ بیمار کے پاؤں اور چہرے پر تھوڑی سوجن بھی ہوتی ہے۔ مریض کو لٹا کر اس کا جگر دیکھا جائے تو بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ اور دبانے سے درد کرتا ہے۔ بعض مریضوں کو بغیر دبانے کے بھی درد محسوس ہوتا ہے۔ میں ایسے مریضوں کا مندرجہ ذیل علاج کرتا ہوں۔ جو اکثر کامیاب رہتا ہے۔

گل بنفشہ ۶ ماشہ، مویز منقی ۹ دانہ، تخم خطمی ۶ ماشہ۔ تخم خبازی ۶ ماشہ۔ تخم کشوث ۵ ماشہ۔ بصرہ بستہ۔ گل غافث ۳ ماشہ۔ مکوہ خشک ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۶ ماشہ۔ بیخ کاسنی ۶ ماشہ۔ اصل السوس ۶ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کر کے شربت دینار یا گلقند ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ اگر آب مکوہ سبز مروق آب کاسنی سبز مروق ۲ تولہ بھی مل جائے تو بہت بہتر ہوتا ہے۔ اور مریض جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ مریض کو غذا ہلکی دیں۔ مثلاً شوربہ چپاتی کا۔ دلیا یا دودھ وغیرہ اس کے علاوہ حب کبدی ۲ عدد صبح و شام کھلا دیا کریں۔ اور جگر پر مندرجہ ذیل لیپ روزانہ کریں۔

(لیپ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

ضماد ورم جگر

مکوہ خشک ۶ ماشہ۔ مغز املتاس ۹ ماشہ۔ بابونہ ۶ ماشہ۔ اکلیل الملک ۶ ماشہ۔ بالچھڑ ۶ ماشہ۔ تخم خطمی ۶ ماشہ۔ گل خطمی ۱۰ ماشہ۔ گیرو ۶ ماشہ۔ سبز مکوہ کے پانی میں پیس کر نیم گرم لیپ کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ باقی عوارضات کا علاج اپنی عقل سے کریں۔ یہ ایسے مریضوں کا علاج ہے۔ جن کو ورم جگر گرم ہوتا ہے۔ بعض بیمار ایسے بھی ہوتے ہیں۔ جن کا رنگ بالکل سفید ہوتا ہے۔ چہرے اور پاؤں پر کافی سوجن ہوتی ہے۔ جگر کو دبانے سے درد معلوم ہوتا ہے۔ مگر گرمی نہیں معلوم ہوتی۔ بلکہ ورم جگر بلغمی کی علامات نمایاں ہوتی ہیں۔ ایسے بیماروں کا مندرجہ ذیل علاج کریں۔ بہت جلد صحت ہو گی۔

صبح و شام افسنتین ۱۰ ماشہ۔ نوشادر ۵ رتی دونوں کو آدھ پاؤ پانی میں بھگو کر کپڑے میں چھان کر آگ پر رکھیں۔ جب چھٹا جائے تو صاف کر کے شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔ روٹی کے بعد حب کبدی دو دو گولی کھلاتے رہیں۔ اس کے علاوہ بخار کے لئے دو سوجن ایک ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام دیتے رہیں۔ اس کے ساتھ اگر کوئی اور عارضہ ہو تو اپنی عقل سے کام لیں۔ پرانے ملیریا اور اس سے پیدا ہونے والے امراض و تکالیف کا اس قدر مفصل علاج لکھ دیا گیا ہے۔ کہ جس کو استعمال کرنے سے آپ کبھی ناکام نہ ہوں گے۔ یہ میرا بیس سالہ تجربہ ہے۔ جو بذریعہ بیاض سائنس بخش میں درج کر دیا ہے۔ جو طبیب اسے اپنا معمول بنائیں گے۔ بہت خوش ہوں گے اور ساتھ ہی یہ کہنے پر مجبور ہوں گے کہ آج تک کسی طبیب نے اپنے مجرب معمولات اس طرح الم نشرح نہیں کئے۔ جس طرح بیاض سائنس بخش حصہ اول و دوم میں کئے گئے ہیں۔

علاج سنگرہنی یعنی پرانے دست

پرانے اسہال کا مریض جب مطب پر آتا ہے۔ تو عموماً اس میں مندرجہ ذیل علامات ہوتی ہیں۔ مریض کا جسم لاغر ہوتا ہے۔ جلد خشک ہوتی ہے۔ چہرہ بے رونق اور زنگ زرد ہوتا ہے۔ یعنی مریض کو ضعف جگر بھی ساتھ ہوتا ہے۔ بعض کو روٹی کھانے کے فوراً بعد دست شروع ہو جاتے ہیں۔ بعض کو ذرا ٹھہر کر شروع ہوتے ہیں۔ بعض کو لگاتار (مسلسل) پانچ سات دست روزانہ ہوتے رہتے ہیں۔ بعض کو چند دن آرام رہتا ہے۔ اور چند دن اسہال شروع رہتے ہیں۔ کئی مریضوں کو درد ہو کر اور کئی بار بعض کو بغیر درد کے اسہال آتے ہیں۔ دل دھڑکتا ہے۔ سانس پھولا رہتا ہے۔ مریض عموماً اداس سا ہوتا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں تناؤ اور بوجھ سا محسوس ہوتا ہے۔ بعض مریضوں کو پہلے پیچش کی شکایت ہوتی ہے اس کے بعد اسہال شروع ہو جاتے ہیں۔ منہ عموماً آیا رہتا ہے۔ غرضیکہ مریض کی حالت ناگفتہ بہ ہوتی ہے۔ میں نے اپنے مطب پر ہزاروں مریضوں کا علاج کیا ہے۔ اور شاید ہی کوئی بدنصیب مریض ایسا ہوگا۔ جو صحتیاب نہ ہوا ہو۔ یہ علاج (تیر بہدف) مجربات میں شامل ہے۔ کہ دوائیں شروع کرنے کے صرف تین دن بعد مریض یوں محسوس کرنے لگتا ہے۔ کہ میری مرض ختم ہوگئی ہے۔ رنگ سرخ ہونے لگتا ہے۔ دست بند ہو جاتے ہیں۔ غذا ہضم ہونے لگتی ہے۔ اور ساتھ ہی مریض کو کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔

نسخہ

اطریفل شاہترہ (۷ ماشہ) کھا کر اوپر سے سونف ۲ ماشہ، حب الآس ۲ ماشہ، دانہ بڑی الائچی ۳ ماشہ پانی میں پیس کر چھان کر شربت انار ۲ تولہ یا کھانڈ ۲ تولہ ملا کر پی لیں۔ یہ نسخہ صبح و شام دو دفعہ استعمال کریں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بعد انٹیروو ایافارم یا انٹیروڈایا موہین یا ایم۔ بی کوئین دو گولی پانی کے ساتھ کھالیں۔ دو گولی دوپہر اور دو گولی شام کھالیں۔ یعنی ان تینوں گولیوں میں سے کوئی ایک چھ عدد روزانہ استعمال کریں۔ اس کے گھنٹہ دو گھنٹہ بعد مولد خون ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام پی لیا کریں یا خون پیدا کرنے اور جگر کو طاقت دینے کیلئے کوئی اور دوائی جس کا ذکر ضعف جگر میں ہو چکا ہے استعمال کریں۔ روٹی کے بعد تریاق معدہ تین تین ماشہ صبح و شام دونوں وقت استعمال کریں۔ غذا صرف چاول یا دلیا۔ یا لوہا بجھایا ہوا دودھ دیں چاولوں پر دہی یا شوربہ دیں۔ دال مونگ یا شوربہ ٹینڈا وغیرہ ڈال سکتے ہیں۔

اطریفل شاہترہ کی جگہ معجون ذہب ۷ ماشہ یا سفوف ذہب بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ عموماً پندرہ روز یہ علاج کرنے سے مریض کی صحت کافی اچھی ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد گھوٹہ سونف والا بند کر دیں۔ اور باقی نسخہ جاری رکھیں۔ پندرہ یوم کے بعد چاولوں کے ساتھ دو چار لقمہ روٹی بھی شروع کر دیں۔ تین دن بعد روٹی آدھی کھالیں۔ پھر تین چار یوم بعد ایک روٹی کر دیں۔ غرضیکہ آہستہ آہستہ روٹی بڑھاتے رہیں اور چاول کم کرتے جائیں۔ دو ماہ تک چاول ہو یا روٹی بھوک سے ذرا کم کھایا کریں۔ علاج کب تک جاری رکھا جائے یا کونسی دوا کم کی جائے۔ طبیب کی اپنی رائے پر منحصر ہے۔ انٹیروڈایا موہین پندرہ بیس دن دینے کے بعد ضرورت ہی نہیں رہتی۔ باقی معجون۔ سفوف وغیرہ جب تک معدہ و آنتیں بالکل ٹھیک نہ ہو جائیں جاری رکھیں۔ اگر آپ دیکھیں کہ مریض اب تندرست ہے۔ تو صرف جوارش جالینوس ۷ ماشہ و کشتہ خبث الحدید ارتی ملا کر یا جوارش عود ۷ ماشہ یا اور کوئی مقوی معدہ نسخہ صبح و شام غذا کے بعد استعمال کرتے رہیں۔ تاکہ مرض

کا اچھی طرح استیصال ہو جائے اور پھر لوٹنے کا خطرہ نہ رہے۔

امیبی پیچش کے بعد اسہال

اگر آپ دیکھیں کہ مریض کو اچھی طرح فائدہ نہیں ہو رہا۔ تو دریافت کیجئے۔ کہ پہلے اس کو بار بار پیچش ہونے کی شکائت تو نہیں رہی۔ اگر ایسا ہو تو وہ علاج کیجئے جس کا ذکر بیاض سائیں بخش حصہ اول میں ہو چکا ہے۔ یا اس علاج کے ساتھ ساتھ ایک انجکشن ایمے ٹین اگرین کا روزانہ چھ یوم تک کریں۔ گو بغیر انجکشن پرانے اسہال کا علاج پرانی پیچش کی بھی بنیاد اکھیڑ دیتا ہے۔ مگر بعض بیمار میں نے ایسے بھی دیکھے ہیں۔ جن کو اس علاج سے فائدہ نہ ہوا۔ یا کم ہوا۔ اور انجکشن کرنے کے بعد مریض بالکل تندرست ہو گیا۔ علاوہ ان دواؤں کے میں کشتہ جات بھی استعمال کرتا ہوں۔ مثلاً دقی مرض کے لئے مالتی بسنت بھی شامل کر دیتا ہوں۔ یا اگر مریض زیادہ پیچیدہ ہو۔ یا اس کو دو چار مرضیں اکٹھی ہو گئی ہوں۔ تو کئی دوائیں اور شامل کر دیتا ہوں۔ یہ حکیم کی اپنی عقل وقابلیت ہوتی ہے۔ کہ مریض کہنہ و پیچیدہ کو کس طرح ٹھیک کیا جائے۔ کونسی دوائیں دی جائیں۔ اور حقیقت یہ ہے۔ کہ طبیب کی قابلیت اور تجربہ کا پتہ ہی پیچیدہ امراض کے علاج پر چلتا ہے۔ مجھے مطب کرتے ہوئے تیس سال گذر گئے ہیں۔ میرے پاس اکثر ایسے مریض ہی آتے ہیں۔ جن کو کئی کئی مرضیں ہوتی ہیں۔ کئی ڈاکٹروں اور حکیموں کا علاج کر کے مایوس ہو چکے ہوتے ہیں بعض مریض تو اتنے پیچیدہ ہوتے ہیں کہ باوجود اتنے وسیع تجربہ کے عقل حیران رہ جاتی ہے۔ اس لئے ہر طبیب کے لئے لازم ہے۔ کہ جب سنگرہنی یا پرانی پیچش کا کوئی مریض آئے۔ تو غور سے دیکھئے کہ اسہال کہنہ کے علاوہ مریض اور کس مرض میں مبتلا ہے۔ تاکہ اس تکلیف کا علاج بھی ساتھ ہو سکے۔

اسہال کہنہ بوجہ دق امعاء

بعض مریض مطب پر ایسے بھی آتے ہیں۔ جن کی انتڑیوں کی دق ہوتی ہے۔ مگر طبیب بغیر اچھی طرح تشخیص کئے علاج شروع کر دیتے ہیں۔ اور کچھ فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔ اس لئے اگر کسی حکیم کے پاس ایسا کوئی مریض آئے، جو یہ کہے کہ مجھے کافی پرانے اسہال ہیں بہت علاج کرنے کے باوجود کوئی آرام نہیں آیا۔ تو اس کا یہ فرض ہے۔ کہ علاج شروع کرنے سے پہلے دیکھے کہ مریض کو خنازیر تو نہیں ہیں۔ یا مریض کو دق امعاء کی بیماری تو نہیں۔ تاکہ علاج میں غلطی نہ ہو۔ انتڑیوں کی دق والا مریض بہت جلد لاغر ہو جاتا ہے۔ اس کو اکثر ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے۔ اس کے خاندان میں خنازیر یا دق ریوی کی بیماری موجود ہوتی ہے۔ اور تجربہ کار طبیب تو چہرے سے ہی معلوم کر لیتا ہے۔ کہ مریض کو دق ہے۔ اگر پاخانہ کا معائنہ کرایا جائے، تو بہت ہے۔

علاج

مریض کو سٹریپٹو مائیسین کا آدھا انجکشن صبح آدھا شام کر دیا کریں۔ تین چار دن کے بعد ایک ہی دفعہ سارا ٹیکہ کر دیا کریں۔ کھانے کیلئے دوائے خنازیر ۲ رتی صبح پانی کے ہمراہ دے دیا کریں۔ یا دھرڑ کا کے ساتھ دیا کریں۔ اگر مریض کو پھیپھڑے کی دق بھی ہو۔ تو اس کا ساتھ ساتھ علاج کرتے رہیں، علاوہ اس علاج کے مریض کے معدہ کو طاقت دینے کیلئے انوشدارو یا جوارش عود یا کوئی سفوف و گولیاں مقوی معدہ و ہاضم بھی استعمال کرا دیں، خدا کے فضل و کرم سے چند یوم یہ علاج کرنے سے دست، بخار سب دور ہو جائے گا۔ مریض کو خوب بھوک لگے گی۔ بیمار جو چیز استعمال کرے گا۔ سب ہضم ہو جایا کرے گی۔

اتنی جلدی مریض ٹھیک ہوگا۔ کہ لوگ حیران رہ جائیں گے۔ یہ علاج اس وقت تک جاری رکھنا چاہیئے۔ جب تک کہ مریض کا رنگ سرخ اور بدن موٹا نہ ہو جائے۔

نسخہ انوشدارو سادہ

گلسرخ ۳۰ تولہ، ناگرموتھا ۲ تولہ، لونگ ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، اسارون ۱ تولہ، بالچھڑ ۱ تولہ۔ چھوٹی الائچی ۴ ماشہ۔ بڑی الائچی ۴ ماشہ۔ جاوتری ۴ ماشہ، جائفل ۴ ماشہ، دارچینی ۴ ماشہ، سنج ۴ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ تیزپات ۴ ماشہ، مربہ آملہ اسیر کھانڈ، شہد ہر ایک ساڑھے تین پاؤ۔ پہلے مربہ کو پیس لیں۔ پھر شہد اور کھانڈ کا قوام کریں۔ آخر قوام میں مربہ و زعفران پیس کر ملا دیں۔ پھر اتار کر باقی پسی ہوئی ادویات ملا دیں۔

ترکیب استعمال۔ خوراک ۷ ماشہ صبح ۷ ماشہ شام ہمراہ بدرقہ مناسب معدہ کو طاقت دینے کے لئے بے نظیر ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔

نسخہ معجون ذرب

پوست سنگدانہ مرغ ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ پودینہ خشک ۱ تولہ۔ پوست ترنج ۱ تولہ۔ پوست بیرون پستہ ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ تیزپات ۱ تولہ ناگرموتھا ۱ تولہ۔ بالچھڑ ۱ تولہ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ زرشک ۲ تولہ۔ عود غرقی ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۱ تولہ۔ لونگ ۷ ماشہ۔ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ پھر مربہ آملہ ۲۰ عدد، مربہ ہلیلہ ۱۵ عدد کو عرق گلاب میں پیس کر کھانڈ ڈیڑھ سیر شربت انار تین پاؤ ملا کر قوام کریں۔ پھر ٹھنڈا کر کے پسی ہوئی دوائیں ملا دیں۔ خوراک ۷ ماشہ صبح ۷ ماشہ شام ہمراہ بدرقہ مناسب ضعف معدہ اور سنگرہنی کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ سفوف ذرب

پوست سنگدانہ مرغ ۱ تولہ۔ پوست بیرون پستہ ۱۴ ماشہ دانہ الائچی کلاں ۱۴ ماشہ زیرہ سیاہ مدبر ۱۴ ماشہ۔ کشنیز خشک بریاں ۱ تولہ۔ مصطگی رومی ۱۴ ماشہ۔ پوست ترنج ۱۴ ماشہ۔ آملہ خشک ۱۴ ماشہ۔ گلسرخ ۱۴ ماشہ۔ انار دانہ ۱۴ ماشہ۔ بیل گری ۷ ماشہ۔ کہربا شمعی ۷ ماشہ۔ طباشیر ۷ ماشہ۔ زرورد ۷ ماشہ۔ تخم مویز ۷ ماشہ عود غرقی ۷ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب یا دوا بجھائے ہوئے پانی کے ساتھ دیں۔ خاص معدہ کی کمزوری اور سنگرہنی کے لئے بہت مجرب و اکسیر ہے۔

انٹرو وایا فارم

یہ گولیاں انگریزی دکانوں سے عام مل جاتی ہیں۔ پرانی پیچش اور پرانے دستوں کے لئے مفید و مجرب ہیں۔ خوراک ۲ گولی صبح دو دوپہر دو شام، بچوں کو عمر کے مطابق کم دیں۔

انٹروڈایاموبین

یہ دوائی بھی وہی ہے۔ مگر دوسری کمپنی کی بنی ہوئی ہے۔ مقدار خوراک و فائدے بھی اسی طرح سے ہیں۔

ایم۔بی کوئین

یہ بھی وہی دوائی ہے۔ فائدے و مقدار خوراک بھی ویسے ہی ہیں۔

ڈیڈوکین

یہ گولیاں بھی اسہال و پیچش کے لئے بہت مفید و مجرب ہیں۔ پچھلی تینوں گولیوں سے زیادہ فائدہ مند اور زود اثر ہیں۔ اگر ان دوائیں سے آرام نہ آئے یا مریض کو پرانی پیچش ہو۔ پیٹ میں مروڑ رہتا ہو۔ تو یہ گولیاں استعمال کر کے قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔ مہنگی ضرور ہیں۔ مگر فائدے کے لحاظ سے تریاق ہیں۔ بعض مریضوں پر اس کا اثر دیکھ کر عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ خوراک ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام پانی کے ہمراہ دیں۔ پرانی پیچش کا اثر ختم کرنے کے لئے تو اکسیر ثابت ہوئی ہیں۔

نیووایاسیپٹ

یہ گولیاں بھی پرانے اسہال کے لئے بہت مفید ہیں۔ اگر مریض کو پرانا ملیریا و پیچش یا اسہال اکٹھے ہوں تو یہ گولیاں استعمال کریں۔ پرانا بخار و پیچش یا دست جو کچھ بھی ہوگا ختم ہو جائے گا۔ باقی علاج بھی حسب ہدایت کرتے رہیں۔ جس طرح ملیریا و اسہال کے بیان میں گذر چکا ہے۔

خوراک ۱ گولی صبح۔ دوپہر۔ شام ہمراہ پانی دیں۔

ضروری نوٹ۔ اسہال و سنگرہنی کے لئے چند نسخے بیاض سائیں بخش حصہ اول میں بھی مذکور ہو چکے ہیں۔ جو بہت مجرب و اکسیر ہیں۔ ان کے علاوہ مالتی بسنت و دیگر کشتہ جات بھی اگر ان دواؤں کے ساتھ استعمال کئے جائیں تو بہت مفید نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ اور میں تو اپنے مطب پر تینوں دوائیں استعمال کرتا ہوں۔ انگریزی دوائیں۔ یونانی دوائیں۔ و کشتہ جات

اور ہزاروں ایسے مایوس مریض بھی اس مرکب علاج سے صحتیاب ہو چکے ہیں جن کو لوگ لاعلاج خیال کرتے تھے۔

پرانی کھانسی کا علاج

نئی کھانسی کا علاج تو بیاض سائیں بخش حصہ اول میں مفصل مذکور ہو چکا ہے۔ اگر آپ وہ علاج کر چکیں یا آپ کوئی اور دوائیں استعمال کر رہے ہوں۔ اور مریض پھر بھی ٹھیک نہ ہو۔ تو آپ کو غور کرنا چاہیئے۔ کہ بیمار کو معمولی کھانسی ہے یا اس کی کوئی اور وجہ ہے۔ ہو سکتا ہے کہ مریض بدپرہیز ہو۔ یا اس کو دق کی کھانسی ہو۔ یا کوئی ایسا سبب ہو کہ جو آپ کی سمجھ میں نہ آتا ہو۔ بہر حال اگر پرانی ہوتی جائے اور معمولی رجوع شافی نہ دے۔ حبوب وغیرہ فائدہ نہ کریں۔ تو آپ تقسیم دیں یا کف سیرپ ٹی سی ایف کا استعمال کرائیں۔ یا مندرجہ ذیل نسخہ دیں جو پرانی کھانسی میں بے حد مفید ثابت ہوتا ہے۔

نسخہ پرانی کھانسی

ایمونیا کاربا	سوڈا بائیکارب	سوڈا سیلی سلاس	ٹنکچر کیمفر کو
۵ گرین	۱۰ گرین	۱۵ گرین	۳۰ منم
وائینم ایپکاک	ایکسٹریکٹ گلسرائزا لیکوئیڈ	سیرپ ٹولو ایٹ وساکا	
۱۰ منم	۳۰ منم	۸ ڈرام	
ایکوا منتھا پپ			
۱ اونس			

یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک دن میں تین بار دیں۔ ہر خوراک کے دو گھنٹہ بعد سلفا میرازین دو عدد سوڈا بائیکارب برابر ملا کر دے دیا کریں۔ خدا کے فضل سے

چند یوم میں کھانسی کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ یہ نسخہ نئی کھانسی کو بھی بہت مفید ہے۔ اگر مریض کو پھر بھی آرام نہ آئے تو پنسلین کے انجکشن لگائیے۔ یہ نئی و پرانی کھانسی اور نزلہ زکام کی بنیاد اکھاڑ دیتے ہیں۔ دس لاکھ کی ایک ٹیوب لیکوڈ اطریلا کر تین تین لاکھ کے دن میں تین انجکشن کریں۔ اور حسب ضرورت ساتھ ساتھ کوئی لعوق یا گولیاں وغیرہ بھی استعمال کرتے رہیں۔ چند روز علاج کرنے سے نزلہ کھانسی کافور ہو جاتے ہیں۔ اگر مریض کو پھر بھی آرام نہ آئے اور مریض کو دیکھنے سے دق کا شبہ ہو رہا ہو یا خطرہ ہو کہ مریض کو دق نہ ہو جائے تو سٹریپٹو پنسلین آدھا گرام کا ایک انجکشن روزانہ کریں۔ اگر فائدہ کم ہو۔ تو ایک گرام کا انجکشن کر دیا کریں۔ خدا کے فضل و کرم سے کھانسی کا نام و نشان مٹ جائے گا۔ میں نے ان انجکشنوں کا بڑا تجربہ کیا ہے۔ نہ بگڑنے والی کھانسی اور ہلکا بخار ان کے استعمال سے حیرت انگیز طور پر دور ہو جاتے ہیں۔ بڑے ہی عجیب و غریب اور نہایت انجکشن ہیں۔ اس کے علاوہ بیاض سائیں بخش حصہ اول میں بھی کئی نسخے ہیں۔ وہاں دیکھ کر بوقت ضرورت استعمال کرائیں اگر اب بھی کھانسی مکمل طور پر نہ جائے، تو پھر ایکسرے لینا چاہیے۔ تاکہ یقینی طور پر معلوم ہو جائے کہ مریض دق میں مبتلا ہے۔ یا مریض کو دمہ ہے یا ورم جگر کی وجہ سے کھانسی ہے یا گلا خراب ہے جو بھی مرض معلوم ہو۔ اس کا علاج کوشش اور محنت سے کرنا چاہیئے۔

حب سعال

گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ تخم بارتنگ۔ مغز بادام۔ نشاستہ۔ شکر تیغال۔ رب السوس۔ ملائتی تخم خشخاش سیاہ۔ تخم خشخاش سفید۔ ہر ایک ۱ تولہ باریک پیس کر لعاب

بہیدانہ میں گوندھ کر چنے برابر گولیاں بنا دیں، ایک دو گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ **فوائد**۔ نزلی کھانسی نئی ہو یا پرانی کے لئے بہت مفید و مجرب ہیں۔

شربت کھانسی

ملٹھی مقشر ۳ تولہ، خشخاش سفید ۳ تولہ۔ بنفشہ ۳ تولہ، نیلوفر ۳ تولہ گاؤزبان ۲ تولہ، عناب ۲ تولہ، خبازی ۲ تولہ، پوست ۱۲ عدد۔ السی ۱۰ تولہ۔ تخم سپستاں ۱۰ تولہ۔ تخم ریحان ۱۰ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ اسپغول ۱ تولہ، لسوڑیاں ۱ تولہ۔ رات کو تین سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر مل کر صاف کر لیں۔ اور تین پاؤ کھانڈ، ایک پاؤ شہد ملا کر شربت بنا دیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: نئی و پرانی کھانسی کے لئے بہت مفید ہے اس کے ساتھ کوئی لعوق یا گولیاں وغیرہ استعمال کرا دیں۔ تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ خوراک تین تولہ صبح و شام قدرے پانی ملا کر پی لیا کریں۔

شربت بانسہ

ملٹھی مقشر ۱۰ تولہ۔ گاؤزبان ۲۰ تولہ۔ تخم خطمی ۲۰ تولہ، خبازی ۲۰ تولہ، بنفشہ ۲۰ تولہ نیلوفر ۲۰ تولہ، گلو سبز ۱۰ تولہ (یا) گلو خشک ۷ تولہ، برگ بانسہ ۴۰ تولہ، خشخاش سفید ۶ تولہ۔ پوست ۶ عدد۔ رات کو تین سیر پانی میں بھگو کر صبح مل کر صاف کر کے کھانڈ سفید ایک سیر ملا کر قوام کریں۔

فوائد۔ نئی و پرانی کھانسی۔ نزلہ زکام پرانے بخار اور دق کی کھانسی کیلئے

بہت مفید ہے۔ خوراک ۲ تولہ۔ صبح و ۲ تولہ شام قدرے پانی ملا کر پی لیا کریں۔

قیصوم

قیصوم کا ذکر باغیں سائیں بخش حصہ اول میں آچکا ہے۔

کف سیرپ ٹی بی ایف

یہ شربت بھی کھانسی کے لئے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ خوراک ایک چمچہ درمیانہ صبح، دوپہر، شام قدرے پانی ملا کر دیں۔

سٹرپٹو پنسلین

یہ نہایت مفید و اکسیر انجکشن ہیں جو کھانسی و ابتدائے دق میں جادو کی طرح اثر کرتے ہیں۔ ½ و ۱ گرام کے ہوتے ہیں۔ بقدر ضرورت ڈسٹلڈ واٹر ملا کر ٹیکہ روزانہ بازو یا سرین کے عضلات میں کر دیا کریں۔ وہ نوجوان عورت یا مرد جن کو کھانسی کی وجہ سے دق کا خطرہ ہو فوراً یہ انجکشن لگا دیں اور اس کے حیرت انگیز اثرات دیکھیں۔

علاج دِق و سِل

اگر مریض کو ہلکا ہلکا بخار رہتا ہو۔ پرانی کھانسی ہو، مریض دن بدن لاغر ہوتا جائے۔ اس کو خون آتا ہو۔ خاندان میں پہلے کسی کو دق کا مرض ہو چکا ہو۔ سٹیتھس کوپ لگانے سے کڑکڑ کی آواز (کریپی ٹیشن) آتی ہو۔ تو سمجھ لیں۔ کہ مریض پھیپھڑے کی دق میں مبتلا ہے۔ اور مندرجہ ذیل علاج شروع کریں۔ جو نہایت مجرب و اکسیر ہے۔ پہلے درجہ اور دوسرے درجہ تک تو مرض کو

بالکل ختم کر دیتا ہے۔ اس کے بعد بھی مریض حب "کف" استعمال کرتا رہے۔ اور سوائے معمولی کھانسی کے باقی تمام عوارضات نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔ صبح و شام قرص صدر ۱ عدد ہمراہ شربت اعجاز ۲ تولہ پانی ملا کر کھا لیا کریں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بعد رمی فان دو گولی صبح و دوپہر و شام یعنی دن میں تین مرتبہ کھا لیا کریں۔

اس کے گھنٹہ بعد ہیکاڈیکس ایک گولی صبح دوپہر شام یا جب موقعہ ملے کھا لیا کریں۔ اگر آپ نے وہ کشتہ جات جن کا ذکر پہلے آچکا ہے تیار کئے ہوں تو ساتھ ہی وہ بھی مریض کو دیتے جائیں۔ میں خود اس علاج کے ساتھ وہ مرکب کشتہ (جس میں سونا چاندی وغیرہ پڑتا ہے) بھی استعمال کرتا ہوں۔ اس کشتے کے علاوہ اور بھی کئی کشتے ایسے مذکور ہو چکے ہیں۔ جو دق کے لئے بہت مفید و مجرب ہیں۔ اگر آپ یہ مرکب علاج کریں گے۔ تو انشاء اللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ اگر بیمار زیادہ مریض ہو یا اس کو اس نسخہ سے پوری طرح آرام نہ آئے۔ یا بیمار امیر آدمی ہو۔ اور زیادہ روپے خرچ کر سکتا ہو۔ تو اس علاج کے ساتھ ساتھ سٹریپٹو مائسین کا آدھا انجکشن صبح اور آدھا شام بھی کر دیا کریں۔ ایک دو دن بعد پورا انجکشن ایک ہی دفعہ کر دیا کریں۔ ۴۰ انجکشن لگا دیں۔ اگر مریض پورے طور پر اب بھی ٹھیک نہ ہو۔ تو انجکشن جاری رکھیں۔ اس علاج سے مریض عموماً ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اگر مریض قرص صدر اور انجکشن اکٹھے برداشت نہ کرے۔ تو قرص بند کر دیں۔ ان قرصوں میں چونکہ افیون ہوتی ہے۔ اس لئے بیمار بعض اوقات برداشت نہیں کرتے۔ قرص مسلسل استعمال نہ کریں۔ چند دن کھلا کر بند کر دیں۔ اگر کھانسی زیادہ ہو تو پھر شروع کر دیں۔ غرضیکہ کبھی شروع کر دے اور کبھی بند کر دے۔

اگر گرمیوں کے دن ہوں اور مریض گرمی کی زیادہ شکایت کرے۔ تو عرق سرطان ۵ تولہ۔ عرق شیرہ تولہ وغیرہ بھی دیتے رہیں نہایت مفید ثابت ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ سریشہ ماہی ۳ ماشہ دودھ میں ملا کر پلانا اچھا اثر کرتا ہے۔ واٹربری کمپونڈ یا ایلگزر نیگوڈین کمپونڈ جن کا ذکر بیاض سائیں بخش حصہ اول میں ہو چکا ہے۔ اس مرض میں طاقت کیلئے بہت مفید ہیں،

عرقوں کا استعمال کرنا ہو تو صبح و شام قرص صدر ۱ عدد۔ عرق سرطان ۵ تولہ شربت اعجاز یا شربت سرطان ۲ تولہ لا کر دیں۔ مریض کو دودھ۔ ابلا ہوا انڈا۔ گھی۔ مکھن۔ گوشت بکرا۔ مرغا۔ بٹیرا۔ فروٹ خوب دیتے رہیں۔ اگر معدہ کمزور ہو تو تریاق معدہ روٹی کے بعد صبح و شام ۳ ماشہ دے دیا کریں اس کا نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اول میں درج ہو چکا ہے۔ مریض کو آرام سے لٹائیں رکھیں۔ جماع نہ کرنے دیں،

قرص صدر

بیاض سائیں بخش حصہ اول میں درج ہے۔ وہاں دیکھیں،

رمی فان

یہ انگریزی گولیاں ہیں پھیپھڑے کے دق کے لئے بہت مفید و مجرب ہیں۔ بیمار کو کم از کم تین گولی دینی چاہیئے۔ خوراک دو گولی صبح اور دوپہر و شام دیں۔

بیکاڈیکس

یہ بھی انگریزی گولیاں ہیں رمی فان کے ساتھ طاقت کیلئے استعمال کی

جاتی ہے۔ خوراک ایک گولی صبح۔ دوپہر۔ شام مریض کو پچاس گولی دینی چاہیئے

سٹرپٹو مائسین

پھیپھڑے کی دق۔ آنتوں کی دق۔ خنازیر یعنی گلٹیوں کی دق کے لئے بہت مفید و مجرب انجکشن ہیں۔ بلکہ جسم کے جس حصہ میں بھی دق کا مادہ ہو، ان کے استعمال سے ختم ہو جاتا ہے بشرطیکہ مرض آخری درجہ میں نہ پہنچا ہو۔ اس درجہ میں بھی جب تک ان کا استعمال کیا جائے۔ مریض تندرست رہتا ہے۔ اور شہرت کا باعث بنتا رہتا ہے۔ پہلے آدھا انجکشن صبح لگائیں۔ آدھا شام پھر ایک انجکشن ایک دفعہ ہی کر دیا کریں۔

شربت سرطان

سرطان مغسول ۱۰ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۲ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۰ تولہ۔ عناب ۱۰ دانہ۔ لسوڑھیاں ۲۵ دانہ۔ تخم خطمی ۱ تولہ۔ تخم خبازی ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۱ تولہ۔ بنفشہ ۱ تولہ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ اصل السوس مقشر ۹ ماشہ۔ بہیدانہ ۶ ماشہ۔ رات کو ماء الجبن ۱۰ سیر میں جو گدھی کے دودھ سے تیار کیا گیا ہو۔ بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کریں۔ اور ایک سیر کھانڈ ملا کر قوام کریں۔ آخر قوام میں سریشم ماہی عرق گاؤزبان ۵ تولہ میں حل کر کے ملا دیں۔ پھر اتار کر کانچ کے مرتبان میں رکھیں،

فوائد و ترکیب استعمال ایک تولہ صبح و شام عرق سرطان ۵ تولہ یا عرق شیر میں ملا کر دیں۔ دق سل کے لئے بہت لاجواب و مفید تحفہ ہے۔

عرق سرطان

سرطان مغسول ادھ سیر۔ برگ بانسہ پاؤ پختہ۔ برگ بید سادہ یا سفیدے کے
پتے پاؤ پختہ۔ جو مقشر ادھ سیر۔ لسوڑیاں کوٹی ہوئی ۱۰ تولہ۔ تخم پالک ۳ تولہ۔
تخم بتھوا ۳ تولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ۔ تخم خبازی ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ ابریشم مقرض
۲ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ مغز کدو ۳ تولہ۔ مغز تربوز ۳ تولہ۔ مغز پیٹھہ۔ مغز
خیارین ۳ تولہ۔ مغز خربوزہ ۳ تولہ۔ ملٹھی چھلی ہوئی ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ تخم
خشخاش ۱۰ تولہ۔ پوست خشخاش ۱۰ تولہ۔ بہیدانہ ۲ تولہ۔ اسبغول ۲ تولہ۔
صندل سرخ ۳ تولہ۔ خس ۳ تولہ۔ چرائتہ ۳ تولہ۔ کاہو ۳ تولہ۔ تخم خرفہ ۳ تولہ۔ گلو سبز
۵ تولہ۔ بکاسی ۵ تولہ۔ تیل نیم ۱۰ تولہ۔ بادآورد ۱ تولہ۔ شکاکجی ۱ تولہ۔ گل غافث ۱ تولہ
تخم کشوث ۱ تولہ۔ بصرہ بستہ۔ رات کو آب نقرہ تاب ۲ سیر۔ آب طلا تاب ۲ سیر
آب آہن تاب ۲ سیر میں بھگو دیں۔ صبح کدو تازہ کا پانی ۲ سیر۔ پیٹھہ کا پانی ۲ سیر
مکو سبز کا پانی ادھ سیر۔ کھیرے کا پانی ۲ سیر۔ گدھی کا دودھ ۲ سیر ملاکر۔ زعفران
۳ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ سریش ماہی ۱ تولہ۔ ململ کے باریک کپڑے کی
پوٹلی میں باندھکر نیچہ کے منہ میں لٹکا کر سات سیر عرق کھینچیں۔

فوائد و ترکیب استعمال دق سل کے لئے بہت مفید ہے۔ خوراک ۵ تولہ
سے ۱۰ تولہ تک صبح و شام شربت اعجاز یا
شربت سرطان ملا کر دیں۔

نوٹ:۔ اگر کوئی پانی نہ ملے تو اس کی جگہ انار کا پانی۔ میتھی کا پانی۔ کاسنی
سبز کا پانی ملا سکتے ہیں۔

عرق شیر و شربت اعجاز کے نسخے مشہور ہیں ہر ایک طبیب جانتا ہے۔ اس لئے
درج نہیں کئے گئے۔ اگر آپ دیکھیں کہ اس علاج کے باوجود مریض ٹھیک نہیں
ہو سکا۔ تو پھر اس کو مشورہ دیں۔ کہ ٹی۔ بی ہسپتال چلا جائے۔ گو اس درجہ
میں ان کے مریض بھی اس وقت تک ٹھیک رہتے ہیں۔ جب تک علاج
شروع رہے۔ جب ٹیکے اور علاج بند کر دیا جاتا ہے۔ پھر مریض ویسے
کا ویسا ہی ہو جاتا ہے۔ وہ اس علاج کے علاوہ بعض مریضوں کے پھیپھڑوں
میں ہوا بھی بھرتے ہیں۔ اور کئی مریضوں کا گلے کے مقام پر اپریشن بھی کرتے ہیں
اس لئے مریض کو مشورہ ضرور دیدینا چاہیئے۔ شاید اس کی جان بچ جائے۔

علاج دمہ

یہ بڑی نامراد اور تباہ کن بیماری ہے۔ جب کسی شخص کو یہ لاحق ہو جاتی
ہے۔ تو وہ اپنے آپ کو زندہ درگور خیال کرتا ہے۔ خصوصاً دورہ کے وقت
تو وہ یوں محسوس کرتا ہے۔ کہ آج میری موت واقع ہو جائے گی۔ مطلب پہ
جتنے مریض میں نے آج تک دیکھے ہیں۔ ان میں زیادہ تر یہی کہتے ہیں۔
کہ پہلے مجھے نزلہ گرتا ہے۔ اس کے بعد سانس رک جاتا ہے۔ چند یوم تکلیف
رہنے کے بعد بلغم نکلنے لگتی ہے۔ اور آرام آجاتا ہے۔ بعض بیماروں کو بلغم کی
کثرت تکلیف دہ ہوتی ہے۔ سینہ میں خرخر ہوتی ہے۔ اور سانس بڑی
تکلیف سے آتا ہے۔ بعض کو بلغم بالکل نہیں آتی۔ اور ایک دم سانس تکلیف
سے آنے لگتا ہے۔ اور اس طرح رہ کر کچھ دیر کے بعد آرام آجاتا ہے۔ اس
کے علاوہ اور بھی کئی وجوہات سے دمہ کی بیماری ہو جاتی ہے۔ جس سے ہر طبیب
واقف ہے۔ مگر زیادہ تر مذکورہ بالا قسم کے بیمار ہی دیکھنے میں آتے ہیں۔

صبح و شام معجون دمہ ۶ ماشہ ہمراہ شربت دمہ ۲ تولہ پانی ملا کر دن میں دو دفعہ پلا دیں، اس کے گھنٹہ دو گھنٹہ بعد ڈلٹرین نیلے رنگ والی ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک شام کو دیں، یا ڈلٹرین کی جگہ الیفریکس ایک ایک درمیانہ چمچہ صبح دوپہر و شام کو دیں۔ یا اطفال ایک ایک چھوٹا چمچہ دن میں تین بار دیں۔ یا اسماسال ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ پانی دیں۔

رات کو اطریفل مقوی دماغ ۱ تولہ کھلا دیا کریں۔ اگر کھانسی کی تکلیف ہو تو کسی عرق یا پانی کے ساتھ دیں۔ اور اگر اس وقت آرام ہو تو دودھ کے ساتھ دیدیا کریں، یہ نسخہ کم از کم پندرہ یوم کا دینا چاہیئے، اس کے ساتھ کشتہ جات میں سے کشتہ سونا، چاندی، کشتہ مروارید، کشتہ ابرک، یا اور کشتہ مرکب بھی استعمال کرادیں۔ تو نہائت اچھا اثر ہوتا ہے۔ اور میں تو اکثر طب یونانی و شناسی و ڈاکٹری کو مرکب کرکے علاج کرتا ہوں۔ اور ایسے ایسے مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جن کی صحت کی کوئی امید نہیں ہوتی، اگر مریض کو اس وقت دورہ شروع ہو تو پھر ڈلٹرین و الیفریکس وغیرہ کی بجگہ فیری نن دیں۔ پانچ قطرہ سے لیکر دس قطرہ تک ذرا سا پانی ملا کر صبح دوپہر و شام دیں یا اس کی جگہ ڈلٹرین مٹی رنگ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام دیں، اسماسال جس کا ذکر پہلے آچکا ہے۔ بھی دورہ روکنے کے لئے مفید ہے پہلی دوائیں بھی دورہ روکنے کے لئے مفید ہیں۔ پہلی دوائیں بھی دورہ روکتی ہیں مگر فیری نن اس مقصد کے لیے سب سے عمدہ چیز ثابت ہوئی ہے۔ اگر مریض غریب ہو تو دورہ روکنے کے لئے ریفیڈرین کی ایک گولی صبح ایک رات کو دیں۔ بڑی سستی اور بڑی مفید ہے۔ اگر مریض کا ہاضمہ خراب ہو تو جوارش جالینوس ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام روٹی کے بعد دیں۔ قبض کا ضرور خیال رکھیں، اگر مریض کو اطریفل مقوی دماغ کے کھانے سے ٹٹی نہ آئے تو دو اڑھائی تولہ اطریفل زمانی کھلا دیں۔ یا انگریزی دوائی بروک لیس ایک ٹکیہ رات کو سوتے وقت دیدیں۔ بہتر تو یہ ہے کہ ہفتہ میں ایک بار مریض کو کوئی ملین دوا دے دینی چاہیئے۔ تاکہ اس کا معدہ و آنتیں روی فضلات سے صاف ہوتی رہیں۔ دورہ روکنے کے لیئے ایک نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں بھی درج ہے۔ جس کا استعمال فوراً دورہ کو روک دیتا ہے۔ ایفڈرین کا انجکشن بھی اسی وقت دورہ کو روک دیتا ہے دورہ کو روکنے کے لیئے جوشاندے بھی بہت مفید ہوتے ہیں۔ اگر اور کوئی دوائی نہ ملے تو جوشاندا دے دیں۔ مگر اس میں السی، انجیر جیسی دوائیں ضرور شامل کرنی چاہئیں۔ بلغم خشک ہونے کا ڈر ہو۔ تو جوشاندا میں شیرہ مغز بادام ۷ دانہ شامل کرکے دیں۔ اس کے علاوہ لعوق بھی دمہ میں بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔ مگر اتنی جلدی نہیں جتنی جلدی انگریزی دوائیں فائدہ کرتی ہیں!

معجون دمہ و شربت دمہ

یہ دونوں نسخے بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں درج ہو چکے ہیں۔

ڈِلکٹرین

یہ دو قسم کی گولیاں ہوتی ہیں۔ ایک نیلے رنگ کی ہوتی ہیں۔ اور مستقل

فائدہ کرتی ہیں۔ دوسری ٹکیا لے زنگ کی ہوتی ہیں۔ اور دورہ روکنے کے لیے فائدہ مند ہیں۔ دونوں بہت ہی مفید گولیاں ہیں۔ جن کو میں اکثر استعمال کرتا ہوں۔ خوراک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی دورہ روکنے کے لئے جوشاندے بھی بہت مفید ہوتے ہیں۔ اگر اور کوئی دوا نہ ملے تو جوشاندا دے دیں۔ مگر اس میں السی۔ انجیر جیسی دوائیں ضرور شامل کرنی چاہیے۔ بلغم خشک ہونے کا ڈر ہو تو جوشاندا میں شیرہ مغز بادام شامل کر کے دیں۔ اس کے علاوہ لعوق بھی دمہ میں بہت مفید فائدہ ثابت ہوتے ہیں۔ مگر اتنی جلدی نہیں۔ جتنی جلدی انگریزی فائدہ کرتی ہیں۔

البفرلیکس

یہ شربت کی شکل کی دوائی ہے۔ جو دمہ کے لئے اکسیر ہے۔ ایک ایک چمچہ درمیانہ صبح دوپہر و شام پلا دیں۔

اسما سال

یہ بھی انگریزی گولیاں ہیں۔ جو دمہ کے لئے مجرب ہیں۔ خوراک ۱ گولی ۱ صبح دوپہر و شام ہمراہ پانی دورہ کی حالت میں اور بغیر دورہ کے دونوں صورتوں میں مفید ہے۔

بوکاڈائن

یہ بھی بہت مفید دوائی ہے۔ جو دمہ کے لئے مجرب ہے۔ خوراک ایک چمچہ درمیانہ صبح دوپہر و شام۔

فیری نن

دمہ کا دورہ روکنے کے لئے اس سے زیادہ مفید دوائی میں نے آج تک نہیں دیکھی۔ پانچ دس قطرے دیتے ہی یوں معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے دوزخ سے نکال کر بہشت میں پھینک دیا ہے۔ بڑی عجیب و غریب اور اکسیر صفت دوائی ہے۔ ایک شیشی استعمال کرنے سے دورہ روکنے کے علاوہ کافی دن دورہ نہیں ہوتا۔ خوراک پانچ قطرہ سے دس قطرہ تک ذرا سا پانی ملا کر دیں۔ دن میں تین بار صبح دوپہر و رات سوتے وقت۔

الیفڈرین

یہ بڑی سستی گولیاں ہیں۔ جو دمہ کا دورہ روکنے کے لئے بہت مفید و مجرب ہیں۔ دورہ کے وقت ایک گولی پانی کے ہمراہ کھلا دیں۔

ڈلٹاسٹیب

یہ ایک نئی ایجاد ہے۔ جو پرانے اور بار بار ہونے والے نزلہ زکام اور اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے دمہ کے لئے اکسیر ہے۔ سخت تکلیف دہ دمہ اور تباہ کن نزلہ زکام کی بنیاد اکھیڑ دیتا ہے۔ بہت سے ایسے مریض جو ہر طرف سے مایوس ہو چکے تھے۔ اس حیرت انگیز ایجاد سے صحتیاب ہو چکے ہیں۔ دوائی بے حد مفید ہے۔ مگر اس کو صرف امیر آدمی استعمال کر سکتا ہے پچپن روپیہ کی ایک شیشی ملتی ہے جس میں صرف تیس گولیاں ہوتی ہیں۔ مگر اس کے فوائد دیکھے جائیں تو یہ قیمت ہیچ معلوم ہوتی ہے۔ خوراک پہلے آدھی گولی

صبح آدھی گولی شام کھائیں۔ ہفتہ بعد ایک گولی صبح ایک گولی شام کھائیں، دو شیشی استعمال کریں۔

ظفرول

اس کا ذکر بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں ہو چکا ہے۔

علاج درد گردہ

درد گردہ و درد قولنج اتنی تکلیف دہ امراض ہیں کہ بڑے بڑے جوان ان سے نڈھال ہو کر چیخنے لگتے ہیں۔ درد گردہ کا مریض جب مطب پر آتا ہے تو عموماً اس کی کمر جھکی ہوئی ہوتی ہے۔ ہاتھ گردے کی جگہ ہوتا ہے۔ پیشاب تھوڑا تھوڑا بار بار آتا ہے۔ کسی کو پیشاب کے ساتھ خون بھی آتا ہے۔ مریض کبھی کبھی کنکر یا ریت کا آنا بھی بیان کرتا ہے۔ جب اس مرض کا بیمار آپ کے پاس آئے تو عموماً اس کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ طبیب میری درد کو بند کر دے۔ بعض ناتجربہ ڈاکٹر و طبیب گھبرا کر فوراً مارفیا کا انجکشن کر دیتے ہیں۔ اور قطعاً نہیں دیکھتے کہ مریض کو درد گردہ ریگی ہے یا پتھری کی وجہ سے۔ اور آیا مریض کو قولنج ہے یا درد گردہ۔ قبض ہے یا نہیں ہے۔ اِدھر مریض آیا اُدھر فوراً انجکشن کر دیا جس کا نتیجہ بعض اوقات اتنا خراب ہوتا ہے کہ مریض کو سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لئے جب درد گردہ کا کوئی مریض آپ کے پاس آئے تو آپ فوراً اُسے حقنہ (انیما) کر دیں۔ جب پیٹ صاف ہو جائے اور آپکو یقین ہو جائے کہ مریض کو کنکر کی وجہ سے درد گردہ ہے تو حقنہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل علاج کریں پہلے ڈیپرو ہین لیکس دو سی سی کا انجکشن کریں۔ اگر

زیادہ آرام نہ آئے تو ایک سی سی گھنٹہ دو گھنٹہ بعد اور کر دیں۔ تین سی سی ایک دفعہ بھی کر سکتے ہیں۔ یہ انجکشن مارفیا سے زیادہ مفید اور بے ضرر ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سفوف حجر الیہود ۶ ماشہ

تخم خیارین ۶ ماشہ - تخم خربزہ ۶ ماشہ - بھکھڑا ۶ ماشہ - کلتھی ۳ ماشہ ہمراہ

پانی میں سردائی کیطرح پیس کر شربت بزوری ۴ تولہ یا کھانڈ ۲ تولہ ملا کر صبح شام دیں۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی ڈی ونٹس پانی کے ساتھ کھلا دیا کریں۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو ایک گولی صبح ایک گولی شام دیں۔ اگر سفوف حجر الیہود موجود نہ ہو تو انگریزی دوائی لیتھیا سائٹراس ایک ایک چائے کا چمچہ پانی میں ملا کر جوش کی حالت میں پی لیں اور دن میں روزانہ تین دفعہ استعمال کرتے رہیں۔ بڑی مفید دوائی ہے۔ اور فوری درد گردہ کو بند کرتی ہے۔ ڈیپرو ہین لیکس کی جگہ مارفین اینڈ ہیڑو پین کا انجکشن بھی درد گردہ بند کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ بلکہ مارفیا کا انجکشن سوائے درد قولنج کے ہر قسم کا درد بند کرنے کیلئے بہت مجرب ہے۔ یہ سب بنائے انجکشن یا گولیوں کی شکل میں بازار سے مل سکتے ہیں ایک انجکشن مریض کی درد بند کرنے کیلئے کافی ہے۔ مگر اتنا یاد رکھیں کہ لاغر و کمزور بیمار کو کبھی یہ انجکشن نہیں کرنا چاہیئے۔ بعض اوقات خطرناک ثابت ہوتا ہے۔ سفوف ریٹھہ بھی درد گردہ بند کرنے کیلئے تریاق ہے بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ علاوہ ان دو سفوفوں کے اور بھی ایک دو نسخے بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں درج ہو چکے ہیں۔ بوقت ضرورت استعمال فرماویں۔ بہت ہی مجرب و اکسیر ہیں۔ اگر مریض انجکشن پسند

نہ کرے۔ یا آپ ٹیکہ کرنا نہ جانتے ہو تو دوسری دوائیں دیں۔ اُن سے بھی آرام آجایا کرتا ہے۔ اگر خدانخواستہ مریض کو فائدہ محسوس نہ ہو۔ جو بہت کم اتفاق ہوتا ہے۔ تو مندرجہ ذیل آبزن کرائیں فوری فائدہ ہوگا۔

نسخہ آبزن

گل ٹیسو تخم خربزہ پوست خربزہ حب قرطم پرسیاؤشان
پاؤ ۱۰تولہ ۱۰تولہ ۵تولہ

تخم سویا ۵ تولہ سب کو بیس سیر پانی میں جوش کرائیں اور ایک ٹب میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھا دیں۔ اگر کوئی دوائی بھی اُس وقت کھلا دیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ بعض دفعہ مریض کو اتنی سخت قے ہوتی ہے کہ کوئی دوائی ہضم ہی نہیں ہوتی۔ ایسی حالت میں ٹیکہ زیادہ مفید ہوتا ہے۔

نسخہ انیما یعنی حقنہ

پانی گرم اسیر۔ سنلائٹ صابن ایک تولہ نمک دیسی ۶ ماشہ کسٹر آئیل ۲ تولہ ملا کر پچکاری میں ڈالکر بطریق معروف پچکاری کریں۔

ڈیپروبین لیکس انجکشن

یہ دس سی سی کی ایک شیشی ہوتی ہے۔ تین سی سی تک بڑے اور طاقتور آدمی کو انجکشن کر سکتے ہیں۔ بازو یا سرین کے عضلات میں ٹیکہ کریں۔ مریض کو نیند آجائیگی۔ اور درد قطعاً محسوس نہیں ہوگا۔

حکیم حاجی علی ضیاءاحمد

مارفیا و ایٹروپین کا انجکشن

یہ شیشی میں بند ایک ٹیکہ ہوتا ہے۔ توڑ کر حسب دستور کریں۔ یا گولی لے کر ایک چمچہ میں تھوڑا سا پانی ڈالکر اس میں گولی کو جوش دیں۔ پھر ٹھنڈا کرکے انجکشن کر دیں۔ کمزور و لاغر مریض کو کبھی یہ انجکشن نہ کریں۔

نسخہ سفوف حجر الیہود

اس کا نسخہ بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں گزر چکا ہے۔

لیتھیا سائیٹراس

یہ ایک انگریزی دوائی ہے۔ جو سفید رنگ کی ہوتی ہے۔ ایک چمچہ چھوٹا پانی میں ملا کر دن میں تین بار دیں کھل کر پیشاب آئیگا اور چھوٹی موٹی پتھری خارج ہو کر درد بند ہو جائیگا۔

ڈی وِٹس

یہ گولیاں درد گردہ و ریگ و پتھری کو خارج کرنے کیلئے بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہیں۔ ایک ایک گولی صبح و راتکو سوتے وقت کھا لیا کریں۔

نوٹ

اگر درد گردہ ریح کی وجہ سے ہو تو ریح خارج کرنے کیلئے اسکا نسخہ استعمال کریں۔ حب قرطم و کرفس والا نسخہ جس کا ذکر بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں ہو چکا ہے۔ درد گردہ ریحی کیلئے مجرب و تحفہ ہے۔

کسی اور وجہ سے درد ہو تو اس کا علاج کریں۔ ورم گردہ کیوجہ سے بھی کافی درد ہؤا کرتا ہے۔

علاجِ قولنج

اگر آپکے پاس کوئی ایسا مریض آئے جو یہ کہے کہ مجھے تین چار روز سے ٹٹی نہیں آئی۔ پیٹ میں نفخ ہے۔ ہوا خارج نہیں ہوتی۔ اور سخت درد ہو رہا ہے۔ تو آپ سمجھ لیجئے کہ مریض کو سُدہ کیوجہ سے درد قولنج ہے۔ بڑے بڑے جوان اس حالت میں سفید چہرہ اور گھبرائے ہوئے ہوتے ہیں۔ ایسے مریض کو کبھی جلاب نہ دیں۔ بلکہ فوراً اینما کریں۔ جس کا نسخہ درد گردہ میں مذکور ہو چکا ہے۔ اگر پیٹ میں ہوا زیادہ ہو تو تورغن تارپین الولہ اسی حقنہ کے نسخہ میں بڑھا دیں۔ سُدہ خارج ہو کر مریض تندرست ہو جائیگا۔ اینما یعنی حقنہ تیار ہونے تک اگر آپ گلیسرین کی پچکاری لگا دیں یا گلیسرین کی بتی پاخانہ کی جگہ رکھ دیں۔ تو بہتر ہے۔ کئی مریض اسی سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر بیمار زیادہ گھبرا رہا ہو تو قلبی تسکین کے لئے جوارش کمونی الولہ یا جوارش جالینوس ۷ ماشہ یا کوئی سفوف ہاضمہ رنزیح شکن آپ دے دیں تو کوئی حرج نہیں کچھ نہ کچھ مفید ہی رہتا ہے۔ اگر سدے نہ خارج ہوں تو آدھ گھنٹہ بعد پھر حقنہ کر دیں۔ اگر پھر بھی پاخانہ نہ آئے تو آپکو غور کرنا چاہیئے۔ کہ درد کی کوئی اور وجہ مثلاً ورم وغیرہ تو نہیں یا یہ کہ مریض کی آنتوں میں پیچ تو نہیں پڑ گیا۔ تاکہ آپ غلطی نہ کھائیں۔ میں نے چند ایک ایسے مریض بھی دیکھے ہیں۔ جن کو سخت قسم کا قولنج تھا۔ بے شمار قئیں آتی تھیں۔ اپھارہ بہت تھا۔ پیٹ پتھر کی طرح سخت تھا۔ اینما کرنے سے بھی کچھ خارج

نہیں ہوتا تھا۔ مریضوں کو ہسپتال بھی بھیج دیا۔ انہوں نے بھی بہت کوشش کی مگر نتیجہ سوائے موت کے کچھ نہ ہؤا۔ جس سے معلوم ہؤا کہ مریض کی آنتوں میں پیچ پڑ گیا تھا۔ اس لئے اگر اب کوئی ایسا مریض آئے جس کو ایسی علامات ہوں۔ اور حقنہ سے سُدّے خارج نہ ہوں تو میں اُس کو ہسپتال جانے کا مشورہ دے دیا کرتا ہوں۔ تاکہ بدنامی نہ ہو۔ ایسے مریضوں کو کبھی جلاب نہیں دینا چاہیئے۔ بلکہ میں تو آپ کو تاکید کرتا ہوں کہ قولنج کے کسی مریض کو کبھی جلاب نہ دو ہاں جب حقنہ کرنے سے سُدّے وغیرہ خارج ہو جائیں تو پھر جلاب دینا بہت مفید ہوتا ہے۔ میں ایک مریض پر گیا جس کی ہوا قطعاً بند تھی۔ پیٹ میں سخت اپھارہ تھا۔ درد کی شدت سے مریض نڈھال ہو رہا تھا۔ پیٹ سدوں اور پاخانے سے بھرا ہوا تھا۔ ایک ڈاکٹر اور ایک حکیم اپنی پوری کوشش کر چکے تھے۔ حقنہ کرنے کے باوجود مریض کو کچھ نہیں آرام آیا تھا۔ میں نے جب مریض کا معائنہ کیا تو معلوم ہؤا کہ اس کو فتق کیوجہ سے قولنج ہے۔ اس کی آنت خصیہ کی تھیلی میں اتری ہوئی تھی۔ کنج ران کی جگہ ابھری ہوئی تھی۔ میں نے مریض کو چارپائی پر لٹا دیا اور پیٹ و کنج ران پر گھی کی مالش کر دی اور گرم پانی ڈالکر آنت کو پیٹ کی طرف چڑھا دیا۔ اس کے بعد پٹی باندھ کر حقنہ کر دیا۔ مریض کو اتنے سُدے و پاخانہ خارج ہؤا کہ ڈھیر لگ گیا۔ ڈاکٹر صاحب و لوگ حیران ہو گئے اور اتنی شہرت ہوئی کہ میں خوشی سے پھولا نہیں سماتا تھا۔ اس کے بعد بھی چند بار مجھے ایسے مریضوں کا اتفاق ہو چکا ہے۔ خدا کے فضل سے ہر بار کامیابی ہی ہوئی ہے۔ خیر جب آپ حقنہ کر چکیں اور سُدے وغیرہ خارج ہو جائیں تو پھر مندرجہ ذیل جلاب

جلاب دیں۔ جو فوائد کے لحاظ سے اپنی نظیر نہیں رکھتا۔

مسہل قولنج

اسارون	جڑ اذخر	جڑ کرفس	جڑ سونف
۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ
اجوائن دیسی	تخم کرفس	حب قرطم	مویز منقی
۶ ماشہ	۳ ماشہ	۱ تولہ	۹ دانہ
انجیر زرد	تخم سداب	چھلکا جڑ ارنڈ	سنائے مکی
۵ عدد	۶ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ

جوش دے کر صاف کر کے شکر سرخ ۴ تولہ۔ کسٹرآئیل ولائتی ۴ تولہ ملا کر تین حصہ کر لیں ہر آدھ گھنٹہ بعد ایک حصہ دیں۔ سدے۔ ریح پاخانہ وغیرہ سب خارج ہو جائیگا۔ پینے کیلئے مریض قولنج کو ہمیشہ گرم پانی یا عرق سونف دیں۔ سرد پانی ہرگز نہ دیں۔ جب پیٹ صاف ہو جائے تو چند روز استعمال کرنے کیلئے جوارش کمونی یا جوارش جالینوس دے دیں تاکہ معدہ و آنتیں اپنی اصلی حالت پر آجائیں۔

نوٹ:۔ مریض کو غذا بالکل نہ دیں۔ جب آرام آجائے تو بکرے یا مرغ کا شوربہ پلا دیں اور چند یوم بعد روٹی شروع کریں۔ اگر ورم امعاء یا اپنڈے سائیٹس یا صرف ریح یا صرف ریح کیوجہ سے قولنج ہو تو اس کا علاج کریں۔ ریح کی حالت میں کپڑا گرم پانی میں بھگو کر نچوڑ کر تارپین کا تیل ڈالکر ٹکور کرنا از حد مفید و مجرب ہے۔

ضعف باہ یعنی سستی نامردی

آج کل ملیریا کی طرح اس مرض کے بھی بے شمار مریض مطب پر آتے رہتے ہیں۔ جن میں سے اکثر کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اور شاذ و نادر ہی کوئی مریض ناکامیاب رہتا ہے۔ علاج لکھنے سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ اس مرض کے متعلق تیس سال میں جو تجربہ مجھے حاصل ہوا ہے۔ اپنے طبیب بھائیوں کی بھلائی کے لئے یہاں بالتفصیل بیان کر دوں۔ سنیئے جب بندہ نے پریکٹس شروع کی تو ضعف باہ کے مریض بھی مطب پر آنے لگے۔ میں مختلف کتابوں سے نسخے تیار کر کے مریضوں کو دیتا۔ مگر کامیابی بہت کم نصیب ہوتی۔ جب کسی نسخہ کو تیار کرتا تو اس کی لمبی چوڑی تعریف دیکھ دل یہ کہتا کہ یہ سو فیصدی کامیاب ثابت ہوگا۔

مگر جب کوئی نسخہ تیار کیا جاتا تو سوائے شاذ و نادر مریضوں کے اکثر ناکام رہتے جس سے سخت پریشانی ہوتی کہ آخر وجہ کیا ہے۔ اجزاء اچھے ہیں مریض نے باقاعدہ علاج کیا ہے۔ پھر کیا وجہ ہے کہ کامیابی نہیں ہوتی۔ آخر جوئندہ یابندہ میں نے اپنے چچا سے دریافت کہ بابا صاحب ایسے مریضوں کا کسطرح علاج کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہی کشتے معجون گولیاں وغیرہ استعمال کرتے تھے اور اکثر مریض کامیاب ہو جاتے تھے ایک مریض کا انہوں نے نام بتایا کہ وہ بالکل نامرد تھا اور سب حکیم و ڈاکٹر جواب دے چکے تھے۔ بابا صاحب نے اس کا علاج کیا اور وہ راضی ہو گیا میں نے اس مریض کو بلایا اور سب طریق علاج دریافت کیا۔ اس نے کہا

کہ پہلے تو وہ دوائیں وغیرہ دیتے رہے تھے۔ پھر جس روز مجھے عورت کے پاس بھیجا تھا شراب کے ساتھ کوئی دوائی دی تھی۔ میں نے اور مریضوں سے بھی دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ علاج کرنے کے بعد جب مریض کو عورت کے پاس بھیجتے تھے تو عام طور پر شراب یا کوئی ایسی چیز ضرور دیتے تھے۔ یہ بات سن کر ہم نے اس پر خوب غور کیا۔ اور چند مریضوں پر اس کا تجربہ بھی کیا۔ آخر وہ راز میری سمجھ میں آ گیا۔ جس کی وجہ سے مریض کامیاب ہوتے ہیں یا ناکام رہتے ہیں۔ یہ راز معلوم کر لینے کے بعد آج تک ہزارہا مریضوں کا علاج کر چکا ہوں۔ سوائے چند ایک کے سب مریض صحت یاب ہو کر دعائیں دے رہے ہیں۔ اب دنیا کو فانی سمجھتے ہوئے چاہتا ہوں کہ اپنا تمام تیس سالہ تجربہ طبیب بھائیوں کے سامنے ظاہر کر دوں تاکہ وہ بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ سنیئے! اور خوب غور سے سنیئے کہ وہ راز کیا ہے۔ جس کے جاننے کے بعد بندہ اس مرض کا مشہور اور کامیاب معالج تسلیم کیا جا چکا ہے۔

راز کامیابی

حکیم حاجی علی ضیاء احمد

خیالات اور عورت کا قوت باہ پر زبردست اثر ہوتا ہے۔

آپ یہ چند لفظ پڑھ کر حیران ہوں گے کہ یہ کون راز ہے جو کسی کو معلوم نہیں مگر میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ عام طبیب اس چیز سے ناواقف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ کتابوں سے جب بڑے بڑے معجون وغیرہ تیار کر کے مریضوں کو استعمال کراتے ہیں اور مریض پھر کامیاب نہیں ہوتے تو وہ فوراً یہ کہتے ہیں کہ تعریف تو نسخہ کی بہت کی ہوئی ہے مگر

نتیجہ صفر ہے۔ حالانکہ معاملہ برعکس ہوتا ہے۔ ان کو خود معلوم نہیں ہوتا کہ مریض کیوں کامیاب نہیں ہوا۔ آج تک جتنے بیمار میری نظر سے گزرے ہیں وہ عموماً چار قسم کے ہوتے ہیں

(۱) ایسے مریض جن کا معدہ۔ جگر۔ دل۔ دماغ وغیرہ کمزور ہوتا ہے۔ خون کم پیدا ہوتا ہے اور اس کے ساتھ باہ کمزور ہوتی ہے۔ ایسے مریض بڑی آسانی سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ جب اصل مرض کا علاج کیا جاتا ہے اور خون جسم میں بڑھ جاتا ہے تو مریض کی قوت باہ بھی ٹھیک ہو جاتی ہے۔

۲۔ وہ مریض جو بھنگ۔ پوست۔ افیون جیسی منشیات استعمال کرتے ہیں جوانی میں تو کام ٹھیک رہتا ہے۔ مگر عمر بڑھنے کے بعد اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں۔ نشہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ تو وہ یہ سمجھتے ہیں کہ باہ کمزور ہو گئی ہے۔ حالانکہ جب نشہ کم کر دیا جاتا ہے۔ اور ساتھ ساتھ مقوی اعصاب دوائیں دی جاتی ہیں تو یہ مریض بہت جلدی تندرست ہو جاتے ہیں۔

۳۔ تیسری قسم اُن مریضوں کی ہے جو کثرت جماع۔ مشت زنی۔ نئی نئی عورتوں کو پھانسنے کی حرص اور خلاف وضع فطری کے عادی ہوتے ہیں یہی قسم آج کل زیادہ ہے۔ اور اکثر طبیبوں کے مطب پر جو مریض ضعف باہ کے آتے ہیں۔ ان میں سے اسی فیصدی لوگوں میں انہیں اسباب میں سے کوئی نہ کوئی سبب پایا جاتا ہے۔ ان مریضوں کے حالات مختلف ہوتے ہیں۔ بعض تو یہ کہتے ہیں کہ شہوت ٹھیک ہے انزال جلد ہو جاتا ہے۔ بعض کو ضعف باہ کے ساتھ ساتھ سرعت انزال کی شکایت بھی ہوتی ہے بعض مریضوں کو شہوت بالکل نہیں آتی بعض کو اس کے ساتھ

ساتھ جریان و احتلام کی بھی شکایت ہوتی ہے۔ بعض ان تکالیف کیساتھ ساتھ قبض اور معدہ کی بھی شکایت کرتے ہیں۔ بعض یہ کہتے ہیں کہ اپنے گھر یا کسی مخصوص عورت پر تو ٹھیک رہتا ہے مگر باہر یا جس عورت پر چاہوں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

علاج

اگر مریض کو جریان و احتلام وغیرہ کی شکایت ہو تو پہلے اس کا علاج کریں صبح و شام تریاق احتلام ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ارتی ۱ رتی ملا کر ہمراہ دودھ دیں رات کو سوتے وقت گارڈینل اگرین کی ایک گولی پانی کے ساتھ دے دیا کریں پہلے روز ہی سے احتلام کا ہونا بند ہو جاتا ہے۔ پندرہ بیس روز یہ نسخہ استعمال کر کے گولیاں بند کر دیں اور صرف تریاق احتلام یا اسی قسم کی مغلظ منی دوائیں پندرہ بیس روز اور استعمال کریں۔ خیالات صاف رکھیں۔ مریض کو تمام شہوت انگیز باتوں سے بچنے کی ہدایت کریں۔ اس کے ساتھ لہسن۔ پیاز۔ سرخ مرچ وغیرہ گرم چیزوں اور ترش و تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ جریان و احتلام کے لئے چند نسخے جو میرے مجرب ہیں۔ "بیاض سائیں بخش" حصہ اول میں مذکور ہو چکے ہیں۔ تریاق احتلام کا نسخہ بھی بیاض حصہ اوّل میں دیکھ لیں۔ یہ علاج جریان و احتلام کی جڑ اکھیڑ دیتا ہے اور بڑا ہی مجرب و زود اثر ہے۔ احتلام کے لئے تو تیر بہدف ہے اگر مریض کمزور ہو تو گارڈینل کی آدھی گولی دے دیا کریں۔ اسی مطلب کیلئے حب جریان مذکورہ "بیاض سائیں بخش" حصہ اول بھی اکسیر ہے۔ جب مریض کا احتلام وغیرہ ختم ہو جائے تو پھر معجون

بہار جوانی یا معجون شباب یا مفرح سائیں بخش میں سے کوئی چیز شروع کریں۔ یہ تینوں معجون بیاض حصہ اول میں درج ہیں۔ نسخہ اسطرح دیں۔ صبح و شام بہار جوانی ا تولہ ہمراہ دودھ دے دیا کریں۔ حب شباب ایک گولی صبح ایک شام روٹی کے بعد دے دیا کریں۔ ان گولیوں کی جگہ انگریزی گولیاں بھی استعمال کیا کرتا ہوں مثلاً وگرون سلور ایک ایک یا دو دو گولی روٹی کے بعد دیں یا ڈامیانہ پلز ایک ایک یا دو دو گولی روٹی کے بعد دیں یا جیبوونن ایک ایک گولی روٹی کے بعد دیں۔ یا بی جی ناس کا ایک ایک درمیانہ چمچہ صبح و شام روٹی کے بعد دیں اس کے ساتھ ساتھ کوئی طلاء بھی استعمال کریں۔ طلاء سائیں بخش اس کام کیلئے بہترین طلاء ہے۔ اگر ٹیسٹو ویرون کا انجکشن بھی ساتھ کیا جائے تو بے حد مفید ثابت ہوتا ہے اس کے علاوہ اور مقوی باہ و مجرب نسخے بیاض سائیں بخش حصہ اوّل میں مذکور ہو چکے ہیں۔ اپنی عقل کے مطابق استعمال کریں۔ اس کے بعد جب اس مریض کو پہلی بار عورت کے پاس بھیجیں تو اس کو آدھ پاؤ شراب اصلی شام کے وقت پلا دیں جب اس کو نشہ ہو تو کہیں کہ عورت کے پاس جائے یقینی طور پر کامیاب ہوگا۔ دو تین دفعہ اسی طرح شراب پلا کر بھیجیں پہلی دفعہ ہی کامیاب ہو کر اسے یقین آ جائیگا کہ میں صحتیاب ہو گیا ہوں۔ اس کے بعد شراب کی ضرورت نہیں رہیگی۔ دوسری چیز جو ان مریضوں کے لئے ضروری ہوتی ہے وہ عورت کا پیار ہے عموماً ایسے مریضوں کی عورتیں ان سے متنفر ہوتی ہیں اور ان کی عدم توجہی اور نفرت کیوجہ سے نامرد مریض بالکل ختم ہو جاتا ہے۔ اس لئے جب ہم پہلی دفعہ علاج کرنے کے بعد مریض کو عورت کے پاس بھیجنا ہو تو اس کی بیوی کو کسی عورت کی معرفت یا اس کی کسی

رشتہ دار کے ذریعہ اچھی طرح سمجھا دیں کہ وہ نہایت محبت و پیار سے پیش
آئے اور اس کو دوران مجامعت کہے کہ آج تو تم ٹھیک ہو یہ ہو وہ ہو۔
ساتھ ہی بے حد محبت کرے۔

میرا تیس سالہ تجربہ ہے کہ اگر مریض کے خیالات تبدیل ہو جائیں اور
وہ سمجھنے لگے کہ میں ٹھیک ہو گیا ہوں۔ تو وہ اکثر کامیاب ہو جاتا ہے۔ بغرضیکہ
جسطرح بھی ہو سکے اُسے ایک دو دفعہ عورت پر کامیاب کرا دو چاہے شراب
یا افیون یا کوئی ممسک گولی ہی کیوں نہ استعمال کرانی پڑے اس کے ساتھ
ساتھ یہ بات بھی ذہن میں رکھیں کہ عورت کا محبت سے پیش آنا بھی بہت
سے نامردوں کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوا ہے۔ ان دواؤں کے علاوہ جن
کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں۔ کشتہ سونا۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ شنگرف۔ کشتہ فولاد
کشتہ فولاد و شنگرفی۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ سہ دھاتہ و مرکب
کشتہ جات جن کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اپنی عقل کے مطابق استعمال کریں۔
بیاض سائیں بخش "حصہ اول و دوم میں کئی نسخے مقوی باہ ہیں۔ حسب
حال نہایت غور و خوض سے استعمال کرا دیں۔ اگر مریض کو بالکل شہوت نہ آتی
ہو تو طلاء ضرور استعمال کریں۔ خاص طور پر ایسے مریضوں کو ایسا طلا استعمال
کرا دیں جو خراش کن ہو مگر اس بات کا خیال رکھیں کہ زخم نہ ہو جائے بلکہ مریض
کو کہہ دیں کہ صبح طلا استعمال کرو جب جلن یا گرمی زیادہ معلوم ہو تو اتار دیں۔ میں
نے بے شمار مریضوں کو اسطرح بھی ٹھیک کیا ہے۔ راز اس میں یہ ہے کہ طلاء
کی خراش سے شہوت ضرور آتی ہے۔ جب شہوت پیدا ہو تو مریض کو کہہ
دیں کہ ضرور عورت کے پاس چلا جائے۔ اس طرح ایک دو دفعہ مریض کا
کامیاب ہونا۔ اس کی تسلی کر دیگا اور وہ اپنے آپ کو مرد سمجھنے لگ جائیگا۔

بغرضیکہ جس طرح بھی ہو سکے مریض کو ایک دو دفعہ عورت پر کامیاب کرا دو تاکہ
اس کا یہ خیال دماغ سے نکل جائے کہ میں نامرد ہوں۔

مشہور کیمیکل ورکس منٹگمری "تعارف"

یہ ایک مشہور اور قدیمی کمپنی ہے۔ جو تقریباً دو صد سال سے فیروز پور شہر
مشرقی پنجاب میں قائم تھی۔ لہٰذا نتیجہ انقلاب کی وجہ سے کارکنان ادارہ نہایت
بے سروسامانی کی حالت میں منٹگمری آکر مقیم ہو گئے۔ مگر تباہی اور بربادی کی
وجہ سے اپنے مہربانوں کی کوئی خدمت نہ کر سکے۔ یہ کمپنی پہلے پنجاب کے مشہور
حکیم شاہیوں کے سردار کشتہ سازی کے سب سے بڑے ماہر طبیب زمانی
وتشہ تیغ المطب کے مصنف لقمان الملک حکیم سائیں بخش صاحب مرحوم کی
زیر نگرانی فیروز پور شہر میں خلق خدا کی خدمت کرتی رہی ہے۔ ان کے فوت ہونے
کے بعد حاذق الحکماء حکیم حاکم علیخاں صاحب اس کی سرپرستی فرماتے رہے۔
اور پنجاب کے گوشے گوشے میں اس کمپنی کی دواؤں نے وہ نام پیدا کیا
کہ دنیا دنگ رہ گئی۔ صرف پنجاب بلکہ ہندوستان کے تمام صوبوں اور
بیرونی ممالک میں بھی اس ادارہ سے لوگ دوائیں منگاتے رہے۔ اب
حکیم حاکم علی صاحب کے فوت ہونے کے بعد ان کے خلف الرشید حکیم و ڈاکٹر
غلام سرور خاں صاحب بھی اس کمپنی کے نگران ہیں۔ اور انہیں کی زیر نگرانی
یہ کمپنی دن دوگنی رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔ پورے پاکستان میں اس کمپنی
کی دواؤں نے وہ نام پیدا کیا جو کسی اور ادارہ کو نصیب نہیں۔ سب سے بڑی خوبی
جو دواخانہ کو حاصل ہے یہ ہے کہ اس میں تمام مرکبات۔ مثلاً اطریفل جوارشیں
خمیرہ جات۔ معجونات۔ گولیاں۔ عرق۔ شربت۔ کشتے۔ قیمتی توتیاں وغیرہ۔

خالص اور مکمل اجزاء سے ماہر دوا سازوں کی نگرانی میں تیار کئے جاتے ہیں اور باوجود اس کے قیمتیں بازار سے ارزاں ہوتی ہیں۔ اس لئے اگر آپ کو یونانی مرکبات یا مندرجہ فہرست ہذا میں سے کسی دوا کی ضرورت لاحق ہو تو اپنے قریبی شہر یا قصبہ میں سے مشہور کیمیکل یا مشہور دہلی دواخانہ منٹگمری کی تیار کردہ دوائیں خرید فرمائیں۔

پنجاب کے مشہور حکیم ہر قسم امراض کی امید گاہ مطب ماہور حکیم

مطب

حکیم و ڈاکٹر غلام سرور خاں صاحب بھٹی فیروزپوری سند و سنہری تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی۔ صدر بازار منٹگمری ؁

معزز ناظرین:۔ ہندوستان و پاکستان کا شاید ہی کوئی ایسا ہو گا جو لقمان الملک استاذ الاطباء حکیم سائیں بخش صاحب مرحوم سنیاسی فیروزپوری مصنف طب آزمائش و تشریح الطب کے نام نامی سے واقف نہ ہو۔ حکیم صاحب کی حیرت انگیز تشخیص اور جادو اثر نسخوں کی تمام اطراف ملک میں دھوم مچی ہوئی ہے۔ حکیم سائیں بخش کے فوت ہونے کے بعد ان کے فرزند ارجمند حاذق الحکماء حکیم حاکم علی صاحب مرحوم ان کے جانشین ہوئے اور ان کی طبی شہرت پنجاب کے گوشے گوشے میں حیرت انگیز طور پر پھیل گئی۔ حکیم حاکم علیخاں صاحب کے فوت ہونیکے بعد ان کے لڑکے حکیم و ڈاکٹر غلام سرور خانصاحب بھٹی حاذق الطب والجراحت سند و سنہری تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی اپنے باپ اور دادا کی جگہ پر خلق خدا کی خدمت کر رہے ہیں۔ حکیم صاحب نے سکول سے فارغ ہونیکے بعد اپنے والد صاحب و دیگر علماء سے تمام علوم عربی و فارسی طب کی تعلیم حاصل کی۔ اور اپنے والد صاحب کے مطب پر ہزاروں مریضوں کی تشخیص اور علاج دیکھتے رہے۔ پھر حکیم جناب اجمل خانصاحب کے طبیہ کالج میں تعلیم حاصل کرنے کیلئے گئے۔ وہاں خدا کے فضل و کرم سے تمام ہندوستان کے طبیبوں میں سے ہر

سال ہر امتحان میں اول آتے رہے۔ کالج نے آپ کو ہر سال وظیفہ و انعامات دیئے۔ اور آخری سال ہسپتال میں بطور معالج مقرر کیا۔ حکیم صاحب نے وہاں ہزارہا مریضوں کا علاج کر کے شہرت حاصل کی پھر آپ نے باپ دادا کی گدی پر تشریف فرما کر وہ نام پیدا کیا۔ کہ صرف چند سالوں میں پنجاب میں سے مریض جوق در جوق علاج کرانے کیلئے آتے رہے۔ اور فیروزپور میں عام لوگ بڑے حکیم صاحب کے نام سے یاد کرتے تھے۔ اب اس خونین انقلاب کیوجہ سے فیروزپور سے ہجرت کر کے منٹگمری یعنی ساہیوال میں مقیم ہو گئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہاں بھی مریض دور دور سے منٹگمری آ کر اس حکیم و ڈاکٹر و سنیاسی کی حیرت انگیز تشخیص اور زود اثر نسخوں اور کئی پشتوں کے تجربے کئے ہوئے کمالات سے فیض حاصل کر رہے ہیں۔ اس لئے اگر آپ حکیموں و ڈاکٹروں کا علاج کراتے کراتے مایوس ہو چکے ہیں تو ایکدفعہ منٹگمری تشریف لا کر حکیم صاحب سے مشورہ حاصل کریں۔ حکیم صاحب ہر پرانی سے پرانی و خطرناک سے خطرناک مرض کا علاج نہایت غور و خوض اور محنت سے کرتے ہیں۔

ضروری نوٹ

حکیم سائیں بخش صاحب کو فوت ہوئے تیس سال ہو چکے ہیں اور ان کے لڑکے حکیم حاکم علیخاں صاحب کو فوت ہوئے چھبیس سال ہو چکے ہیں۔ اب اس خاندان میں حکیم حاکم علیخاں صاحب مرحوم کے لڑکے صرف حکیم غلام سرور خاں بھٹی سند و سنہری تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی علاج معالجہ کرتے ہیں اور کوئی نہیں اور وہ منٹگمری سے باہر ہرگز نہیں جاتے اگر آپ حکیم صاحب کا علاج کرانا چاہیں۔ تو صرف منٹگمری آ کر علاج کرا سکتے ہیں حکیم غلام سرور خاں کے چچے حکیم جگنشیر علی صاحب و حکیم سردار علی صاحب انکے پاس ہی رہتے ہیں۔ باہر ہرگز نہیں جاتے۔ حکیم سردار علی صاحب کی کوئی اولاد نہیں۔ حکیم جگنشیر علی صاحب کا صرف ایک چھ سال کا لڑکا ہے ؛؛

طب یونانی کی بے مثال کتاب

جواہرِ نایاب

بندہ جب طبیہ کالج دہلی سے سند حاصل کر کے فیروزپور پہنچا تو ایسے معلوم ہوتا تھا کہ میں ایک بڑا طبیب بن گیا ہوں مگر جب مطب شروع کیا تو ایسے معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کچھ جانتے ہی نہیں تمام کتابیں حافظوں کیطرح زبانی یاد تھیں کالج میں ہر سال اوّل درجے پر کامیاب ہوتا رہا تھا۔ مگر اس کے باوجود تشخیص میں کئی مشکلات پیش آتی تھیں۔ علاج کرتے وقت بے شمار رکاوٹیں معلوم ہوتی تھیں اس وقت دل میں خیال تھا کہ کوئی ایسی کتاب ہونی چاہیئے جو طالب علموں اور طب کے نئے شائقین کے لئے رہبر کا کام دے سکے سو خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تیس سال مطب کرنے کے بعد میں وہ کتاب لکھنے میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ اس کتاب میں تشخیص مرض کے ایسے عمدہ طریقے بیان کئے گئے ہیں کہ ہر پڑھا لکھا آدمی باسانی صحیح تشخیص کر سکے گا۔ امراض کی صحیح تشریح لکھنے کے علاوہ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ مطب پر جب کسی مرض کا مریض آتا ہے۔ تو اس میں عموماً کیا علامات ہوتی ہیں۔ کس طریقہ پر علاج کرنا چاہیئے۔ عموماً مریضوں میں کیا کیا امراض ہوتی ہیں۔ ان باتوں کے علاوہ میں نے اپنا تیس سالہ تجربہ اور اپنے خاندانی تمام مجربات اس میں بلا بخل درج کر دیئے ہیں۔ کتاب کیا ہے تشخیص کیلئے کامل رہبر اور مجربات کے لحاظ سے ایک بے بہا خزانہ ہے۔ بہت جلد شائع ہو رہی ہے۔

خادمِ طب

حکیم حاجی علی ضیاءاحمد

بیاضِ سائیں بخش (حصۂ اوّل)

یہ کتاب حکیم سائیں بخش صاحب مرحوم مصنف طبِ آزمائشی و تشریح المطب کی وہ صدری بیاض ہے جس کا ایک ایک نسخہ حاصل کرنے کیلئے طبیب سینکڑوں روپے پیش کیا کرتے تھے۔ اس میں تقریباً تمام مشہور امراض کے وہ مجرب المجرب نسخے درج ہیں جو کبھی خطا نہیں کرتے، جس نسخہ کو بھی آپ آزمائیں گے تیر بہدف پائیں گے، یہ بیاض پہلے صرف حکیم سائیں بخش صاحب کے خاندان کے پاس محفوظ تھی۔ اب حکیم غلام سرور خاں سند و سنہری تمغہ یافتہ طبیہ کالج دہلی نے دنیا کو فانی سمجھتے ہوئے اس کو شائع کر دیا ہے۔ تاکہ سب طبیب ان انمول موتیوں سے فائدہ حاصل کر سکیں،

قیمت معہ محصول ڈاک مجلد للعہ روپیہ بغیر جلد ۳/ے